ڈاکٹر ایس ایم ظفر

جوہرِ ہومیوپیتھی

جسمانی عوارض کی مخصوص علامات اور اُن کی
مجرب ہومیوپیتھک ادویات

ہومیوپیتھک ڈاکٹر فتح شیر

نام کتاب ______ جوہر ہومیوپیتھی
مصنف ______ ہومیوپیتھک ڈاکٹر فتح شیر
اشاعت ______ سنہ ۱۹۹۳ء
قیمت ______ ۱۰۰ روپے
طابع ______ پیپ بورڈ پرنٹرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ راولپنڈی

ناشر:۔ الفتح ہومیوپیتھک دواخانہ، عابد مجید روڈ ۔ راولپنڈی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تعارف

ہومیوپیتھک طریقۂ علاج میں میٹیریا میڈیکا سے واقفیت نہایت ضروری ہے اگر اس میں درج ادویات کی تمام علامات یاد ہوں تو پھر کسی معاون کتاب کی ضرورت نہیں رہتی۔ تجربہ شاہد ہے کہ ادویات کی تعداد بڑھ جانے سے اکثر معالجین کے لیے ان کی جملہ علامات یاد رکھنا مشکل ہو گیا ہے۔ اس لیے معاون کتب کی ضرورت محسوس ہوتی ہے تاکہ میٹیریا میڈیکا کے استعمال میں سہولت پیدا ہو۔

چونکہ ہومیوپیتھک ادویات کی علامات میں خاص عام اور نادر علامات سب ہی شامل ہوتی ہیں۔ اس لیے ان کی چھان بین کی ضرورت محسوس ہوتی ہے تاکہ خاص اور نادر علامات کو عام اور عضوی یا مقامی علامات پر ترجیح دی جا سکے اور اس طرح علاج کے لیے بالمثل دوا کا انتخاب کیا جا سکے۔

علم العلاج پر یہ کتاب بطور رہنما تالیف کی گئی ہے۔ اس بات کو مدِنظر رکھا گیا ہے کہ کوئی اہم نمایاں اور نادر علامت شامل ہونے سے رہ نہ جائے۔ یہ کتاب ہومیوپیتھک ڈاکٹروں کو میٹیریا میڈیکا کی اہمیت سے بے نیاز نہیں کرتی۔ بلکہ اس کے شوق کو بڑھاتی ہے۔

اس کتاب میں اہم علامات کو لغت کی طرز پر درج کر دیا گیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ علامات کو کم سے کم وقت میں دیکھا جا سکے۔ اس لحاظ سے یہ تالیف ہومیوپیتھک ڈاکٹروں کے علاوہ اُن لوگوں کے لیے بھی مفید ہے جو اس طریقۂ علاج میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ انشاء اللہ یہ کتاب ہومیوپیتھی میں ایک قابلِ قدر اضافہ ہو گی اور اہلِ فن تجویزِ نسخہ میں اسے ممد معاون پائیں گے

فتح شیر
الفتح ہومیوپیتھک دواخانہ
عابد مجید روڈ مغل آباد۔ راولپنڈی

۲۱ دسمبر ۱۹۸۵ء

فہرست

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَاِذَا مَرِضۡتُ فَھُوَ یَشۡفِیۡنِ ○

(الشعرآء)

اَور جب بیمار ہو جاتا ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے۔

①

علامات کی پہچان

علامات کو نہایت احتیاط سے لیجئے۔ علامات حقیقی، نمایاں اور مستقل نوعیت کی ہوں اور یہ مرض کی بجائے مریض کو بیان کرتی ہوں۔ اس مقصد کے لیے مریض سے کئی سوالات پوچھنے کی ضرورت ہے۔ آپ کو پختہ یقین ہونا چاہیے کہ آپ علامات کو بالکل وہی سمجھ رہے ہیں جو کہ مریض بیان کر رہا ہے۔

اوقات

صبح

اضافہ، تمام علامات میں صبح سویرے، صبح جاگنے کے بعد۔
نکس وامیکا۔ لیکیسس۔ نیٹرم میور

اضافہ صبح کے وقت
سلفر، نیٹرم میور، لیکیسس، ایلوز، پوڈوفائیلم۔ ٹیوبرکلینم

صبح سے شام تک
میڈورینم

۱۰ بجے سے ۱۱ بجے تک
نیٹرم میور

۱۱ بجے
سلفر۔ نیٹرم کارب

۱۲ بجے
سلفر

دوپہر

۱ بجے سے ۲ بجے تک
آرسنک البم

۳ بجے
بیلاڈونا۔ تھوجا

بعد دوپہر

اضافہ بعد دوپہر
آرسنک، ایپس، بیلاڈونا۔ لائیکو پوڈیم

۴ بجے سے ۸ بجے تک
لائیکو پوڈیم، ہیلی بورس۔ سفلینم

۴ بجے سے ۹ بجے تک
کالوسنتھ۔ میگنیشیا فاس

شام

اضافہ شام کے وقت
ایکونائٹ، پلسا ٹیلا، کالی سلف

شام سے آدھی رات تک
فاسفورس

شام سے صبح تک تکالیف بڑھیں۔ مریض رات سے ڈرے۔
سفلینم

رات

ساری رات
مرک سال، آرسنک البم۔ رسٹاکس سفلینم۔ سلفر، نائٹرک ایسڈ، میزریم فائیٹولیکا

رات درد بڑھ جائیں
مرک سال۔ فائٹولیکا

رات کے وقت نیز بستر کی گرمی سے اضافہ
مرک سال۔ میزریم۔ لیڈم پال

	کیفیت	دوا
	رات بھر بے چینی رہے اور لمحہ بھر سکون سے نہ لیٹ سکے۔	کاسٹیکم، یوپیٹوریم پرف۔ رسٹاکس
	آدھی رات سے پہلے تکالیف میں اضافہ	فاسفورس، پلساٹیلا۔ رسٹاکس
	آدھی رات کو تکالیف	آرسنک البم، سلفر
	آدھی رات کے بعد اضافہ	آرسنک البم۔ کالی کارب۔ رسٹاکس۔ بیلاڈونا
	۹ بجے	برائی اونیا
	۹ بجے سے ۱۲ بجے تک	کیمومیلا
	۱۲ بجے رات	سلفر
	۱۲ بجے سے ۲ بجے تک	آرسنک البم
	۲ بجے سے ۴ بجے تک	کالی کارب
	۳ بجے	بیلاڈونا۔ تھوجا
سورج	سورج طلوع ہونے سے غروب ہونے تک۔	نیٹرم میور، سپائیجیلیا
	سورج ڈوبنے سے طلوع ہونے تک	کالچیکم

اوقات (وقفہ)

تکلیف ایک معینہ وقت پر ظاہر ہو۔	سیڈران
سردرد ایک مقررہ وقت پر ہوتا ہو۔	سیڈران۔ کالی بائی
بخار ایک مقررہ وقت پر آتا ہو۔	سباڈیلا سیلیشیا سٹرامونیم
کھانسی ایک مقررہ وقت پر ہو۔	سباڈیلا۔ لائیکوپوڈیم
اسہال ایک مقررہ وقت پر آتے ہوں۔	سباڈیلا۔ تھوجا۔ ایپس
تکلیف ہر دوسرے دن ظاہر ہو۔	چائنا۔ نیٹرم میور۔ ایلومینا
ہر دوسرے دن کھانسی ہو۔	نکس وامیکا۔ اناکارڈیم
ہر دوسرے دن دانت درد ہو۔	کیموملا۔ نیٹرم میور
ہر دوسرے دن نیند دیر سے آئے۔	لیکیسس
تکلیف ہر تیسرے دن ظاہر ہو۔	آرسنک البم۔ یوپیٹوریم پرپرا
تکلیف ہر چوتھے دن ظاہر ہو۔	آرسنک البم
تکلیف ہر ساتویں دن ظاہر ہو۔	آرسنک البم سلفر فاسفورس
ہر ساتویں دن سانس کی تکلیف ہو جائے۔	کالی کارب
ہر آٹھویں دن سانس کی تکلیف ہو جائے۔	سلفر
تکلیف ہر چودہ دن کے بعد ظاہر ہو۔	آرسنک البم۔ چائنا۔ لیکیسس
چودہ دن تندرست رہے اور چودہ دن بیمار۔	میگنیشیا میور
چھٹی کے دن سردرد ہو جائے۔	رسٹاکس

احساسات

آدمی

خیال کرے کہ کوئی اجنبی آدمی اُس کے پہلو میں بیٹھا ہے۔ — تھوجا

خیال کرے کہ کوئی آدمی اُس کا تعاقب کر رہا ہے۔ — انا کارڈیم

بادل

محسوس کرے کہ اُس پر کالا سیاہ بادل چھایا ہوا ہے جس نے اُس کو پُوری طرح ڈھانپ رکھا ہے جس کی وجہ سے ہر طرف گھٹا ٹوپ اندھیرا ہے — سمسی فیوگا

بال

زبان پر بال ہونے کا احساس ہوتا ہے اسیلشیا۔ کالی بائی: — نیٹرم میور

بچے

دو جسموں کا خیال، مثلاً عورت یہ خیال کرتی ہے کہ اس کے دو بچے ہوتے ہیں وہ حیران ہوتی ہے کہ ان کی پرورش کیسے کرے گی: — پیٹرولیم

بھراؤ

یعنی اعضا خون سے پُر ہونے کا احساس۔ — ایسکولس۔ چائنا۔ لائیکوپوڈیم

بھراؤ کا احساس خصوصاً مقعد اور بواسیری مسّوں میں — ایسکولس ہپ

برف

محسوس کرے کہ برف اُسے چھو رہی ہے یا برف کی مانند یخ سوئیاں یا گرم سوئیاں (لیکن عموماً یخ) اُس کی جلد میں لگ رہی ہیں — اگریکس

محسوس کرے کہ برف کا ٹکڑا سر کی چوٹی پر رکھا ہے یا بیک وقت سر میں، خصوصاً چوٹی میں، گرمی اور سردی موجود ہے یا جیسے دماغ ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا ہے۔ — ویریٹرم البم

بڑھنا

یہ احساس کہ وہ جسمانی طور پر ہر لحاظ سے بڑھ رہا ہے۔ — پلاٹینا

بستر

بستر سخت محسوس ہو۔ — آرنیکا۔ بپٹیشیا۔ پیٹرولیم پرف۔ پائروجینم

بستر اتنا گرم محسوس ہو کہ مریض اُس میں لیٹ بھی نہ سکے ٹھنڈی جگہ کی تلاش میں رہے۔ بستر اور کپڑے اتار دینے کی خواہش کرے۔ — اوپیم

جوبہ بہ میہ پیتھی

ببلے جب بیٹا ہو تو یہ محسوس کرے کہ وہ بستر کو نہیں چھوڑ رہا۔ بستر کے اردگرد اپنے آپ کو بکھرا ہوا محسوس کرے۔ — اسارم۔ لیک کنانم، بپٹیشیا

گردوں میں بلبلوں کی موجودگی کا احساس ہوتا ہے جو چلنے پھرنے جھٹکے لگنے سے بڑھ جاتا ہے۔ — بربرس ولگرس

بوجھ پیٹ اور رحم میں بوجھ پڑنے کا احساس ہو گویا تمام اعضا نیچے نکل پڑیں گے۔ (لیک کنانم، موریکس، سیپیا) — للیم ٹگ

بھینچنا بھینچے جانے یا گھٹن کا احساس ہو۔ — کیکٹس، کالوسنتھ، اناکارڈیم

بھوت پریت بھوت پریت اور غیر مرئی چہرے، عجیب خیالی جانور اور کیڑے دیکھتا ہو۔ — بیلاڈونا

پاگل یہ احساس کہ وہ پاگل ہو جائے گا۔ — کیمومیلا، سم سی فیوگا، سفلینم

پر سانس کی نالی میں پر موجود ہونے کا احساس ہو جس کی وجہ کھانسی اٹھے۔ — ڈروسرا

پنجرا یہ احساس کہ اسے پنجرے میں بند کر دیا گیا ہے اور پنجرے کی تاروں کو لحہ بہ لحہ بھینچا جا رہا ہے۔ — کیکٹس

پھندا یا پٹی یہ احساس کہ جسم کے کسی حصے کے اردگرد پھندا پڑا ہے یا پٹی بندھی ہے یا کند ہتھیار کا دباؤ ہے۔ — اناکارڈیم

آنکھوں سے اوپر سر کے اردگرد پٹی بندھے ہونے کا احساس (کاربالک ایسڈ۔ نائٹرک ایسڈ، سلفر) — جیلسیمم

پیٹ پیٹ میں کسی زندہ چیز کے پھدکنے کا احساس (سلفر، تھوجا) — کروکس سٹائیوا

پیٹ، رحم، معدے یا چھاتی میں زندہ چیز کے پھدکنے کا احساس — کروکس سٹائیوا

پیٹ میں خالی پن کا احساس۔ — فاسفورس

پیٹ نیچے گر جانے کا احساس، لہٰذا پیٹ کو ہاتھ سے تھامے رکھتا ہے۔

ہر حرکت پر پیٹ میں کٹنے اور ٹوٹنے کا احساس گویا پیٹ میں تیز — اپی کاک، بیکم

جوہر ہومیو پیتھی

دھار والے پتھر ہوں۔
پیٹ میں ٹھنڈے پن کا احساس
کاکولس

پانی کے قطرے یہ احساس کہ پانی کے قطرے مختلف اعضاء پر ٹپک رہے ہیں یا پانی کے قطرے مختلف اعضاء سے ٹپک رہے ہیں۔
امبراگریسیا
کنابس سٹائیوا

پھیلاؤ پھیلاؤ کا احساس تمام جسم میں یا بعض اعضاء میں (ایسکولس)
ارجنٹم نائٹریکم

تار جسم گویا تاروں میں جکڑا ہوا ہے۔
گیکٹس

تعاقب یہ احساس کہ چلتے وقت کوئی آدمی اُس کا تعاقب کر رہا ہے۔
اناکارڈیم

تکیہ احساس کہ وہ تکیوں اور گدّوں پر چل رہا ہے۔
ایلومینا

ٹانگیں احساس کہ ٹانگیں لکڑی کی بنی ہوئی ہیں۔
محسوس کرے کہ اُس کی ٹانگیں اتنی لمبی ہیں جتنا کہ مینار۔
ٹانگوں کو ہوا میں تیرتا ہوا محسوس کرے۔
تھوجا
سٹرامونیم
سٹکٹا

ٹھنڈک ٹھنڈک کا احساس پورے جسم پر یا جسم کے واحد حصہ پر
ٹھنڈک کا احساس معدے میں
ٹھنڈی جگہیں جسم کے حصوں پر
ٹھنڈک کا احساس پشت پر کندھوں کے درمیان
کلکیریا کارب آرسنک البم
کلکیریا کارب امبراگریسیا
سیپیا۔ وریٹرم البم
ایمونیا میور

جانور جانور پیٹ میں ہونے کا احساس (کروکس)
خیالی جانور اور کیڑے دیکھتا ہے نیز غیر مرئی چہرے اور بھوت پریت نظر آتے ہیں۔
خیال کرے کہ چوہے سانپ اور دوسرے جانور اُس کی طرف آرہے ہیں اور وہ خوفزدہ ہو کر اُن سے پیچھے ہٹے۔
تھوجا
بیلاڈونا
سٹرامونیم

جالا احساس کہ چہرے پر مکڑی کا جالا ہے جسے صاف کرنے کے لیے زبردست کوشش کرتا رہتا ہے۔ (برائٹا کارب۔ بوریکس۔ ریننکولس۔ برومیم)
گریفائٹس

جلن

جلن کے احساس کی رہنما ادویات — آرسنک، سلفر — فاسفورس، کینتھرس
ہاتھوں، پاؤں، سر کی چوٹی میں جلن کا احساس۔ — سلفر
جلن کا احساس جسے حرارت سے آرام آئے۔ — آرسنک البم
جلن پیدا کرنے والی ادویات۔ ایپس، بیلاڈونا، کینتھرس، کیپسیکم — ایگریکس، کاربوانیملس، سلفیورک ایسڈ
پشت پر کندھوں کے درمیان جلن کا احساس (سلفر، گلونائین، لائیکوپوڈیم) — فاسفورس
جلن کا احساس ریڑھ کی پوری ہڈی میں۔ — زنکم
جلن سر کی چوٹی میں گول ٹکڑوں کی صورت میں۔ — سلفر، کلکیریا، گریفائٹس
جلن کا احساس پاؤں میں۔ — کیموملا، میڈورینم، سینی کیولا

جسم

احساس کہ جسم تین اجسام پر مشتمل ہے لہٰذا وہ ان کو کپڑے سے نہیں ڈھانپ سکتا۔ (پیٹرولیم) — بپٹیشیا
دو جسموں کا احساس — پیٹرولیم
جسم ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا ہے اور وہ انہیں جوڑنے میں لگا ہوا ہے۔ — بپٹیشیا

جکڑن

تمام جسم میں جکڑن کا احساس۔ — کیکٹس، کالوسنتھ، اناکارڈیم

چھاتی

چھاتی میں بوجھ اور دباؤ۔ ایسے محسوس ہو کہ باقی اعضاء کا خون بھی چھاتی میں بھر گیا ہے۔ لگاتار چلتے رہنے سے افاقہ محسوس ہو۔ — لوبیلا انفلیٹا
احساس کہ چھاتی کے نچلے حصے کو ایک رسی نے مضبوطی سے جکڑ رکھا ہے۔ — کیکٹس

چھلنا

چھلے جانے کا احساس — کاسٹیکم

چونا

احساس کہ معدے میں چونا بھرا ہے۔ — کاسٹیکم

چوہا

یہ خیال کہ کرسی کے نیچے سے چوہا دوڑ کر گزر گیا ہے۔ (ڈیک کتائیم، ایتھوزا) — سم سی فیوگا

چوہیا

جسم کے مختلف حصوں پر چوہیا کے دوڑنے کا احساس۔ — سیکیل کار

احساسات

جوہر ہومیوپیتھی

چیونٹیاں ہاتھوں اور کمر پر چیونٹیاں چلنے کا احساس۔ — ایلومینا
جلد پر چیونٹیاں چلنے کا احساس — سیکیل کار
چہرے پر چیونٹیاں چلنے کا احساس — نکس وامیکا

حمل ایسے معلوم ہو کہ بچہ رحم میں قلابازیاں کھا رہا ہے۔ — لائیکوپوڈیم

خالی پن خالی پن کا احساس۔ کاکوس، فاسفورس، سیپیا، اگنیشیا — سلفر
سر میں اور دیگر اعضاء میں خلا کا احساس۔ — کاکوس، اگنیشیا
خلا، نقاہت اور ڈوبنے کا احساس، سر بھاتی معدے یا پیٹ میں — فاسفورس

درد عصبی درد اور سُن ہو جانے کا احساس۔ ایکونائٹ، کیمومیلا، کالمیا
نیفائیلم اور — پلاٹینا

دھڑکن تمام جسم میں دھڑکن، جسم کے تمام اعضاء میں بھراؤ کا احساس ایسے معلوم ہو کہ خون جسم کے حصوں سے پھوٹ نکلے گا (ایسکولس) — للیم ٹگ
جسم کے بہت سے اعضاء مثلاً پیٹ، منہ، بازو، انگلیوں میں دھڑکن کا احساس۔ — آئیوڈیم
دھڑکن کا احساس۔ (بیلاڈونا، گلونائین، ملی پوٹس) — للیم ٹگ
دھڑکن تمام جسم میں جو جذبات کے ابھرنے، بھڑکنے یا گانا سننے سے پیدا ہو۔ (کریازوٹ) — کاسٹیکم

دانت دانت ہلتے محسوس ہوں۔ کیمومیلا — رٹنہیا، میزیریم

دھاگہ دھاگہ کا احساس — ویلیریانہ

دمہ دمہ کی تکلیف میں گرمی کی لہریں اچانک محسوس ہوں
کپڑوں کو ڈھیلا کرے تاکہ دم نہ گھٹے۔ — لیکیسس

دور چند گز کا فاصلہ بھی بہت دور محسوس ہو۔ — کنابس انڈیکا

ڈکھن
ڈکھن، جلن اور کچے پن کا احساس — کاسٹیکم
ڈکھن کا احساس گویا کہ کوٹا پیٹا گیا ہے۔ ڈروسا۔ یوپٹیوریم پرف، پائرو جینیم — آرنیکا، بپٹیشیا

دل
دل کے قرب وجوار میں ڈوبنے کا احساس۔ — کنابس سٹائیوا
محسوس کرے کہ اگر اس نے حرکت کی تو دل کی دھڑکن بند ہو جائے گی۔ — ڈجی ٹیلس
محسوس کرے کہ حرکت جاری نہ رکھی تو دل کی دھڑکن بند ہو جائے گی۔ — جیلسیمیم
احساس کہ دل کو فولادی ہاتھ نے جکڑ رکھا ہے۔ — کیکٹس۔ آئیوڈیم
احساس کہ دل کو باری باری بھینچا اور چھوڑا جا رہا ہے۔ — للیم ٹگ

دماغ
ایسے معلوم ہو کہ دماغ سر میں ڈھیلا ہو گیا ہے اور ایک طرف سے دوسری طرف کو ڈھلکتا ہے۔ (بیلا ڈونا۔ برائی اونیا۔ رسٹاکس۔ سپائجیلیا) — سلفیورک ایسڈ
دماغ میں اتار چڑھاؤ کا احساس گویا کہ یہ لہروں کی مانند چل رہا ہے۔ — گلونائین

ڈاٹ
جسم کے مختلف حصوں میں گندہ ڈاٹ لگا ہونے کا احساس۔ — اناکارڈیم

ڈنک
ڈنک اور جلن کا احساس۔ — ایپس

رحم
محسوس کرے کہ بچہ رحم میں قلابازیاں کھا رہا ہے۔ — لائیکوپوڈیم

روح
یہ احساس کہ جسم اور روح علیحدہ ہو چکے ہیں۔ — تھوجا

زبان
زبان پر بال ہونے کا احساس۔ (سیلیشیا۔ کالی بائی) — نیٹرم میور
زبان ہونٹوں اور ناک میں سرسراہٹ کا احساس۔ — نیٹرم میور

سانس
احساس کہ ہر سانس آخری سانس ہے۔ — ایپس
محسوس کرے کہ کوئی چیز گردن سے سانس کی نالی کی طرف بڑھ رہی ہے جس سے سانس رک رہا ہے۔ — لیکیسس
سانس میں گھٹن محسوس ہوتی ہے لہذا وہ نیند سے جاگ اٹھتا ہے اور سانس میں رکاوٹ محسوس کرتا ہے۔ — سپنجیا

سانس لینے پر احساس کہ چھاتی نہیں پھیلے گی اگر انسان سانس لینے کی حاجت یہ احساس کرلیٹنے سے اس کا سانس رک جائے گا۔ لہٰذا اُسے ضرور چلتے پھرتے رہنا چاہیے۔ (امونیا کارب۔ لیکیس۔ گرنڈیلیا) — گیگنیس، لیک کنائنم

سن جسم سن ہو جانے اور عصبی درد کا احساس۔ اکونائٹ۔ کیمومیلا۔ کالمیا۔ پلاٹینا۔ نیفاٹیلم۔ — رسٹاکس

سر سر کے پھیل جانے اور دماغ کے حرکت کرنے کا احساس۔ — گلونائین
احساس کہ سر بہت پھیل چکا ہے۔ — ارجنٹم نائیٹریکم
سر کے انتہائی بڑا ہو جانے کا احساس۔ — لیکیس
محسوس کرے کہ اُس کا سر اتنا بڑا ہے جتنا کہ مٹکا۔ — سٹرامونیم
سر کی چوٹی پر بوجھ کا احساس (کیکٹس۔ گلونائین) یہ احساس عورتوں میں عموماً سن یاس میں پایا جاتا ہے۔ — لیکیس
سر کی چوٹی کھلنے اور بند ہونے کا احساس — کاکولس
یہ احساس کہ دماغ سر میں ڈھیلا ہو گیا ہے اور ایک طرف سے دوسری طرف کو ڈھلک رہا ہے۔ (بیلاڈونا۔ برائی اونیا۔ رسٹاکس) — سپائیجیلیا
محسوس کرے کہ برف کا ٹکڑا سر کی چوٹی پر رکھا ہے (سیپیا) یا جیسے کہ بیک وقت سر میں گرمی اور سردی ہے یا جیسے دماغ ٹکڑے ٹکڑے ہو رہا ہے۔ — وریٹرم البم
سر کے مختلف حصّوں میں اندرونی یا بیرونی طور پر ٹھنڈک کا احساس۔ — کلکیریا کارب
محسوس کرے کہ اُس کا سر ادھر اُدھر بکھرا پڑا ہے۔ — سٹرامونیم

سُوئیاں سرد یا گرم سوئیاں چبھنے کا احساس (عموماً سرد سوئیاں) — ایگریکس

شیشہ یہ احساس کہ جسم گویا شیشے کا بنا ہوا ہے اور جلد ٹوٹ جائیگا — تھوجا

ضمیر دو ضمیروں کا احساس۔ ایک ضمیر کسی کام کے کرنے کا حکم دیتی ہے اور دوسری منع کرتی ہے۔ — اناکارڈیم

طاقت احساس کہ وہ کسی اعلیٰ طاقت کے زیر اثر ہے۔ — تھوجا

فاصلہ چند گز کا فاصلہ بھی کئی میل محسوس ہو۔ — کنابس انڈیکا

قے

محسوس کرے کہ اگر وہ قے کرسکے تو بہتر ہوگا۔ — نکس وامیکا

پھکاپن

پھکے پن کا احساس۔ — کاسٹیکم

کمر

چھوٹی کمر اور چوتڑوں میں احساس کہ یہ جگہیں علیحدہ ہوکر گر پڑیں گی یا یہ احساس کہ ہڈیاں ٹوٹ گئی ہیں چنانچہ مریضہ ان جگہوں کو باندھ کر رکھتی ہے اور اس طرح باندھنے سے اسے آرام آتا ہے۔ — ٹریلیم

کمر میں درد اور یہ احساس کہ لیٹنے سے کمر ٹوٹ جائے گی — نکس وامیکا، برائی اونیا۔ فاسفورس

کمر درد کے دوران احساس کہ کمر ٹوٹی ہوئی ہے۔ — کالی کارب

گھٹن

گھٹن یا بھینچے جانے کا احساس۔ کیکٹس کی یہ ایک جنرل علامت ہے۔ — کیکٹس، کالوسنتھ۔ اناکارڈیم

ہر جگہ گھٹن کا احساس۔ سانس کی نالی گلے وغیرہ میں گویا مرچیں لگ رہی ہیں — کیپسیکم

گدے

یہ احساس کہ وہ گدوں اور تکیوں پر چل رہا ہے۔ — الومینا

گھر

یہ احساس کہ وہ گھر میں نہیں ہے بلکہ کسی دوسری جگہ پر ہے۔ — برائی اونیا۔ اوپیم

گلا

سانس کی نالی میں پر موجود ہونے کا احساس جس سے کھانسی اٹھے — ڈروسرا

گلے میں مچھلی کا کانٹا یا سخت تنکا موجود ہونے کا احساس۔ (ارجنٹم نائٹ۔ نائٹرک ایسڈ) — ہیپر سلفر۔ الومینا

محسوس ہوتا ہے کہ کوئی چیز گلے کی طرف آرہی ہے اور اس کی وجہ سے گلے میں گھٹن یا سخت کھانسی ہوتی ہے۔ — سانا

گیند

پیشانی میں گیند کی موجودگی کا احساس پایا جاتا ہے جو سر کے ہلانے سے بھی نہیں ہلتی۔ — سٹفی سائیگریا

مثانے میں گیند کے لڑھکنے کا احساس۔ — لیکیسس

احساس کہ وہ گیند پر بیٹھا ہے۔ امعائے مستقیم اور مقعد میں سوجن کا احساس۔ — کنابس انڈیکا

جوہر ہومیو پیتھی

لکڑی جب چلے تو ایسے محسوس ہو کہ اعضا لکڑی کے بنے ہوئے ہیں۔ — تھوجا

لرزہ اندرونی طور پر لرزنے کا احساس، لرزہ بیرونی طور پر نظر نہیں آتا۔ — سلفیورک ایسڈ

لیٹنا جب لیٹا ہو تو یوں محسوس کرے کہ بستر کو نہیں چھو رہا۔ — لیک کنائیم۔ اسارم

معدہ
معدے میں کبھی شدید جلن اور کبھی سردی کا احساس۔ — کالی کیم
معدہ نیچے لٹکا ہونے کا احساس۔ — سٹانی سائیگیریا
معدے میں زبردست کمزوری کا احساس۔ — اگنیشیا
معدے میں ٹھنڈے پن کا احساس۔ — امبرا گریسیا۔ کلکیریا کارب
معدے میں ڈوبنے کا احساس۔ سیپیا۔ جیلیڈونیم۔ اگنیشیا۔ ہائیڈراسٹس — فاسفورس

مقعد
مقعد اور امعائے مستقیم میں سوجن کا احساس۔ محسوس کرے گویا گیند پر بیٹھا ہے۔ — کنابس انڈیکا
مقعد میں جلن کا احساس پاخانے کے بعد آرسنک البم، کموجیا۔ آئرس ورس، — کیپسیکم
مقعد میں کند ڈاٹ لگا ہونے کا احساس۔ — اناکارڈیم

محبت شوہر، بچوں اور عزیزوں سے محبت کا احساس مٹ جائے۔ — سیپیا

مکانات خیال کرے کہ ارد گرد کے مکانات آگے بڑھ کر اُسے کچل دیں گے۔ — ارجنٹم نائٹ

نقاہت
نقاہت کا احساس۔ فاسفورک ایسڈ — جیلسیمم، پکرک ایسڈ
سر، معدے پیٹ، چھاتی میں نقاہت، ڈوبنے اور خلا کا احساس۔ — فاسفورس

وقت وقت بہت لمبا محسوس ہو۔ چند لمحے بھی بہت لمبے محسوس ہوں۔ (ارجنٹم نائٹ) — کنابس انڈیکا

ہڈی
ہڈیوں کے دُکھنے کا احساس۔ — یوپیٹوریم پرف
ریڑھ کی پوری ہڈی میں جلن کا احساس۔ — زنکم

ہوا خیال کرے کہ وہ روح کی مانند ہوا میں منڈلا رہا ہے۔ جب چلتا ہے

لیک کنائنم

تو ایسے محسوس ہوتا ہے گویا ہوا میں چل رہا ہے (اسارم) اپنے آپ کو ہوا میں تیرتا ہوا محسوس کرتا ہے۔

ویلیریانہ

اپنی ٹانگوں کو ہوا میں تیرتا ہوا محسوس کرتا ہے۔

سٹکٹا

نیز وہ اپنے آپ کو بڑا ہلکا محسوس کرتا ہے گویا وہ چارپائی پر نہیں بلکہ ہوا میں لیٹا ہے۔

اِخراجات

پانی کی مانند

پانی کی طرح پتلے اِخراجات (یوفیریریا۔ آرم ٹریفائیلم) — آرسنک البم، ایلیم سیپا
پتلے، شفاف اِخراجات۔ — نیٹرم میور
پتلے اِخراجات، بدبودار، تیزابی۔ — نائٹرک ایسڈ

گاڑھے

گاڑھے اخراجات (کالی سلف۔ ہائیڈراسٹس) — پلساٹیلا
انڈے کی سفیدی کی مانند بلغم۔ — سٹینم

لیسدار

لیسدار، چپکنے والے، تاردار، سخت (ہائیڈراسٹس، آرس ورس، بووسٹا) — کالی بائی، کالی میور
بلغم اور ناک کا مواد چپکنے والا، لیسدار (ہائیڈراسٹس، کینتھرس، کوکس کیکٹائی) — کالی بائی
لیسدار شہد کی مانند رطوبات۔ — گریفائٹس

بدبُو

شدید بدبودار اخراجات
کاربو ویج۔ گریفائٹس۔ بیپٹیشیا۔ کاربالک ایسڈ۔ میوریٹک ایسڈ — پائروجینیم، سورنیم، کالی فاس
شدید بدبُودار اخراجات جبکہ اعصابی کمزوری بھی ہو۔ — کالی فاس
تمام جسمانی رطوبات مردار کی طرح شدید بدبودار۔ گلے سڑے گوشت جیسی بدبو جسم سے بدبُو کا بھبھوکا اٹھے۔ — سورنیم
اخراجات شدید بدبُودار۔ پاخانے شدید بدبُودار بخار میں بدبُودار پسینہ تعفن — پائروجینیم
شدید بدبُودار اخراجات۔ نیز منفعد سے سخت بدبُودار ریاح خارج ہو۔ — کاربو ویج
بدبودار اخراجات۔ پاخانہ اور ریاح گندے انڈوں کی طرح بدبودار۔ — آرنیکا
شدید بدبُودار اخراجات۔ اسہال، پیشاب پسینہ وغیرہ سخت بدبُودار — نائٹرک ایسڈ، بیپٹیشیا
شدید بدبُودار اخراجات۔ منہ ناک گلے سے یا عورت کے اعضائے تناسل سے خارج ہوں۔ — کاربالک ایسڈ
شدید بدبودار اخراجات۔ تیزابی جلن دار اور چھیلنے والے بدبودار اخراجات جو تیزابی ہوتے ہیں۔ — کریازوٹ

سادہ

سادہ اخراجات جو خراش پیدا نہ کریں۔ (سیپیا۔ نیٹرم سلف) — پلساٹیلا۔ کالی سلف

اخراجات

تیزابی

تیزابی رطوبتیں جو جگہ کو چھیل دیتی ہیں اور سرخ کر دیتی ہیں۔
تیزابی رطوبتیں خارش، جلن، سرخی اور سوزش پیدا کریں۔ (کریازوٹ)
تیزابی رطوبتیں شدید بدبودار، چھیلنے والی۔
تیزابی رطوبتیں لیکن پانی سے گاڑھی۔
تیزابی پانی کا ناک اور منہ سے بہنا جس سے ہونٹ چھل جائیں
(لیک کنائینم۔ آرم ٹریفائیلم)
تیزابی پانی ناک کی نوک سے نکلے (آرسنک آئیوڈائیڈ)
تمام رطوبات تیزابی ہوں اور ناک سے خارش پیدا کرنے والا مواد نکلے
ناک سے پتلا سوزش کرنے والا پانی بہے۔
کھٹی سوزش والی رطوبات عموماً منہ اور مقعد سے

رنگ

سفید گاڑھا لیسدار بلغم
زرد یا زرد مائل بہ سبز اخراجات۔ زخموں سے زرد پتلا غیر تیزابی پانی
بہے (ہیپر سلف)
گاڑھے زرد رنگ کے اخراجات
زرد رنگ کا بلغم (کلکیریا کارب، کاربوویج، فاسفورس، پلساٹیلا
لائیکوپوڈیم، کالی سلف)
زرد گاڑھے لیسدار بلغم کا اخراج معدے، سانس کی نالی یا رحم سے۔ لیکوریا
رطوبات زرد مائل بہ سبز (مرک سال، سیپیا)
زرد گاڑھی مائل بہ سبز رطوبات شہد کی مانند لیسدار۔ تیزابی جو خارش،
جلن اور سرخی پیدا کریں۔
سبز گاڑھی رطوبات تقریباً جسم کے ہر سوراخ سے۔ بعض اوقات
شدید بدبودار۔
سبز خصوصاً بلغم (پلساٹیلا۔ کاربوویج۔ فاسفورس سلفر)

ذائقہ

کڑوا۔
میٹھا۔ میٹھا نمکین سا۔
نمکین۔
بلغم نمکین

سلفر۔ امونیا کارب
آرسنک آئیوڈائیڈ
آرسنک البم
مرک سال

ایلیم سیپا
ایلیم سیپا۔ آرسنک البم
آرم ٹریفائیلم
کالی آئیوڈائیڈ
آرس ورس

کالی میور
پلساٹیلا۔ کالی سلف
کلکیریا سلف

سٹینم
ہائیڈراسٹس
پلساٹیلا

آرسنک آئیوڈائیڈ

کالی آئیوڈائیڈ
لائیکوپوڈیم

پلساٹیلا
سٹینم
کالی آئیوڈائیڈ۔ سیپیا
فاسفورک ایسڈ

متفرق

اخراجات کبھی جاری ہو جاتے ہیں کبھی رُک جاتے ہیں۔	پلساٹیلا
اخراجات بڑی مقدار میں جسم سے خارج ہوتے ہیں۔	وریٹرم البم
اخراجات جاری ہو جانے سے جملہ تکالیف کو آرام محسوس ہوتا ہے	لیکیسس۔ زنکم میٹ

اسہال

	علامات	دوا
باری باری	اسہال یا پیچش اور بائی کی دردیں باری باری	کالی بائی. ابراٹینم
	اگزیما اور اسہال باری باری	کروٹن ٹگ
	اسہال اور قبض باری باری	ابراٹینم
بدبو	بدبُو دار، پتلے دست بلاارادہ. ہوا خارج کرتے وقت بھی مقعد اور دست نکلیں۔	میوریٹک ایسڈ
	بدبُو دار بلا درد اسہال	سٹرامونیم
	مُردار کی طرح بدبُو دار. سیاہی مائل بھورے دست	سوریثم
	ترش بُو والے سبز رنگ کے دست	نیٹرم فاس
	سبز رنگ کے بُو والے پاخانے پڑ پڑ کی آواز سے خارج ہوں۔	کلکیریا فاس
	کھٹی بُو	ہیپر سلفر. کلکیریا کارب
	بُو والے بھورے رنگ کے پتلے دست۔	گریفائٹس
بلغم	بلغم آمیز خونی اسہال. پرانے اسہال میں جریان خون	ٹرلیم
	اسہال میں مسلسل بلغم سی برستی رہے جس سے کپڑا خراب ہوتا رہتا ہے۔	انٹم کروڈ
رنگ	سبز رنگ کے اسہال جیسے جوہڑ پر کائی ہو۔	میگنیشیا کارب
	سبز رنگ کے ترش بُو والے اسہال	نیٹرم فاس
	سبز رنگ بہت بدبودار پاخانے جو پڑ پڑ کی آواز سے خارج ہوں۔ ریح بدبودار	کلکیریا فاس
	سبز رنگ پانی کی طرح بدبودار دست. پیٹ ڈھول کی مانند. قولنجی کیفیت سڑے انڈوں کی سی بو۔	کیمومیلا
	سبز رنگ یا زرد پانی کی طرح اسہال جو بڑی مقدار میں بڑے زور سے خارج ہوں۔ انتڑیوں میں بہت زیادہ گڑگڑ. پاخانہ کے بعد بچہ نڈھال ہو جاتے۔	پوڈوفائیلم
	زرد پانی کی طرح غیر ہضم شدہ غذا. بلا درد اسہال	چائنا
	زرد پانی کی طرح جو گولی یا پچکاری کی طرح یکدم خارج ہوں۔	کروٹن ٹگ

زرد رنگ کے اسہال جو کچھ دیر کے بعد سبز رنگ میں تبدیل ہو جائیں
ارجنٹم نائٹ

زرد رنگ کا پانی کی طرح پتلا پاخانہ بڑے زور سے پڑ پڑ کی آواز سے خارج ہو۔ اسہال صبح کے وقت چارپائی سے اُٹھ کر چلنے پھرنے سے آجاتے ہیں زیادہ ریح کی وجہ سے پیٹ میں بہت گڑگڑاہٹ ہو۔
نیٹرم سلف

سفید رنگ کے بلا درد بڑے بڑے اسہال جن سے کمزوری نہیں ہوتی بلکہ بہتری محسوس ہو۔
فاسفورک ایسڈ

بھورے رنگ کے اسہال اور کھانسی صبح کے وقت۔
ریومیکس

بھورے رنگ کے پتلے دست جن سے سخت بُو آتے۔
گریفائٹس

سیاہی مائل بھورے زور سے خارج ہونے والے دست اور مُردار کی طرح بدبُو دار۔
سورینم

رنگ برنگ کے اسہال دانت نکلنے کے زمانے میں اور موسم گرما میں
پلساٹیلا

رنگ برنگ کے اسہال جب پلساٹیلا کام نہ کرے۔
سلیشیا

غیر ارادی طور پر

غیر ارادی طور پر اسہال نکل جائیں گویا مقعد کُھلی ہے۔
ایپس

غیر ارادی طور پر بدبودار پتلے دست جب خارج ہوں تو مقعد بھی باہر نکل آتے۔
میوریٹک ایسڈ

مقعد کُھلی ہوئی محسوس ہو۔ اسہال بہت زیادہ جیسے نل سے پانی نکلے ان میں ساگودانہ، چاول یا چربی کے ٹکڑوں کا سا مواد ہو۔
فاسفورس

ریح یا پیشاب خارج کرتے وقت دست نکل آئیں۔ پاخانہ سے پہلے پیٹ میں گڑگڑ۔
ایلوز

غیر ہضم

غیر ہضم شدہ غذا کے اسہال۔ پانی کی طرح۔ بلا درد۔
چائنا

غیر ہضم شدہ غذا، بکثرت پانی کی طرح اسہال جب بخار بھی ساتھ ہو۔
فیرم فاس

پاخانے کی حاجت کھانا کھانے کے فوراً بعد ہو جاتی ہے بلا درد اسہال غیر ہضم شدہ غذا پاخانے میں خارج ہو۔
فیرم میٹ

کھانا کھانے کے فوراً بعد

کھانا کھانے کے فوراً بعد دست آ رہتے۔ پاخانے کے بعد شدید کمزوری۔
آرسنک البم

کھانا کھانے کے فوراً بعد حاجت۔ پاخانے میں غیر ہضم شدہ غذا خارج ہو۔
فیرم میٹ

کھانے پینے سے اسہال زیادہ ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات تو کھاتے وقت ہی حاجت ہو جاتی ہے۔ پیٹ میں بہت گڑگڑ۔
کروٹن ٹگ

پانی کی مانند

پانی کی مانند بہت زیادہ اسہال جیسے نل سے پانی نکلے بمقعد کھلی ہوئی معلوم ہو. بلا درد، اُن میں ساگودانہ یا چربی کی طرح پھٹکیاں ہوں۔ — فاسفورس

پانی کی طرح اسہال کثیر مقدار میں بلا درد. نہایت بدبودار. بہت کمزوری پیدا کریں۔ — بسمتھ

چاول کی پیچ کی مانند پاخانے ہیضہ میں آتے ہیں۔ — کالی فاس

متفرق

دن کو اسہال اور رات کو ٹھیک ٹھاک ۔ — پٹرولیم

خونی اسہال پرانے بلغم آمیز. پرانے اسہال میں جریانِ خون . — ٹرلیم

جذبات کی شدت، انتظار. لڑائی جھگڑے یا خوف سے دست واقع ہوں ۔ — جیلسیمیم

جذبات کی شدت . دوست یا گاڑی کے انتظار کے سبب (جیلسیمیم)

اسہال زرد رنگ کے جو خارج ہوتے وقت زرد ہوں اور کچھ دیر بعد سبز رنگ میں تبدیل ہو جائیں۔ — ارجنٹم نائٹ

اسہال میں مسلسل بلغم سا رستا ہے جس سے کپڑا خراب ہوتا رہتا ہے ۔ — انٹم کروڈ

اطرافِ جسم

دائیں طرف

زیادہ تر جسم ۔ دائیں طرف اثر انداز ہونے والی ادویات

لائکوپوڈیم ۔ چیلیڈونیم ۔ میگ فاس ۔ بیلاڈونا ۔ برائی اونیا ۔ رسٹاکس کالی کارب ۔ سنگوئیریا ۔ پوڈوفائیلم ۔ کروٹیلس ۔

دائیں طرف کی علامات

تکالیف دائیں طرف سے شروع ہوں اور بائیں طرف کو جائیں	لائیکوپوڈیم
دائیں ابرو کے اوپر درد ۔ دائیں پھیپھڑے کا نمونیہ ۔ دائیں چوتڑ کا درد دایاں پاؤں برف کی مانند ٹھنڈا (لائیکوپوڈیم) دائیں شانہ کی ہڈی کے نچلے کونے میں مستقل درد ۔	چیلی ڈونیم
خصوصاً دائیں جانب کا سردرد (اسپیلیشیا) گدی سے درد چل کر دائیں آنکھ پر جا ٹھہرتا ہے ۔ دائیں کندھے اور بازو کا درد ، چھاتی کی دائیں طرف کی تکالیف ۔ دائیں پھیپھڑے پر یہ دوا زیادہ اثر رکھتی ہے ۔	سنگوئیریا
دائیں پہلو (لائیکوپوڈیم) ، دائیں خصیۃ الرحم کا درد اور اس کا سن ہو جانا ۔ درد اسی طرف والی ران تک جائے (للیم ٹگ) گلے کی دائیں طرف تکلیف	پوڈوفائیلم
دائیں خصیے کا استسقا یا سوجن ۔	ایپس
دائیں پستان میں درد ۔ سن یاس کے موقع پر درد ۔	سم سی فیوگا
دائیں کولہے سے دائیں گھٹنے تک باہر کی جانب درد ۔	کالی کارب

بائیں طرف

زیادہ تر جسم کی بائیں طرف اثر کرنے والی ادویات ۔ لیکیسس — تھوجا ۔ للیم ٹگ

تکالیف بائیں طرف سے شروع ہوں اور دائیں طرف کو جائیں	لیکیسس
بائیں طرف کا سر درد ۔ ایسا سر درد جو سر کی چوٹی سے شروع ہو کر بائیں آنکھ کے اوپر ٹھہر جائے اور جو سورج بڑھنے کے ساتھ ساتھ بڑھتا جائے ۔ بائیں آنکھ سے صاف پانی بہے ۔	سپائیجیلیا
چہرے کا اعصابی درد جو عموماً بائیں طرف ہوتا ہے ۔ درد میں ٹکور اور	

دباؤ سے افاقہ ہوتا ہے۔ بائیں طرف کے شدید درد۔
کالوسنتھ

چھاتی کی بائیں طرف ٹیسیں۔ دائیں کروٹ لیٹنے سے درد بڑھ جائے
فاسفورس

بائیں طرف چھاتی کے اوپر کی جانب درد جو شانے تک جاتا ہے جس کے ساتھ دل بھی دھڑکتا ہے۔
تھریڈین

دائیں بائیں بدلتی ہوئی تکالیف

علامات اور سوزش دائیں بائیں بدلتی رہیں۔ اگر آج دائیں طرف کا گلا سوجا ہوا ہے تو کل بائیں طرف کا پھر اگلے دن دائیں طرف کا۔ اس ادل بدل کے لیے یہ پہلی دوا ہے علامات گھنٹوں میں تبدیل ہوتی ہوں خواہ دنوں میں۔ آوارہ دردیں جو اطراف بدلتی ہیں۔
لیک کانئم

وتری تکالیف آر پار

وتری طریقے سے تکالیف ظاہر ہوں یعنی اوپر والے اعضاء میں بائیں طرف تکلیف ہو۔ جبکہ نیچے والے اعضاء میں دائیں طرف۔ (اگریکس)
سٹرامونیم۔ انثم ٹارٹ

تکالیف جسم کے اوپر والے حصے میں دائیں طرف ہوں جبکہ نچلے حصے میں بائیں طرف۔　　میڈورنیم۔ فاسفورس۔ سلفیورک ایسڈ۔ ایمبراگریسیا
بر ومیم

بائیں کندھے اور دائیں پیلو پر اثر انداز ہوں۔ لیڈم پال۔ اگریکس۔
انثم ٹارٹ۔ سٹرامونیم

متاثرہ اطراف پر لیٹنا

متاثرہ اطراف پر لیٹنے سے تکالیف بڑھ جائیں۔ ایکونائٹ، ہیپر، کس موشکاٹا
کالی آیوڈائیڈ۔ آیوڈیم

متاثرہ اطراف پر لیٹنے سے آرام ملتا ہے۔　برائی اونیا
پلساٹیلا۔ کلکیریا

دائیں جانب بڑی بے حس ہو جس کی وجہ سے اس جانب لیٹ نہ سکے۔
کرونیلس

دائیں جانب لیٹنے سے تکالیف بڑھ جائیں۔
میگنیشیا میور

دائیں جانب لیٹنے سے جگر کے مقام پر درد بڑھ جاتے (مرکسال، الی کا ر)
میگنیشیا میور

دائیں جانب لیٹنے سے دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔ لہٰذا مریض دوسری طرف کروٹ بدل لیتا ہے۔
انثم ٹارٹ کیم

بائیں طرف لیٹنے سے خشک کھانسی بڑھ جاتی ہے مگر دائیں طرف لیٹنے سے آرام رہتا ہے۔
فاسفورس

بائیں طرف لیٹنے سے جگر کا درد بڑھ جاتا ہے۔
نیٹرم سلف

بائیں طرف لیٹنے سے زبردست دھڑکن اور دائیں طرف لیٹ جانے سے آرام
لیک کانئم۔ بیسکم

آنکھ

آپریشن کے بعد

آپریشن کے بعد سب سے اہم دوا۔ — اکونائٹ

آپریشن کے بعد کن پٹیوں میں شدید درد — اگنیشیا

آپریشن کے بعد درد سر تک جائے۔ — رسٹاکس

آپریشن کے بعد سر میں درد جس کے ساتھ قے آئے — برائی اونیا

آپریشن کے بعد سر درد، قے اور اسہال ہوں۔ — اسارم

آپریشن کے بعد ایسے نظر آئے کہ تمام چیزیں خون آلود ہیں — سٹرانیم

احساس

ایسے محسوس ہو کہ آنکھیں اپنے گڑھوں سے بڑی ہیں۔ — سپائیجیلیا، کم سی فیوگا

ایسے محسوس ہو کہ آنکھیں اپنی جگہ سے باہر نکل رہی ہیں۔ — برائی اونیا

جلن کا احساس۔ آنکھیں سرخ جبکہ پیپ نما مواد نہ ہو۔ — فیرم فاس

ایسے محسوس ہو کہ کمرہ دھوئیں سے بھر گیا ہے گویا مریض روتا رہا ہے یا آنکھوں کے آس پاس ٹھنڈی ہوا چل رہی ہے۔ آنکھیں خوب بند کرنے سے تکالیف کو آرام ملے۔ — کروکس

اخراجات

پانی (تیزابی) آنکھوں سے بہے جو گالوں کو چھیل دے۔ آشوب چشم۔ صبح آنکھیں جڑی ہوئی ہوں۔ پپوٹوں کے کنارے سرخ، سوجے ہوئے جلن کے ساتھ۔ — یوفریزیا

پانی آنکھوں سے بکثرت بہے آنکھیں سوجی ہوئی ہوں۔ — سباڈیلا

پانی جیسا مواد آنکھ سے بکثرت خارج ہوتا ہے اور یہی مواد بعد میں بلغم یا پیپ نما ہو جاتا ہے۔ رطوبت تیزابی ہوتی ہے جہاں پر بہتی ہے خارش پیدا کرتی ہے۔ — مرک سال

آنسو گرم اور سوزش پیدا کرنے والے اور جس جگہ بہتے ہیں وہاں پھنسیاں پیدا کر دیتے ہیں۔ ایک خاص علامت یہ ہے کہ جونہی پپوٹوں کو جدا کیا جاتا ہے۔ کافی مقدار میں آنسو ابل پڑتے ہیں اور درد بھی ہوتا ہے۔ — رسٹاکس

پانی بائیں آنکھ سے بہے۔ بائیں آنکھ کا درد جو سر کے پچھلے حصے

سے شروع ہو کر بائیں آنکھ پر آ کر جم جائے۔ طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک درد رہتا ہو۔ — سپائیجیلیا

پیپ نما مواد۔ بڑی مقدار میں آنکھوں میں موجود ہو۔ — رسٹاکس

پیپ دار آشوب چشم، پتلیاں خون کی مانند سرخ اور نظر دھندلائی ہوئی۔ — ارجنٹم نائٹریکم

پیپ دار مادہ آنکھوں سے خارج ہو۔ — مرک سال، سٹفی سے نیگریا

گید (چپکنے والی) آنکھوں میں اکٹھی ہو جاتے۔ جسے مریض بار بار آنکھیں جھپک کر دُور کرتا رہتا ہے۔ — یوفیریزیا

گید، پیپ، گاڑھی زرد ہو۔ آنکھوں کی سوزش — کلکیریا سلف

گید زرد۔ بکثرت خارج ہو۔ گو ہانجنی اور شام کو تکلیف میں اضافہ ہو جائے — پلسا ٹیلا

گید سنہری زرد، آنکھوں سے خارج ہو۔ — نیٹرم فاس

اندھیرا، دھند، دھواں

اندھیرا چھا جائے آنکھوں کے سامنے، آنکھیں اندر کو دھنسی ہوئی ان کے گرد نیلے حلقے۔ — چائنا

دھواں یا کہر سی آنکھوں کے سامنے چھا جاتے۔ آنکھیں پھڑکیں ایسے محسوس ہو کہ کمرہ دھوئیں سے بھرا ہے۔ — کروکس

آنکھوں کے سامنے بے شمار تارے، جھلملاہٹ، دھبے اور مختلف رنگ محسوس ہوں۔ — سائیکلیمن

آنکھوں کے سامنے دھند — رینن کوس بلب

بد اثرات

آنکھوں سے زیادہ کام لینے کے بُرے اثرات — سنیگا

باریک بینی یا سلائی کے کام سے آنکھوں کی تکالیف، آنکھیں بوجھل محسوس ہوں۔ — نیٹرم میور — ارجنٹم نائٹریکم

کمزور نظر جس کے ساتھ سر درد بھی ہو۔ — روٹا، سنیگا

آنکھوں پر زیادہ دباؤ ڈالنے کے بُرے اثرات۔ گرم کمرے میں تکالیف بڑھ جائیں اور کھلی ہوا میں افاقہ ہو۔ — ارجنٹم نائٹریکم

بند کرنا آنکھیں بند کرنے سے آنکھوں کی تمام تکالیف بڑھ جائیں — سنیگا

بھینگاپن بھینگاپن آنکھیں اندر کی طرف مڑی ہوئی ہوں۔ — سائیکلیمن

پپوٹے آنکھوں کی تکلیف میں پپوٹے اکثر خراب رہتے ہوں — اینٹم کروڈ
آرسنک البم۔ ایپس۔ یوفریزیا۔ رسٹاکس۔

پپوٹوں کی مزمن سُرخی — اینٹم کروڈ

(اگزیما) پپوٹوں پر اگزیما — گریفائٹس۔ سنفی سائیکلو
پپوٹوں پر اگزیما۔ کنارے پھٹے ہوئے جن پر سے چھلکے اتریں۔ — گریفائٹس
پپوٹوں پر اگزیما، کنارے پھٹے ہوئے اور چھلکے اتریں۔ پپوٹے بہت سرخ ہوں۔ — سلفر

(اُوپر نہ اٹھا سکے)
نقاہت کی وجہ سے پپوٹے اُوپر نہ اٹھا سکے۔ پپوٹے بوجھل ہوں۔ آنکھیں کھلی رکھنا مشکل ہو۔ گریفائٹس — کاسٹیکم۔ جیلسیمم۔ کالوفائیلم

(پھڑکن) پپوٹوں کی تشنجی پھڑکن — میگنیشیا فاس
پپوٹے پھڑکیں۔ آنکھیں گھڑی کے لٹکن کی طرح ہر وقت دائیں بائیں حرکت کرتی رہیں۔ — اگریکس۔ کروکس

(چپکے ہوئے)
پپوٹے صبح کے وقت جڑے یا چپکے ہوئے ہوں۔ — مرک سال۔ رسٹاکس
یوفریزیا۔ ارجنٹم نائٹ۔ ایپس۔

(خشکی) آنکھیں خشک ہوں۔ اتنی خشک کہ پپوٹے بند کرنا مشکل ہوں۔ — نکس موشکاٹا

سوجن) اُوپر اور نیچے والے پپوٹوں کی سوجن بلکہ پورا چہرہ سوجا ہوا معلوم ہو۔ — فاسفورس
سوجن آنکھوں کی۔ آنکھوں سے بکثرت پانی بہے — سباڈیلا
سوجن سُرخی اور سوزش۔ — بیلاڈونا
بالائی پپوٹوں کی تھیلی نما سوجن۔ — کالی کارب
نیچے والے پپوٹوں کی تھیلی نما سوجن — ایپس
پپوٹے اکثر سوجے رہتے ہوں۔ کنارے سوجے ہوئے اور سُرخ۔ صبح کو آنکھیں جڑی ہوئی اور گید۔ — یوفریزیا

آنکھ

پڑبال پڑبال کا مزمن عارضہ — سنفی سائیگریا — گریفائٹس، بوریکس

پلکیں پلکوں کا مڑ جانا اور اندر کی طرف مڑ جانا جس سے آنکھوں میں درد ہو۔ — بوریکس
پلکیں جھپکنے والے خشک مواد سے بھری ہوئی ہوں اور صبح کے وقت جڑی ہوئی ہوں۔ — بوریکس

تارے آنکھوں کے آگے بے شمار تارے جھلملاہٹ۔ دھبے اور مختلف رنگ محسوس ہوں۔ — سائیکلیمن

تھکن آنکھیں تھکی تھکی اور ان میں درد۔ — روٹا — نیٹرم میور، سینیگا

ٹکٹکی مریض ٹکٹکی باندھے ہوئے دیکھتا رہے — روٹا، سینیگا

جھٹکے، شوروغل
جھٹکے لگنے اور شوروغل سے آنکھ کا درد بڑھ جاتے۔ بائیں آنکھ کا درد۔ — سپائیجیلیا

چکر چکر اور لرزتی ہوئی نگاہ، کمزوری کی وجہ سے آنکھیں کھلی رکھنا محال ہو۔ — جیلسیمیم

چھونا پتلیاں چھونے سے سخت درد کریں۔ شدید درد۔ ایسے محسوس ہو کہ آنکھیں پیچھے سر کی طرف کھینچ لی جائیں گی۔ (اولینڈر)۔ — ہیپر سلفر

چوٹ زخم چوٹ یا ضرب کی وجہ سے آنکھ میں درد۔ جیسے آنکھ پر برف کا گولا لگ جاتے یا بچے کا ہاتھ وغیرہ ماں کی آنکھ پر لگ جائے۔ — سمفائٹم
زخم یا شدید کھانسی کی وجہ سے آنکھوں میں خون اتر آئے۔ (لیڈم پال۔ نکس وامیکا) — آرنیکا
آنکھ پر چوٹ لگ جانے کی صورت میں آرنیکا سے بہتر کام کرتی ہے۔
چوٹ کی وجہ سے آنکھوں میں خون کا جم جانا ضرب لگ جانے سے آنکھوں کے ڈھیلوں میں شدید درد ہونا۔ — لیڈم (200)
چوٹ لگنے سے آشوب چشم۔ — یوفیریزیا

آنکھوں اور منہ کے کونے کٹے پھٹے ہوں خون آئے اور شہد کی مانند رطوبت خارج ہو۔ — گریفائٹس

حلقے

حلقے نیلے آنکھوں کے اردگرد۔ آنکھیں اندر دھنسی ہوئی اور نظر کے سامنے اندھیرا چھا جائے۔ — چائنا

نیلے حلقے آنکھوں کے اردگرد، چہرہ پیلا جو انتہائی کمزوری کی نشانی ہے۔ — تبسقم

حلقے آنکھوں کے گرد اور چہرہ زرد۔ — سائنا

آنکھیں اندر دھنسی ہوئی اور اردگرد نیلے حلقے (پلساٹیلا) — فاسفورک ایسڈ

نیلے حلقے آنکھوں کے اردگرد ہوں۔ آنکھیں کھوکھلی۔ پپوٹے سوجے ہوتے۔ — فاسفورس

خارش

آنکھوں میں شدید خارش — سلفر۔ پلساٹیلا

درد

آنکھوں کی تازہ تکلیف۔ اُن میں درد، سرخی، اور جلن کا احساس۔ — فیرم فاس۔ ایکونائٹ

دکھن

آنکھوں میں درد، سرخی اور سوجن۔ روشنی ناقابلِ برداشت ہو۔ — بیلاڈونا

آنکھ کا شدید درد جو سر کے پچھلے حصے تک جائے۔ بعض اوقات درد سر کی چوٹی تک پھیل جائے۔ خصوصاً جب کہ آنکھوں کو حرکت دی جائے۔ — برائی اونیا

درد شدید (سوریم)، آنکھیں روشنی کو قطعاً برداشت نہیں کرتیں سرخی معمولی ہوتی ہے۔ — کونیم

درد شدید پپوٹوں میں سوزش۔ آنکھیں کھول نہ سکے، سر کو سرہانے میں گھسیڑے رکھے۔ — سورینم

درد آنکھوں میں رات کو بڑھ جائے۔ چھونے اور حرکت سے تکلیف میں اضافہ ہو۔ — مرک سال

درد آنکھوں میں رات کو بڑھ جاتے۔ چھونے اور حرکت سے تکلیف میں شدت ہو۔ — مرک کار

درد۔ صبح کے وقت آنکھوں کا جڑا ہوا ہونا۔ آنکھوں سے تیزابی پانی بہے جو گالوں کو چھیل دے۔ — یوفیریزیا

آشوب چشم۔ گرے شدید۔ آنکھوں کی تپلیاں سخت سرخ جیسے کچا گوشت ہو۔ بلغمی پیپ دار مواد بکثرت خارج ہو۔ پیپ دار آشوب چشم۔ تپلیاں خون کی مانند سرخ اور نظر دھندلائی ہوئی،

پپوٹے سوجے ہوئے اور دکھتے ہوں اور صبح کے وقت آپس میں جڑے ہوں۔ — ارجنٹم نائٹ، مرک سال سٹفی سائگیریا

آشوب چشم۔ آنکھوں سے پیپ دار مادہ خارج ہو۔ — سٹفی سائگیریا

آنکھیں دُکھتی رہیں۔ پپوٹوں کی سوزش۔ گوہانجیاں بار بار نکلیں۔

دکھن آنکھوں کی اور نظر کی کمزوری جبکہ اس کا سبب کثرت مطالعہ ہو۔ ناکافی روشنی میں پڑھائی۔ گھڑی سازی اور سلائی کے بُرے اثرات — رُوٹا

دائیں آنکھ کا شدید درد آنکھیں گھمانے سے درد بڑھ جاتے (سپائیجیلیا) سورج طلوع ہونے کے ساتھ درد شروع ہو اور سورج غروب ہونے کے بعد ختم ہو جائے۔ (نیٹرم میور) — کالمیا

بائیں آنکھ کا درد۔ درد سر کے پچھلے حصے سے چل کر بائیں آنکھ پر آکر جم جاتے۔ طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک درد رہے۔ — سپائیجیلیا

روشنی

آنکھوں کی تکلیف میں روشنی قطعاً ناقابل برداشت۔ آنکھوں میں درد حالانکہ سرخی معمولی ہو۔ مصنوعی روشنی میں آنکھوں کی تکلیف بڑھ جائے۔ عموماً ان طلبا کے لیے مفید ہے جو رات کے وقت کام کرتے ہیں۔ — کونیم

روشنی قطعاً برداشت نہیں ہوتی آنکھیں رات کے وقت بھی کھولنا مشکل ہو جاتا ہے۔ — رسٹاکس

روشنی قطعاً برداشت نہیں ہوتی۔ چہرہ اور آنکھیں سُرخ — بیلاڈونا

زخم

(دیکھیے چوٹ)

ککرے

ککرے۔ مزمن سوزش اور آنکھ کی اکثر تکالیف کے لیے — ارجنٹم نائٹ

ککرے۔ پپوٹوں کے اندر چھوٹے چھوٹے موتی نما دانے (تھوجا، نیٹرم سلف)

گوہانجنیاں

سٹفی سائگیریا

پپوٹوں پر گوہانجنیاں۔ — کونیم، تھوجا، سٹفی سائگیریا

گوہانجنیاں بار بار نکلیں۔ آنکھوں کا دکھتے رہنا۔ پپوٹوں کی سوزش گوہانجنی میں یہ دوا اکثر استعمال ہوتی ہے۔ گوہانجنی عموماً اوپر والے پپوٹے پر نکلے۔ (لائیکو۔ سٹفی سائگیریا) زرد رگید بکثرت خارج ہو،

شام کو تکلیف میں اضافہ — پلسائیلا

گھمانا آنکھ کا

گھمانا آنکھوں کا دائیں بائیں ناممکن ہو اور پورا جسم گھمانا پڑے۔ بائیں آنکھ کا درد۔ — سپائیجیلیا

آنکھوں کا شدید درد خصوصاً جبکہ آنکھوں کو گھمایا جائے۔ دھڑکن دار سر درد۔ — نیٹرم میور

نظر

نظر کی کمزوری۔ بے شمار ستارے نظر آئیں۔ بھینگا پن، آنکھیں اندر کی طرف مڑی ہوئی ہوں۔ آنکھوں کے سامنے جھلملاہٹ، دھبے اور مختلف رنگ۔ — سائیکلیمن

نظر کی کمزوری اور آنکھوں کی دکھن جبکہ اس کا سبب کثرت مطالعہ، خراب روشنی میں پڑھائی۔ گھڑی سازی یا سلائی کا کام ہو۔ آنکھیں آگ کی مانند جلتی ہوں۔ — روٹا

سلائی کرنے سے آنکھوں پر بوجھ جو گرم کمرے میں بڑھ جائے دکھن ہو میں افاقہ۔ (روٹا) — نیٹرم میور

نظر کی کمزوری اور ساتھ ہی سر درد۔ نیٹرم میور — ارجنٹم نائٹ۔ روٹا

نظر دھندلائی ہوئی پیپ دار آشوب چشم۔ پتلیاں خون کی مانند سرخ ہوں — ارجنٹم نائٹ

اندھا پن ہو جانے سر درد شروع ہونے سے پہلے جونہی سر درد شروع ہو اندھا پن ختم ہو جاتا ہے۔ کالی بائی۔ آئرس ورس — نیٹرم میور

نظر کمزور۔ ایسے محسوس ہو جیسے پردے میں سے دیکھ رہا ہے۔ بھینگا پن — کاسٹیکم

موتیا بند (کلکیر یا فلور نیل ہو جاتے تو کنابس سٹائیوا ۱× دیں) — کلکیریا فلور

نصف نظر فتور نظر

چیزوں کا صرف اوپر والا حصہ نظر آئے۔ — آرم میٹ

چیزوں کا نیچے والا نصف حصہ نظر آئے۔ — آرسنک البم۔ آرم میٹ۔ کیمفر ڈجی ٹیلس۔

ایک کے دو نظر آئیں۔ آنکھوں کی پتلیاں پھیلی ہوئی۔ دھندلا پن دوران سر کے ساتھ۔ — جیلسیمیم

پڑھتے وقت حرف گھومتے معلوم ہوتے ہیں حروف کبھی اوپر چلے جاتے ہیں۔ کبھی نیچے اور کبھی بالکل غائب ہو جاتے ہیں۔ — سائیکیوٹا

آنکھوں کے سامنے " Z " (زیڈ) شکل کی دھاریاں نظر آئیں — سلفر۔
نگاہ ایک جگہ پر نہ ٹھہر سکے۔ نگاہ دھندلا جاتے۔ — نیٹرم میور۔ سورینم
دن کا اندھاپن، آنکھوں کے آگے دھند، آنکھوں کے ڈھیلوں پر دباؤ اور درد۔ — جیلسیمم
ہر چیز کالی نظر آئے۔ — رینن کولس بلب، لیک کنائنم

انگلیاں

پور انگلیوں کے پوروں کی جلد کٹی پھٹی ہو۔ انگلیوں کی اطراف پر آتشک زخم — سارسپریلا
انگلیوں کے پور کٹے پھٹے۔ — گریفائٹس

جوڑ انگلیوں کے جوڑوں میں سخت درد اور سوجن۔ — کالوفائیلم

چوٹ انگلیوں پر چوٹ لگ جانے کے بعد جب انگلیاں سیاہ نظر آنے لگیں اور درد دھاریوں کی شکل میں اوپر بازو کی طرف جائے۔ — بیوفو
ہاتھوں یا پاؤں کی انگلیوں پر چوٹ لگ جائے — ہائپیریکم

خارش انگلیوں کے درمیان خارش۔ — سیلینیم

سرے انگلیوں کے سرے پھٹ جائیں اور ان سے خون بہنے لگ درد ہو جائیں — پٹرولیم
انگلیوں کے سرے پھٹ جائیں۔ — گریفائٹس

سوجانا یا سن ہوجانا
ہاتھوں کی انگلیاں بار بار سو جائیں۔ — ڈجی ٹیلیس
ہاتھوں اور پاؤں کی انگلیاں سن ہو جائیں اور ان میں اینٹھن ہو۔ — نیٹرم میور

نشان انگلیوں پر اوزاروں مثلاً چاقو قینچی کے دباؤ سے گہرے نشان پڑ جائیں۔ — بووسٹا

متفرق موچ آجانے یا مروڑے جانے کی صورت میں انگلیاں سکڑ جائیں — کنابس سٹائیوا
انگلیوں میں پھڑکن اور جھٹکے محسوس ہوں۔ — کالی بردمیٹم

آواز

گلا بیٹھنا

صبح

صبح کے وقت آواز کا بیٹھ جانا جو شام کی نسبت نمایاں ہو. نزلہ زکام کی وجہ سے گلا بیٹھ جائے. اچانک آواز ختم ہو جانے سے اونچا بالکل نہ بول سکے. آواز کا مزمن بیٹھنا ہونا! ڈروسرا، مرطوب موسم میں آرام رہے.

کاسٹیکم

صبح کے وقت گلا بیٹھ جائے. اکثر بلا درد کلکیریا فاس، سلفر،

کلکیریا کارب

صبح کے وقت آواز بیٹھ جائے. کاسٹیکم میں جلن اور کچا پن پایا جاتا ہے لیکن اس دوا میں جسمانی، خصوصاً ہڈیوں کی دردیں پائی جاتی ہیں.

یوپیٹوریم پرف

شام

شام کے وقت گلا بیٹھ جائے، کاسٹیکم. فاسفورس، مرطوب موسم میں تکلیف بڑھ جائے. تکلیف بلا درد ہوتی ہو.

کاربو ویج

آواز بیٹھ جائے. مریض اونچی آواز سے نہیں بول سکتا. شام کو یا رات کے شروع میں حلق خراب ہو جاتا ہے. گلے میں درد ہوتا ہے جو بولنے سے بڑھ جاتا ہے.

فاسفورس

آواز بیٹھ جائے. بات کرنے یا گانا گانے سے پہلے گلے کے بلغم کو فوراً صاف کرنا پڑے.

سٹینم. سیلینیم ارجنٹم میٹ

آواز بیٹھ جائے جب کہ کھانسنے یا بلغم دور کر دینے سے وقتی طور پر افاقہ ہو.

سٹینم

آواز بیٹھ جائے لو یا گرمی لگ جانے کی وجہ سے.

انٹم کروڈ

آواز بیٹھ جائے نمدار موسم میں.

ڈلکامارا

مکمل طور پر آواز بیٹھ جائے.

اپی کاک

گلا بیٹھ جائے کھانسی کے ساتھ

ڈروسرا

مقرروں اور گویوں کی آواز

پیشہ ور گویوں اور مقرروں کی آواز بھرا جانے کے لیے مستند دوا ہے.

آرم ٹریفائیلم

آواز کے زیادہ استعمال سے گلا بیٹھ جائے. فیرم فاس. آرنیکا کیپسیکم. آرم ٹریفائیلم

رسٹاکس

گویوں کی آواز کی مزمن خرابی آواز اونچی کرنے کی کوشش میں کھانسی لگ جاتے۔ — ارجنٹم نائٹ

زیادہ بولنے سے آواز بیٹھ جانے۔ گلے میں گویا آگ لگ گئی ہے۔ — ارجنٹم میٹ، ایلومینا، ارجنٹم میٹ، فائیٹولیکا

آواز سے تکلیف

آواز، سرسراہٹ، کڑکڑاہٹ، ناقابل برداشت ہوں۔ تھریڈین۔ — فرم میٹ، اسارم

اپنی ہی آواز کانوں میں گونجے۔ — کاسٹیکم

آواز ناقابل برداشت۔ ہر آواز جسم میں سرایت کرتی ہوئی معلوم ہوتی ہے جس سے متلی اور چکر آتے ہیں (اسارم) پیڑا کھ چنے کاغذ کے توڑ مروڑ کی آواز بھی بالکل برداشت نہ کرسکے۔ آوازوں سے تمام تکالیف بڑھ جائیں۔ — تھریڈین

یکدم آوازوں سے ڈر جانا۔ جیسے کھانسی، چھینک یا دیا سلائی جلانے کی آواز۔ — بوریکس

ذرا سے کھٹکے سے دل دھڑکنا شروع ہوجاتے۔ — نیٹرم کارب

بہتے پانی کی آواز سے یا اسے دیکھنے سے تمام تکالیف میں اضافہ ہوجاتے۔ — لیسین

یہ نہ بتاسکے کہ آواز کس سمت سے آرہی ہے — کاربوانیملس

ارادہ ارادہ کی قوت کی کمی۔ بہت ہی محتاط اور ڈرپوک۔ — پلساٹیلا۔ گریفائٹس

انڈا بچہ انڈا کھانے کی کوشش کرے۔ حالانکہ وہ ابھی اسے نگلنے کے قابل بھی نہ ہو۔ — کلکیریا کارب

کھانے کے بعد پیٹ میں شدید درد، یہ احساس کہ پیٹ میں ایک غیر ہضم شدہ سخت انڈا موجود ہے۔ — ایبس نائیگرا

انتقالِ مرض انتقال مرض کی پہلی دوا ہے۔ — ابراٹینم

اعضائے تناسل

عضو تناسل مردانہ و زنانہ کی شدید خارش (رسٹاکس) پھنسیاں مردانہ عضو پر اتنی پُرحس اور دکھن والی کہ کھجلایا بھی نہ جاسکے۔ — کروٹن ٹگ

مردانہ عضو تناسل پر موہکے۔ — سنابرس

زنانہ خارش اندام نہانی کی جو حلق کی طرف مائل کرے (اوریگانم۔ زنکم) حمل کے دوران اس سے بلغم آئے۔ — کیلیڈیم

ناقابل برداشت، شدید پھیلنے والی خارش شرمگاہ میں۔ — ٹرنٹولا کیوبنس

جماع کے بعد شرمگاہ میں جلن — لائیکوپوڈیم۔ لائیسن

جماع نہ کیا جاسکے کیونکہ شرمگاہ نہایت ہی حساس ہو۔ — تھوجا۔ پلاٹینا

جماع میں رکاوٹ پیدا کرے شرمگاہ کی خشکی (لائیسین) — لائیکوپوڈیم۔ نیٹرم میور

جماع کے بعد اندام نہانی سے خون آئے۔ — ارجنٹم نائٹ۔ نائٹرک ایسڈ

بغل گیر ہوتے ہی شرمگاہ سے بلغمی مواد خارج ہو جو کہ بانجھ پن کا باعث ہو۔ — نیٹرم کارب

اندام نہانی سے سیاہ خون آئے (کالی نائٹ۔ سائیکلیمن) — سیپیا

پاخانے کے ساتھ شرمگاہ سے خون آئے۔ — لائیکوپوڈیم

بچہ جب بھی دودھ پیئے۔ شرمگاہ سے خون جاری ہوجائے — سلیشیا

اندامِ نہانی سے گوز خارج ہو۔ لائیکوپوڈیم۔ لیک کنائنم۔ برومیم۔ — نکس موسکیٹا۔ سنگونیریا

بات چیت

بات چیت کرنا پسند نہ کرے

بات چیت کسی سے بھی کرنا پسند نہ کرے۔ کسی کا اپنے قریب آنا برداشت نہ کرے۔ گستاخ۔ — کیمومیلا
بولنا برداشت نہ کرسکے۔ کیمومیلا۔ سیلیشیا، نیٹرم سلف اور نیٹرم میور۔ — آئیوڈیم
بولنا یا بلایا جانا پسند نہ کرے۔ — آئیوڈیم۔ سیلیشیا

باتونی

باتونی اور حاسد — لیکیسس
باتونی اور لیکیسس کی طرح اصل موضوع سے دوسرے موضوع پر بات چیت کرنے لگے۔ — ہائیوسائمس
باتونی لگاتار باتیں کرے۔ سٹرامونیم، سمی سی فیوگا، لیکیسس — اگیریکس
باتونی اور مذہبی جنون رکھنے والا مریض۔ — ویریٹرم البم
باتونی، ہذیان، دیوانگی اور ڈر، ہر وقت عاجزی کا اظہار اور دعا کرتا رہے — سٹرامونیم

غیر منطقی، بے ربط

بات چیت، کبھی کبھی غیر واضح طور پر بڑبڑاتا ہے اور بعض اوقات گھنٹوں تک بات چیت نہیں کرتا۔ — ہائیوسائمس

باتیں بے ربط، ایک بات کو شروع کرے اسے ختم کیے بغیر دوسری اور پھر تیسری پر چلا جاتے اسی طرح موضوع بدلتا رہے۔ — امبرا گریسیا
باتیں غیر منطقی کرے یا وہ کوئی کام مرتکب ہو جو اس کے اپنے کام کاج کے متعلق ہو یہ رجحان تین بجے بعد دوپہر بڑھ جائے — برائی اونیا

قافیہ دار، عریاں

قافیہ دار عبارت میں بات چیت کی زبردست خواہش۔ — انٹم کروڈ
عریاں قسم کی باتیں کرے۔ یک کنائم ہلیم ٹگ۔ — اناکارڈیم

تیز تیز باتیں کرے

باتیں تیز تیز کرے ۔ (کاکولس، اناکارڈیم) — بیلاڈونا، ہیپر سلفر

تیز اور لگاتار باتیں کرے ۔ — مرک سال، ہیپر سلفر

باتیں اور کام جلدی جلدی کرے ۔ — بیلاڈونا

متفرق سوالوں کا جواب دینے سے پہلے یا جواب دیتے وقت سو جائے۔ مخبوط الحواس جیسے نشے میں ہو۔ — بپٹیشیا

بازو

علامات	دوا
دائیں بازو میں درد جو رات کے وقت اور بستر میں بڑھ جاتا ہے۔ مریض بازو کو اُوپر نہیں اٹھا سکتا۔	سنگونیریا
بائیں بازو میں درد۔	رسٹاکس۔ یوپیٹوریم پرف
بائیں بازو کا درد جب کہ دل میں بھی نقص ہو۔	رسٹاکس
بازوؤں اور ہاتھوں میں پھاڑ دینے والے درد۔	کاسٹیکم
بایاں بازو سُن ہو جائے۔	ایکونائٹ۔ رسٹاکس
پورا بازو سو جائے۔	کاکولس
بایاں بازو ٹھنڈا۔	کاربو ویج
بازو برف کی طرح ٹھنڈے ہوں جسم کے اور بہت سے اعضاء بھی ٹھنڈے ہوں۔	ویریٹرم البم
بائیں بازو اور ٹانگ کی لگاتار حرکت (اپوسائنم - ہیلی بورس)	برائی اونیا
بازو اور ٹانگیں کانپیں۔ جذبات کی شدت سے، تھکاوٹ یا درد سے۔	کاکولس
بازو دھڑکتے ہوں۔	آئیوڈیم
بازوؤں ٹانگوں اور ریڑھ کی ہڈی میں فالج سی کیفیت۔	ایسکولس

بادل

علامات	دوا
مریض محسوس کرتا ہے کہ اُس پر سیاہ بادل چھا گیا ہے جس نے اُس کے دماغ کو گھیر لیا ہے جس کی وجہ سے اندھیرا ہی اندھیرا طاری ہو گیا ہے۔	سمی سی فیوگا

برف

علامات	دوا
احساس کہ جسم برف سے چھو رہا ہے یا برف کی سوئیاں جسم میں چبھ رہی ہیں یا جیسے گرم سوئیاں جسم میں چبھ رہی ہیں۔	اگریکس
محسوس کرے کہ برف کا ٹکڑا سر کی چوٹی پر رکھا ہے سیپیا یا جیسے بیک وقت سر کی چوٹی میں گرمی اور سردی کا احساس ہو یا جیسے دماغ ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا ہے۔	ویریٹرم البم

بال

گریں

بال گرنے لگیں۔ سر، آبروؤں، مونچھوں اور اعضائے تناسل کے۔ — **سیلنیم**

جسمانی کمزوری اور غم کے بُرے اثرات کی وجہ سے بال سفید ہو جائیں اور گرنے لگیں۔ — **فاسفورک ایسڈ**

چھونے یا کنگھی کرنے سے بال گرنے لگیں۔ بالچر۔ ایسا عموماً دودھ پلانے والی عورتوں میں ہوتا ہے (سیپیا) چہرہ چکنے جیسے کہ روغن لگا ہوا ہو (تھوجا، لیکم) — **نیٹرم میور**

ڈاڑھی اور مونچھوں کے بالچر کے لیے مفید دوا ہے۔ — **بیسی لینم**

سر پر گنجاپن کے گول گول نشان جو خشک اور چھلکے دار رہوں۔ بھوسی بکثرت اُترے (لائیکوپوڈیم) بالوں کی جڑیں سفید ہو جائیں اور بال گچھوں کی شکل میں گریں۔ — **فاسفورس**

مزمن سر درد کے بعد یا سن یاس میں بال گرنے لگیں۔ — **سیپیا**

آتشک میں پارہ کے مرکبات کے استعمال سے بال گرنے لگیں۔ — **آرم میور، سلفیلنم**

سخت بیماری یا بچے کی پیدائش کے بعد بال گرنے لگیں۔ — **کاربو ویج**

اُلجھیں چپکیں

بال خشک، بے چمک آسانی سے آپس میں الجھیں اور جڑ جائیں۔
بال آپس میں جڑ جائیں اور اُن میں آسانی سے کنگھی نہ کی جا سکے۔ — **سورینم۔ لائیکوپوڈیم، بورکس۔ امونیا کارب، لیک کنائنم۔ میگ میو۔**

بالوں سے ناگوار بو آئے۔ آپس میں چپک جائیں ان کے سرے جڑ جائیں اگر ان گچھوں کو کاٹ دیا جائے تو یہ پھر بن جائیں۔ ان میں آسانی سے کنگھی بھی نہ کی جا سکے۔ (فلورک ایسڈ۔ لائیکوپوڈیم۔ سورینم۔ ٹیوبرکلینم) — **بورکس**

پُر حس

سر کے بال پُر حس اور پُر درد ہوں۔ چھونے سے درد ہو۔ بال چھونے پر درد کریں۔ بالعموم ورم کی صورت میں۔ — **چائنا۔ اسارم، ایپس میلیفیکا**

عورت / مرد

عورتوں کے چہرے پر بال ہوں۔ — **اولیم جیک۔ تھوجا**

مردوں کے چہرے یا جسم پر بال زیادہ پیدا ہوں۔ — **سورینم۔ نیٹرم میور۔ سلفر۔ کلکیریا**

بائی کے درد

ادل بدل

علامات	دوا
بائی کے درد اور اسہال یا پیچش ادل بدل کر ہوتے ہوں۔	کالی بائی
بائی کے درد اور اسہال آپس میں بدلتے رہتے ہوں۔	ابراٹینم
بائی کے درد اور معدے کی تکلیف باری باری سے ہوں اگر ایک تکلیف ختم اس میں ظاہر ہو تو دوسری بہار میں۔	ابراٹینم
بائی کے درد جو دل کی تکلیف کے ساتھ ہوں یا اس کے ساتھ ادل بدل کر ہوں	کالمیا

اعضاء

کندھا۔ دائیں کندھے اور بازو میں بائی کا درد جو رات کو بستر میں بڑھ جاتا ہے۔

علامات	دوا
بازو اوپر نہیں اٹھایا جا سکتا ایسا کرنے سے تکلیف بڑھ جاتی ہے	سنگونیریا
کندھے میں بائی کے درد خصوصاً دائیں کندھے میں۔	فیرم فاس
کندھے کے جوڑ میں بائی کا درد، بازو کو اوپر اٹھانے سے درد بڑھ جائے اسٹاکس،	سنفلینم
بائیں کندھے میں درد جسے چلنے پھرنے سے آرام آجائے۔	فیرم میٹ

علامات	دوا
بازو:۔ دائیں بازو اور کندھے میں بائی کا درد جو رات کو بستر میں بڑھ جائے	سنگونیریا
بائیں بازو میں درد اور ساتھ ہی دل کی تکلیف (کالمیا)۔	رسٹاکس

علامات	دوا
کلائی کلائی کے جوڑوں اور پاؤں کی انگلیوں کی گٹھیا دی سوجنیں ایسی دردیں عموماً حیض کے دوران یا اس کی خرابی یا بے قاعدگی کے نتیجے میں ہو جاتی ہیں۔	سبائنا، کالوفائیلم

علامات	دوا
ٹانگ:۔ ٹانگ میں لنگڑی کا درد (کالوسنتھ)	رسٹاکس
بائی کے دردوں میں زیادہ تر گھٹنا اور ٹخنے متاثر ہوتے ہیں۔	پلسانیلا

علامات	دوا
پاؤں گیلا ہو جانے سے بائی کی دردیں ہو جائیں۔	نکس موشکاٹا
بائی کے درد کے ساتھ پاؤں کے تلوے میں چبھن اور درد تلوے میں۔	انٹم کروڈ
پاؤں کے تلوؤں اور ٹخنوں میں بائی کا درد	لیڈم پال، بسیلیشیا
پاؤں کی مزمن سوجن بائی کے دردوں میں	لیڈم پال
ٹخنے کے جوڑ کی کمزوری۔ گھٹے ہوئے پٹھے اور پہلو کے جوڑ میں دکھن	کالوسنتو

دائیں پاؤں اور ٹخنے میں بائی کے درد اگر برائی اونیا۔ رسٹاکس کام نہ کریں تو چیلیڈونیم دیں۔ — برائی اونیا۔ رسٹاکس

آوارہ، متحرک درد

بائی کے درد جو جسم کے ایک حصے سے دوسرے حصے تک حرکت کریں پلساٹیلا۔ کالی سلف۔ کالی بائی۔ لیک کنائینم۔ — ٹیوبرکلینم

بائی کے درد خصوصاً عورتوں میں۔ چھوٹے جوڑوں میں آوارہ درد جو کہ محض چند منٹوں میں جگہ تبدیل کرے (پلساٹیلا) متاثرہ جوڑوں میں دکھن اور اکڑاؤ — کالوفائیلم

شدید بائی کی دردیں جو اچانک جگہ تبدیل کریں۔ ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ میں چلی جائیں۔ جوڑ گرم، سرخی مائل۔ سوجے ہوئے۔ درد اوپر والے اعضاء سے نیچے والے اعضاء میں آئیں کبھی دل پر اور کبھی جوڑوں پر حملہ کریں۔ ذرا سی حرکت سے درد بڑھ جائیں۔ — کالمیا

بد اثرات پانی میں کام کرنے کی وجہ سے بائی کے دردیں شروع ہو جائیں۔ — کلکیریا کارب

جسم گرم اور پسینہ میں تر ہو جانے کے بعد گیلا ہو جانے سے بائی کے درد ہو جائیں۔ — رسٹاکس

اسہال یا دیگر اخراجات کے اچانک رک جانے یا روک دیئے جانے سے جسم میں شدید دردیں پیدا ہو جائیں۔ — ابراٹینم

بستر رات کے وقت اور بستر کی گرمی سے دردوں میں اضافہ ہو۔ — لیڈم پال۔ مرک سال

مریض دکھنے والے اعضاء کو بستر سے باہر رکھنا چاہتا ہے۔ — لیڈم پال۔ مرک سال

شدید دردیں جو مریض کو بستر سے باہر نکل کر ادھر ادھر چلنے پر مجبور کریں — فیرم میٹ۔ کیمومیلا

رسٹاکس، ویریٹرم البم۔ — مرک سال

دائیں کندھے اور بازو کا درد رات کو بستر میں بڑھ جاتا ہے۔ بازو اوپر اٹھایا نہیں جا سکتا۔ — سنگونیریا

پسینہ، پیشاب

درد کی شدت کی وجہ سے پسینہ آجائے۔ — کیمومیلا

دردوں میں کثرت سے پسینہ آئے۔ لیکن پسینے سے تکالیف میں افاقہ نہ ہو۔ اگر مرک سال کام نہ کرے تو ہیپر سلفر دیں۔ — مرک سال

پیشاب کی تکلیف کے ساتھ بائی کی یا گٹھیاوی تکالیف — **بربرس ولگرس**

بائی کی دردیں جن کے ساتھ پیشاب میں سفید ریت جیسے ذرات موجود ہوں۔ — **سارسپریلا**

جوڑ

جوڑوں میں زبردست سختی اور اکڑاؤ۔ پٹھے گویا سکڑ گئے ہوں۔ منہ کھولنا بھی دشوار ہو۔ اعضا ٹیڑھے کر بدشکل ہو جائیں۔ — **کاسٹیکم**

چھوٹے جوڑوں میں گرہیں۔ جوڑ سوجے ہوئے اور گرم لیکن سرخ نہیں ہوتے۔ بلکہ بے رنگ سے ہوتے ہیں۔ — **لیڈم پال**

جوڑ سخت اکڑے ہوئے اور ان میں دکھن ہو۔ — **رسٹاکس**

جوڑوں میں درد جب ان میں بے رنگ سی سوجن ہو۔ متاثرہ جوڑ زبردست درد کریں چبھن دار دردیں۔ چھونے اور ذرا سی حرکت سے دردوں میں زبردست اضافہ ہو۔ — **برائی اونیا**

جوڑوں میں گٹھیاوی دردیں۔ مریض کے متاثرہ جوڑ کو جب چھوا جائے تو وہ درد سے چیخ اٹھتا ہے جوڑوں میں سوجن جو ایک جوڑ سے دوسرے میں چلی جائے۔ ایسا معلوم ہو کہ سوجن میں پانی بھرا ہے۔ اسے دبانے پر گڑھا پڑ جائے۔ — **کالچیکم**

جوڑوں کی حاد سوجن جو ایک جوڑ سے دوسرے جوڑ تک جائے۔ رات کے وقت اور آرام کرنے سے تکلیف بڑھ جائے۔ طوفانی موسم میں علامات میں زبردست شدت ہو (رسٹاکس۔ کالمیا) — **روڈوڈنڈران**

چھونا، دبانا

چھونے اور دبانے سے بائی کی دردوں میں زیادتی ہو۔ — **برائی اونیا**

گٹھیاوی یا بائی کی دردیں ساتھ ہی مریض کو چھوئے جانے یا کسی کے ساتھ لگ جانے کا زبردست ڈر ہو۔ (اگر آرنیکا کام نہ کرے تو ہیمامیلس دیں) — **آرنیکا**

حرکت

حرکت سے بائی کی تکالیف میں اضافہ۔ برائی اونیا۔ لیڈم۔ سمی سی فیوگا۔ نکس وامیکا — **کالچیکم**

حرکت کے آغاز میں تکلیف بڑھے لیکن لگاتار حرکت سے بائی کے دردوں میں عارضی طور پر افاقہ ہوتا ہو۔ لہٰذا مریض میں لگاتار حرکت کرنے کی خواہش ہوتی ہے۔ آرام اور سکون کی حالت میں دردوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ — **رسٹاکس**

بائی کی دردیں حرکت پر مجبور کریں۔ لیکن حرکت سے آرام نہ آئے۔ — **کاسٹیکم**

درد اتنا شدید ہوتا ہے جو حرکت پر مجبور کر دیتا ہے اور آہستہ آہستہ حرکت کرنے سے تکلیف میں افاقہ ہوتا ہے (لائیکوپوڈیم۔ فیرم میٹ) — **پلساٹیلا**

حرکت سے باٹی کے درد بڑھ جائیں لہذا مریض خاموشی سے لیٹا رہے۔ بعض اوقات درد کی شدت مریض کو حرکت پر مجبور کر دیتی ہے۔ — برائی اونیا

دل

باٹی کے دردوں میں دل بھی متاثر ہو جائے۔ تیز بخار بھی موجود ہو۔ — کالمیا

رُخ

باٹی کی اور گٹھیا وی دردیں نیچے والے اعضاء سے اُوپر والے اعضاء کی طرف جائیں۔ (کالمیا۔ کالوفائیلم) مزمن باٹی کی دردیں۔ — لیڈم پال

باٹی کی دردیں اُوپر والے اعضاء سے نیچے والے اعضاء کی طرف جائیں (کیکٹس) — کالمیا

باٹی کی دردیں اُوپر سے بائیں ہاتھ کی طرف چلیں۔ — کالمیا۔ رسٹاکس

باٹی کی دردیں اُوپر والے اعضاء سے شروع ہوں — کیکٹس

جسم کے آرپار سفر کرنے والے باٹی کے درد۔ مثلاً ایک دن دایاں بازو متاثر ہوتا ہے اور دوسرے دن بایاں اور تیسرے دن پھر دایاں۔ — لیک کنانم

موسم۔ گرمی، سردی

موسم کی تبدیلی سے دردوں میں اضافہ ہو جائے۔
کلکیریا۔ کلکیریا فاس۔ روڈوڈنڈران کالمیا — لیڈم

سرد موسم میں باٹی کے درد جو کہ بہار میں ٹھیک ہو جائیں اور خزاں میں پھر نمودار ہو جائیں۔ — کلکیریا فاس

نم آلود موسم میں تکالیف بڑھ جائیں — فائٹولیکا

نمدار، سرد اور طوفانی موسم میں دردوں میں اضافہ ہو جاتے۔ روڈوڈنڈران — رسٹاکس

ٹھنڈے مرطوب موسم میں تکالیف بڑھ جائیں۔ رسٹاکس — نکس موشکاٹا

گرمی سے دردوں میں اضافہ، کھلی ہوا اور ٹھنڈک سے افاقہ — پلساٹیلا۔ کالی سلف

گرمی سے تمام دردوں اور علامات میں افاقہ — رسٹاکس

باٹی کے درد کو گرمی سے افاقہ — کالی بائی

دردوں کو گرمی سے افاقہ۔ مریض پاؤں کو ہر وقت لپیٹ کر رکھتا ہے — سلیشیا

دردیں جب برف پگھل رہی ہو۔ — کلکیریا فاس

درد خشک ٹھنڈی اور تیز ہوا سے پیدا ہوں۔ — ایکونائٹ۔ کاسٹیکم

دردوں کے ساتھ مریض سخت سردی محسوس کرے۔ — لیڈم پال۔ سلیشیا

نم دار ٹھنڈک کے لگ جانے سے بائی کی دردیں ہو جائیں۔ گردن اکڑ جائے
کمر میں درد ہو جائے یا بازو شل ہو جائے — ڈلکامارا
دردوں میں سردی سے زبردست افاقہ مریض پاؤں ٹھنڈے پانی میں رکھتا ہے۔ — لیڈم پال

وقت

شدید درد جو حرکت کرنے سے اور رات کے وقت بڑھ جائیں — لیڈم پال
رات کے وقت تکالیف میں اضافہ　　لیڈم پال۔ سلیشیا۔ — مرک سال
درد سے شدید بے چینی صرف رات کے وقت — کاسٹیکم
درد سے شدید بے چینی　　ہر وقت — رسٹاکس
شام کے وقت دردوں میں اضافہ — پلساٹیلا۔ کالی سلف

دردوں میں ہر دوسرے دن شدت ہو جاتے۔ — چائنا

متفرق

بائی کی دردیں خصوصاً گوشت کی مچھلیوں میں جن کی وجہ سے تمام جسم دکھتا ہے
دردیں چوتڑ سے رانوں میں جاتی ہیں۔ گردن اکڑ جاتی ہے۔ سر پیچھے کی طرف
کھچ جاتا ہے اور حرکت ناممکن ہو جاتی ہے۔ مرطوب موسم میں تکلیف زیادہ
ہو جاتی ہے۔ — سمسی فیوگا

بائی کی دردوں کے ساتھ تمام جسم زبردست گرم، چہرہ سرخ اور گرم۔ مریض
غم گینی اور خود کشی کا رجحان۔ آرم میٹ — نکس وامیکا۔ ناجا

غمگینی رنجیدگی۔ نیٹرم میور۔ فاسفورک ایسڈ۔ اناکارڈیم۔ — سٹفی سائیگریا۔ انٹم کروڈ

غمگین، رونے والا ذہن۔ آسانی سے رو دے۔ چپکے چپکے غم میں مبتلا رہے
مطیع فرمانبردار۔ دلاسہ دینے سے ڈھارس بندھ جائے۔ — پلساٹیلا

غمگین۔ مایوس، روتا ہے۔ تسلی کے الفاظ سے زیادہ رونے لگتا ہے اور
طبیعت خراب ہوتی ہے — نیٹرم میور

غمگین شدید روئے، غمگینی طاری رہے۔ شوہر اور عزیزوں سے محبت
کا احساس مٹ جائے۔ — سیپیا

غمگین اور شدید اداس۔ مریضہ اپنے آپ کو کالے بادلوں میں گھرا ہوا
محسوس کرتی ہے کہتی ہے کہ وہ پاگل ہو جائے گی۔ نیند اڑ جاتی ہے — اکٹیا ریسی موسا

غمگین زبردست جس کے فوراً بعد خوش ہو جائے۔ ایکونائٹ۔ اگنیشیا۔ کروکس۔ — پلاٹینا۔ نکس موشکاٹا

غم کی حالت سے ہشاش بشاش ہو جائے۔ اور خوش باش حالت سے
سکوت و خاموشی اختیار کرے۔ گویا غمی اور خوشی باری باری پائی جائیں۔ — پلاٹینا

لمبے عرصے تک غم میں مبتلا رہنے کے برے اثرات۔ — اگنیشیا

غمزدہ۔ زندگی سے نفرت کا اظہار کرے۔ معمولی معمولی باتوں سے بہت
متاثر ہو۔ — انٹم کروڈ۔ پلساٹیلا

غصّہ

ذرا سی مخالفت سے آگ بگولا ہو جائے (کونیم) — آرم میٹ

اپنے اور دوسرے لوگوں کے افعال پر شدید ترین غصّے کا اظہار کرے۔ غصّے
اور ہتک سے پیدا شدہ برے اثرات۔ غصّے کو دبانے کے بد اثرات۔ — سٹفی سائیگریا

غصہ ہونے کی حالت میں پسینہ آجائے۔ — نکس وامیکا

غصہ شدید آجائے معمولی معمولی باتوں پر۔ کیمومیلا۔ سٹفی سائیگریا۔ نکس وامیکا — اگنیشیا۔ پلاٹینا

غسل

غسل سے تمام تکالیف بڑھ جاتی ہیں۔ نہانے دھونے سے تکالیف میں اضافہ ہو۔ — امونیا کارب

ٹھنڈے پانی میں نہانا نہ چاہے۔ نہانے سے نفرت۔ نہانے کے بداثرات دریا پر نہانے سے سردرد۔ — انٹم کروڈ

بچہ نہلایا جانا برداشت نہ کرے۔ نہانے دھونے کے باوجود جسم سے بدبو۔ — سلفر

ٹھنڈے پانی سے نہانے سے تکلیف بڑھ جانے۔ دریا یا جھیل پر زیادہ دیر تک نہانے سے تکالیف بڑھ جائیں۔ دریا یا جھیل پر زیادہ دیر تک نہانے سے خرابی۔ — رسٹاکس سلفر

عبادت

لگاتار عبادت کرنے کا خواہشمند۔ — سٹرامونیم۔ اناکارڈیم

غرور

غرور، تکبر نمایاں۔ اپنے متعلق بہت بلند رائے رکھتا ہے اور دوسروں کو اپنے آپ سے حقیر سمجھتا ہے۔ اردگرد کی چیزیں چھوٹی معلوم ہوتی ہیں۔ — پلاٹینا

غنودگی

غنودگی کی رہنما ادویات — نکس موشکاٹا
غنودگی. لیکن اگر اس سے بات کی جائے تو وہ آسانی سے سمجھ سکتا ہے۔ — انٹم ٹارٹ. اوپیم، پپٹیشیا بسلفر. ایپس

گہری غنودگی کی کیفیت جس میں بعض اوقات زبردست چیخیں مارے۔ — ایپس ہیلی بورس

غنودگی. مریض اکثر اونگھتا رہتا ہے اور سونے پر مجبور ہوتا ہے. منہ کی خشکی تمام تکالیف میں نیند کا غلبہ. مختلف تکالیف سے غنودگی پیدا ہو جاتی ہے۔ — نکس موشکاٹا

غنودگی، چہرے کا رنگ سرخ مائل بہ سیاہ. سانس خراٹے دار۔ — اوپیم

غنودگی. حواس گم. افسردگی. مریض گردو نواح سے بے خبر. لیکن اگر اُسے جگایا جائے تو اچھا بھلا ہوش میں آ جائے — فاسفورک ایسڈ

غنودگی بخار میں، جواب دیتے وقت مریض غنودگی میں چلا جاتا ہے،
غنودگی کے ساتھ پیشاب، پاخانہ خود بخود خارج ہو جائیں — آرنیکا

غنودگی. خیالات پریشان ہوں ایسے معلوم ہو جیسے مریض نے شراب پی رکھی ہے بات چیت کرتے کرتے یا جواب دیتے دیتے غنودگی میں چلا جائے۔ — بپٹیشیا

غنودگی لیکن پیاس کا نہ ہونا. کمزوری اعصابی اور کپکپاہٹ — جیلسیمیم
دودھ کی قے کے بعد بچہ غنودگی میں چلا جائے۔ — ایتھوزا

غشی

چکر حس کے ساتھ غشی بھی ہو جائے۔ — نکس وامیکا
ہسٹریائی غشی. کھاتے وقت. ماہواری کے دوران، دل کی تکلیف کے ساتھ ہسٹریائی غشی کا دورہ۔ — ماسکس

فالج

کاسٹیکم
فالج کے لیے چوٹی کی دوا ہے ۔ واحد اعضا کا فالج (فالج عموماً دائیں طرف کا ۔ لیکیس بائیں طرف کا) ۔ مقامی فالجوں میں بھی کامیاب دوا ہے ۔ جوڑ کھچ کر بدشکل ہو جاتے ہیں ۔ چہرے حنجرے غذا نگلنے والے عضلات ۔ پپوٹوں کا فالج ۔

اگنیشیا
ہسٹریائی مزاج کے مریض ہیں فالج کے لیے انتہائی مفید دوا ہے ایسے مریض جن کا مرض بہت خطرناک نوعیت کا نہ ہو ۔ (ایکونائٹ ۔ کیموملا ۔ کافیا)

رسٹاکس
فالج جس کے ساتھ عضو سُن ہو جاتے ۔ بھیگ جانے ۔ مرطوب زمین پر سونے ۔ تھک جانے یا کثرت مباشرت سے فالج ۔

سیکیل کار
جلد سُن ہو جائے ۔ اُس کے اُوپر چیونٹیوں کے چلنے کا احساس اور آخر کار فالج ۔ اطراف کا فالج ۔ احساس کہ جسم کے تمام اعضا پر چونٹیاں رینگ رہی ہے ۔

کاکولس — فالجی کمزوری جس میں کمر میں درد ہو ۔

جیلسیمیم — فالج اعصابی کمزوری سے کانپنا ۔

پلمبم — نیچے والے اعضا کا فالج ۔

نیٹرم میور — کثرت مباشرت سے فالج ہو جانے

کونیم — فالج نیچے سے شروع ہو کر اُوپر آتا ہے ۔ لڑکھڑاتی چال ۔

اوپیم — احساس ختم ہو جاتے ۔ جزوی یا مکمل فالج ۔

فاصلہ

فاصلے کا اندازہ قطعاً نہیں رہتا۔ چند فٹ دُور کی چیزیں کئی گز دور معلوم ہوتی ہوں۔ — کنابس انڈیکا

فلاسفر

فلاسفر سمجھے اپنے آپ کو۔ — سلفر

فیصلہ

کسی بات کے متعلق جلدی فیصلہ نہ کر سکے۔ — پلساٹیلا
کسی بات کے متعلق جلدی فیصلہ نہ کر سکے ہچکچاہٹ محسوس کرے۔ — گریفائٹس

قبض

شدید قبض

پاخانہ سخت، گرہ دار، سخت خشک گویا کہ جلا ہوا ہو (برائی اونیا)
شدید درد سے خارج کیا جا سکے۔ مقعد کے ارد گرد جگہ سُرخ اور
چھیلی ہوئی ہو۔

سلفر

شدید قبض ضدی قسم کی۔ ساتھ ہی کم درد۔ جب سلفر سے افاقہ نہ ہو

سورینم

شدید قبض جو قبض کشا ادویات، مسالہ جات کے استعمال سے یا زیادہ تر
بیٹھے بیٹھے کام کرنے کی وجہ سے ہو۔ جس میں پاخانہ کی بار بار، نامکمل حاجت ہو۔
حاجت کے بعد عارضی تسکین ہو۔

نکس وامیکا

شدید قبض پاخانہ سخت خشک گویا کہ جلا ہوا ہو (سلفر)۔ پاخانہ کی حاجت
ہی نہ ہو۔ شدید پیاس۔ قبض میں برائی اونیا اور ایلومینا میں کئی لحاظ سے مشابہت
ہے اور یہ ایک دوسرے کی مددگار ہیں

برائی اونیا

شدید قبض پاخانہ سخت مشکل سے خارج ہو گرہ دار مینگنیوں کی شکل
میں۔ مقعد سے باہر آتے ہی ٹکڑے ٹکڑے ہو کر گرے۔

نیٹرم میور، میگ میور
ایمونیا میور، میگ کارب

شدید قبض، پاخانہ گول گول مینگنیوں کی شکل میں اور سیاہ رنگ کا۔ یہ
احساس کہ گویا مقعد میں ڈوری بندھی ہے اور کوئی اسے اوپر کھینچ رہا ہے۔

پلمبم

شدید قبض بہت سیاہ پاخانہ جو شدید زور لگانے سے بھی
خارج نہیں ہوتا اور ماتھے پر سرد پسینہ آ جاتا ہے۔ پھر مریض ناتوانی کی
وجہ سے پاخانے کی کوشش ترک کر دیتا ہے۔

ویریٹرم البم

شدید قبض، پاخانہ مشکل سے خارج کرنے۔ جس سے مقعد پھٹ
جائے۔ بعد میں شدید درد ہو۔ اگنیشیا۔ ایلومینا۔

نیٹرم میور، نائٹرک ایسڈ

شدید قبض، پاخانہ پر بہت زور لگانا پڑے اور مریض ہر وقت تھکا تھکا
رہے۔

السٹرس فیری نوسا

شدید قبض، پاخانہ بڑی مشکل سے اور زور لگانے سے خارج کر سکے۔

کاسٹیکم۔ فاسفورس

شدید قبض، پاخانے کے وقت چیخ نکل جائے۔

لیک ڈٹمی فلوریٹم

مزمن قبض جبکہ کسی دوا کی واضح علامات ظاہر نہ ہوں۔

ہائیڈراسٹس

قبض

حاجت پاخانہ کی

بار بار، ناکام، ناتمام حاجت پاخانہ کی ۔ نکس وامیکا ۔ کاسٹیکم ۔ — لائیکوپوڈیم ۔ اناکارڈیم

بار بار، ناکام، ناتمام حاجت پاخانہ کے بعد کچھ وقت کے لیے سکون ہو۔ — نکس وامیکا

بار بار، ناکام، ناتمام حاجت پاخانہ کھڑے کھڑے ٹھیک طور پر آتے۔ — کاسٹیکم

بار بار، ناکام، ناتمام حاجت، مقعد میں ڈاٹ لگا ہونے کا احساس۔ — اناکارڈیم

بار بار، ناکام، ناتمام حاجت لیکن جب وہ پاخانے کی کوشش کرتا ہے تو اُسے سخت درد محسوس ہو۔ مقعد گویا بند ہو چکا ہے پاخانہ بہت بدبودار۔ — لیکیسس

حاجت ہی نہ ہو

پاخانہ کی حاجت ہی محسوس نہ ہو ۔ اوپیم ۔ سلفر — برائی اونیا ۔ ایلومینا

کئی کئی دن تک پاخانہ کی حاجت ہی نہ ہو۔ بالآخر انیما سے پاخانہ خارج کرنا پڑے جو سیاہ گولیوں کی شکل میں ہو۔ — اوپیم

قبض میں پاخانہ کی ساخت

خشک سخت

پاخانہ خشک سخت جیسے جلا ہوا ہو۔ — سلفر ۔ برائی اونیا

پاخانہ خشک سخت لمبا پتلا جیسے کتے کا پاخانہ ہوتا ہے ۔ — فاسفورس ۔ سٹفی سائگریا

بھربھرا ۔ سیاہ بدبودار

پاخانہ بھربھرا ہو۔ جو خارج ہوتے ہی ٹکڑے ٹکڑے ہو کر گرے — میگ میور ۔ امونیا میور
نیٹرم میور۔

بہت سیاہ اور شدید بدبودار پاخانہ۔ — پائیروجینم

مینگنی، گیند، ربن کی مانند

سخت گول مینگنیوں کی شکل کا پاخانہ۔ اوپیم ۔ پلمبم — چیلیڈونیم ۔ تھوجا

کالا سیاہ گیند کی شکل کا پاخانہ — اوپیم، تھوجا

فیتے، ربن کی شکل کا پاخانہ۔ — آرنیکا

بلغم سے جڑا ہوا

پاخانے پر بلغم جس کی وجہ سے پاخانہ چمکتا ہے یوں محسوس ہوتا ہے کہ پاخانہ

پر چکنائی لگی ہے۔ — ایمونیا میور، کاسٹیکم
پاخانے کے ٹکڑے بلغمی دھاگوں سے جڑے ہوتے۔ پاخانے کے بعد بلغم آئے۔ مزمن قبض۔ — گریفائٹس
نرم کیچڑ کی مانند پاخانہ جو مقعد سے چپک جائے۔ — پلاٹینا

پاخانہ کسی چیز سے نکالنا پڑے

ضدی قسم کی قبض جس سے پاخانہ خارج کرنے کے لیے زور لگانا پڑتا ہے۔ پاخانہ کسی چیز سے یا انگلیوں سے باہر نکالنا پڑے۔
سلینیم۔ ایلوز۔ سینی کیولا — سیپیا، سلیشیا

پاخانہ باہر پھر اندر

قبض میں پاخانہ کچھ باہر آنے کے بعد پھر واپس اندر چلا جائے
سلیشیا۔ تھوجا — اوپیم۔ سینی کیولا

مقعد

مقعد کی فالجی کیفیت نرم پاخانہ کے لیے بھی زور لگانا پڑے۔
ایلومینا۔ اناکارڈیم۔ پلاٹینا۔ سلیشیا۔ نیٹرم میور۔ ویریٹرم البم۔ فاسفورس۔ کاربو ویج
کاسٹیکم

مقعد میں کھچاؤ کا احساس۔ — لیکیسس۔ کاسٹیکم۔ نائٹرک ایسڈ — لائیکوپوڈیم
مقعد میں ڈاٹ لگا محسوس ہو۔ — اناکارڈیم
مقعد میں گویا کسی نے شیشہ پیس کر ڈال دیا ہو۔ — رٹینیا

پاخانہ کے بعد

پاخانہ کے بعد شدید درد جو کئی گھنٹے جاری رہے۔ سلفر۔ نائٹرک ایسڈ — رٹینیا۔ سیپیا
پاخانہ کے بعد شدید درد مقعد کو صاف کرنے پر شدید درد ہو۔ — گریفائٹس

حیض، حمل کی قبض

حیض کے دوران قبض۔ — نیٹرم میور
حیض سے پہلے اور بعد قبض کی تکلیف بڑھ جائے۔ — سلیشیا
حمل کے دوران قبض۔ — ایلومینا۔ سیپیا

بچوں کی قبض

بچوں کی قبض۔ ایلومینا۔ اناکارڈیم۔ سیپیا۔ سیلیشیا — وریٹرم البم
ڈبوں اور بناوٹی دودھ پر پلنے والے بچوں کے لیے مجرب ہے۔ — ایلومینا

بوڑھوں کی قبض، سفر میں قبض

بوڑھوں کی قبض — اوپیم۔ ایلومینا — لائیکوپوڈیم
سفر کرنے والوں کی قبض۔ پاخانہ نرم لئی کی مانند۔ مقعد سے چپک جائے — پلاٹینا
سمندری سفر کرنے والوں کی قبض۔ — برائی اونیا

متفرق

بدبودار سانس قبض میں، زبردست بدبودار۔ — کاربالک ایسڈ — اوپیم۔ سورینم
قبض کی صورت میں ٹھوس پاخانہ بغیر پتہ لگے خارج ہو۔ — ایلوز
خوف/ڈر کے بعد غیراختیاری پاخانے۔ — اوپیم۔ جیلسیمیم

قبض اور اسہال باری باری
نکس وامیکا۔ سلفر۔ انٹم کروڈ۔ چیلیڈونیم۔ ابرائینیم۔ کالنسونیا — وریٹرم البم
قبض میں پاخانہ کھڑے کھڑے اچھی طرح خارج کرسکے۔ — کاسٹیکم
قبض ہونے کی صورت میں ہر لحاظ سے بہتر محسوس کرے۔ — کلکیریا کارب
پتہ نہ چلے کہ ہوا خارج ہو یا پاخانہ
نیٹرم میور۔ ایلوز۔ آئیوڈیم۔ مورٹیک ایسڈ — اولینڈر۔ پوڈوفائیلم

ضدی قسم کی قبض جس میں پیشاب رک جائے۔ — کنابس سٹائیوا

نوٹ:۔ قبض میں برائی اونیا اور ایلومینا ایک دوسرے کی مددگار ہیں۔ نیٹرم میور۔ برائی اونیا کا مزمن ہے۔

قتل

قتل کرنا چاہے عورت اپنے خاوند کو، یا بچے کو آگ میں پھینکنا چاہے۔ — نکس وامیکا
کسی کو قتل کر ڈالنے کی خواہش۔ — آرسنک البم۔ آئیوڈیم
خیال کرے کہ کوئی اُسے قتل کرنا چاہتا ہے۔ — ہائیوسائیمس
خیال کرے کہ اُسے قتل کر دیا جائے گا۔ لوگ اُسے مارنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ — کالی برومیٹم

قریب آنا

قریب آنا کسی کا بھی برداشت نہ کر سکے۔ — کیموميلا
قریب آنا کسی کا بھی پسند نہ کرے۔ — سائنا

قسمیں کھانا

قسمیں کھائے معمولی معمولی باتوں پر۔ بُرا بھلا کہے — اناکارڈیم۔ لیک کنائنم۔
قسمیں کھائے ذرا سے جوش جذبہ میں آنے پر۔ — للیم ٹگ۔ نائٹرک ایسڈ۔ لیک کنائنم

قولنج

بچوں کا قولنج۔ میگ فاس۔ کالوسنتھ۔ کیمومیلا — **سٹفی سائیگریا**

شدید قولنجی درد جسے دوہرا ہوجانے یا کسی چیز سے زور سے دبانے پر آرام آئے۔ قولنج میں اکثر قے اور اسہال ہوں۔ (اگر کالوسنتھ فیل ہوجائے تو سٹینم کو دھیان میں رکھیں) — **کالوسنتھ**

قولنج نفخ والا۔ اینٹھن والے درد۔ دردوں کو آرسنک کی مانند گرم چیزوں کی ٹکور کرنے یا اُن کے لگانے سے آرام آنے۔ رحم کی تکالیف میں ترجیحی دوا ہے۔ — **میگ فاس**

غصے سے قولنج یا کوئی اور تکلیف ہوجائے (کالوسنتھ) بچوں کے قولنج میں بہت ہی اچھی دوا ہے۔ بچہ کرب میں کروٹیں بدلتا ہے لیکن کالوسنتھ کی طرح دوہرا نہیں ہوتا۔ (اگر قولنج میں کیمومیلا کام نہ کرے تو پوڈوفائیلم دیں) — **کیمومیلا**

بچوں کا قولنج۔ ایسے بچے جن کے دانتوں کا رنگ کالا ہوجائے بچے کے پیدا ہوتے ہی خراب رہتے ہوں۔ قولنج کی مزمن شکایت۔ — **سٹفی سائیگریا**

شدید قولنجی درد جو ناف سے شروع ہوکر پورے جسم میں پھیل جائے دوہرا ہونے سے دردیں بڑھ جائیں لیکن جسم کو سیدھا پھیلانے، سیدھا کھڑا رہنے یا پیچھے کی طرف جھکنے سے آرام آئے — **ڈائسکوریا**

قولنج جو مریض کو کالوسنتھ کی طرح دوہرا کر ڈالے۔ لیکن وہ آرام کے لیے ادھر اُدھر چلے۔ شدید نقاہت ہو۔ ٹھنڈا پسینہ خصوصاً پیشانی پر۔ — **ویریٹرم البم**

انتہائی شدید قولنج۔ احساس کہ ناف ایک دھاگے سے بندھی ہے اور کھینچ کر ریڑھ کی ہڈی یا پیٹھ کے ساتھ ملائی گئی ہے۔ — **پلمبم**

ٹھنڈی اشیاء لگانے اور ٹھنڈی ہوا سے قولنجی دردوں کو آرام آئے۔ — **پلساٹیلا**

قولنج کو صرف اسی صورت میں آرام آئے جب بچے کا پیٹ ماں کے کندھے سے لگا ہو سخت دباؤ سے قولنجی دردوں کو آرام آئے۔ کالوسنتھ کے بعد کاسٹیکم یا یہ دوا دیں۔ — **سٹینم**

قولنج اور اسہال۔ بچہ ہفتوں تک رات اور دن چلاتا ہے۔ — **جلاپا**

کان

درد

سرد ہوا لگنے سے کان کا شدید ترین درد۔ — ایکونائٹ۔ فیرم فاس
کان درد یکدم شروع ہو اور پھر یکدم بند ہو جائے پھر شروع ہو جائے۔ — بیلاڈونا
شدید کان درد، پھاڑنے والے درد جن سے چیخیں نکل جائیں۔
کان پر حس خصوصاً ٹھنڈی ہوا سے مریض تنک مزاج ہو۔ — کیموملا
کان درد خسرہ کے بعد کان درد۔ کان سے زرد مواد بہے۔ بار بار
کان درد ہو۔ مریض نرم مزاج ہو۔ — پلساٹیلا
کانوں میں شدید درد ہو۔ خونی بدبودار مواد خارج ہو۔ دائیں طرف
کا درد شدید ہو۔ رات کو درد والی طرف لیٹنے سے درد بڑھیں
باہر والے حصے پر پھوڑے پھنسیاں۔ — مرک سال
مختلف اعضا کا درد جس سے کان بھی درد کرنے لگے۔ کالی بائی۔ — ہیپر سلفر۔ بیک کنائم
کان درد میں جب کالی بائی یا ہیپر سے مطلوبہ فائدہ حاصل نہ ہو۔ — ہائیڈراسٹس

کان کا بہنا

کان سے زرد مائل سبز گاڑھی غیر تیزابی رطوبت کان سے خارج ہو۔
نرم مزاج مریض۔ — پلساٹیلا
بدبودار پیپ کا اخراج۔ چلتا ہوا اخراج بند ہو جانے سے تکالیف
پیدا ہو جائیں۔ — سلیشیا
مواد پتلا، تیزابی، خونی بدبودار۔ کان کا درد اور چہرے کا درد رات کو بڑھ
جائے کان کے باہر والے حصے پر پھوڑے پھنسیاں ایکزیما۔ — مرک سال
کانوں میں سے بدبودار چپکنے والا مواد خارج ہو۔ — گریفائٹس۔ سورینم
پتلا تیزابی بدبودار اخراج جو کافی عرصے سے بہتا رہا ہو۔ — ٹیلیوریم
کان کا مزمن بہنا۔ پیپ دار اخراج۔ گلے سڑے گوشت کی مانند بدبودار — تھوجا
گاڑھی لیسدار زرد رنگ کی رطوبت کان سے بہے۔ — ہائیڈراسٹس
موٹے بچے اور بڑے اشخاص جن کے سر پہ بہت پسینہ آتا ہو۔
ایسے لوگوں کے کان بہیں۔ — کلکیریا کارب
کان بہنے کے پرانے کیس جو ٹھیک ہونے میں ہی نہ آئیں۔ — سلفر

کان بطور بیرونی عضو۔ اِن کے اُوپر، آگے پیچھے، رنگ

کان سُوجے ہوتے۔ — پلساٹیلا۔ کلکیریا کارب
کان کے باہر والے حصے پر پھوڑے۔ پھنسیاں۔ — مرک سال۔ پکرک ایسڈ
کانوں کا بیرونی حصہ جلے اور بہت سُرخ ہو۔ — سلفر
کان کے پیچھے اگزیما جس میں سے سفید، خاکستری، چپکنے والا مواد خارج ہو۔ گریفائٹس۔
کانوں کے پیچھے زخم اور کان سے چپکنے والا، شدید بدبُودار مواد جس کی بُو گلے سڑے گوشت کی سی ہو۔ مزمن کان کا بہنا جو کہ خسرہ اور سُرخ تپ کے بعد رہ جاتے۔ — سوریئم۔ سیپی۔ کیمولا
کان کے پیچھے کی اُٹھی ہوئی ہڈی کی سوزش، کان کے پیچھے سوجن، پُر درد، پُرحس (بر اتیا کارب)۔ — سوریئم
کان کے پیچھے اگزیما۔ — کیپسیکم
کان نیلے رنگ کے ہو جائیں۔ — گریفائٹس
کان سُرخ ہو جائیں۔ ایگریکس — ٹیلیوریم۔ پلساٹیلا۔ سلفر

آواز، فتور سماعت، شور و غل

کانوں میں گھنٹیاں بجیں۔ — چائنا۔ ارجنٹم نائٹ
کانوں میں آوازیں اور پھڑ پھڑاہٹ۔ — کالی میور
کانوں میں شور و غل اس کے ساتھ بہرہ پن حیض سے پہلے اور اس کے دوران۔ — کریازوٹ
کانوں میں گونجدار آوازیں جو گانا سننے سے ٹھیک ہو جاتی ہیں۔ — اگنیشیا
اپنی ہی آواز کانوں میں گونجے۔ — کاسٹیکم
کھانا کھاتے وقت کانوں میں "کریک" کی آواز آئے۔ — نائٹرک ایسڈ
سننے کی قوت میں فتور حس کی وجہ سے یہ نہیں بتا سکتا کہ آواز کس سمت سے آ رہی ہے۔ — کاربوانیملس
شور جیسے کاغذ کی آواز۔ گھنٹی۔ دروازوں کے بند ہونے کی آواز کا زبردست احساس۔ بہت پُرحس۔ لائیکوپوڈیم۔ نیٹرم میور — انثم کروڈ۔ بوریکس

بہرہ پن بہرہ پن صرف انسانی آواز نہیں سُن سکتا۔ یہ علامت عموماً بوڑھوں میں پائی جاتی ہے۔ — فاسفورس

بہرہ پن کی ابتداء۔ کان کی نالی میں سوزش جس کی وجہ سے کان کی نالی بند ہو جائے۔ کانوں میں آوازیں اور پھڑ پھڑاہٹ۔ مزمن بہرہ پن۔ بڑھاپے کا بہرہ پن۔ — کالی میور

بہرہ پن جبکہ شور وغل میں بہتر سن سکے۔ لہٰذا گاڑی کے سفر میں جہاں گڑگڑاہٹ ہو آرام رہے۔ — گریفائٹس نائٹرک ایسڈ

گلے بڑھے ہوتے جبکہ شنوائی پر فرق پڑے۔ — ہیپر سلفر

بہرہ پن جبکہ کانوں میں شور وغل ہو۔ — کریازوٹ

بہرہ پن شور سا سنائی دے۔ بہرہ پن کے ساتھ آواز خصوصاً اپنی ہی آواز کانوں میں گونجے۔ — کاسٹیکم

مکا لگ جانے ضرب یا زخم آجانے سے بہرہ پن ہو جائے۔ — آرنیکا

کندھا

احساسِ سردی، گرمی اور جلن

پشت پر کندھوں کے درمیان جلن۔ — فاسفورس، لائیکوپوڈیم

کندھوں کے درمیان ٹھنڈک / سردی کا احساس۔ — گلونائین، سلفر، امونیا میور

سردی پشت میں دونوں کندھوں کے درمیان سے شروع ہو۔ — کیپسکم، سیپیا

درد

دائیں کندھے کی تیشت والی ہڈی کے نچلے کونے پر مستقل درد۔ — چیلیڈونیم

دائیں کندھے میں بائی کی دردیں (میگ کارب) جو رات کے وقت اور بستر میں کروٹ لینے سے بڑھ جائیں۔ — سینگوئنیریا

کندھے میں بائی کا درد خصوصاً دائیں کندھے میں۔ — فیرم فاس

بائیں کندھے کا درد جسے چلنے پھرنے سے آرام آتے۔ — فیرم میٹ

کندھے کے جوڑوں میں بائی کا درد۔ — سفلینم

کندھوں کے کناروں پر عصبی درد جو عموماً ایسی عورتوں میں ہوتا ہے جو اکثر بیٹھے بیٹھے کام کرتی ہیں۔ — رینن کولس بلب

کسی چیز کو نگلتے وقت کندھوں کے درمیان درد ہو۔ — رسٹاکس

کھانسی

خشک کھانسی

خشک گلا گھونٹنے والی کھانسی. کھانسی جو سرد خشک ہوا کے لگ جانے سے پیدا ہو جائے۔

ایکونائٹ

خشک کھانسی، کھانسنے سے چھاتی میں درد میں تیز، چنانچہ مریض چھاتی کو تھامتا ہے تاکہ کم سے کم جھٹکا لگے۔ بلغم نہ ہونے کے برابر، گھگھیائے، قے کرے (کالی کارب) ایسے محسوس ہو کہ سر ٹکڑے ٹکڑے ہو کر اڑ جائے گا۔ گہرا سانس لینے، گرم کمرے میں داخل ہونے اور کھانے پینے سے تکلیف میں اضافہ ہو۔

برائی اونیا

شدید اور لگاتار خشک اور تھکن سے چور کر دینے والی کھانسی، بلغم بالکل نہ ہو یا بہت کم ہو۔

ریومیکس

شدید لگاتار تھکا دینے والی کھانسی۔ رات کو اور بستر کی گرمی سے بڑھ جائے کھانسی میں دو آوازیں۔ یعنی کھٹ کھٹ

مرک سال

خشک کھانسی جو شام سے آدھی رات تک تیز ہو جاتی ہے۔ بائیں طرف لیٹنے سے بڑھ جاتی ہے۔ ایسی کھانسی جو بولنے، ہنسنے، اونچا پڑھنے اور ٹھنڈک سے بڑھ جائے۔

فاسفورس

خشک کھانسی جس میں سانس کی نالی میں دکھن اور کچا پن کا زبردست احساس پایا جائے۔ بلغم خارج نہ ہو۔ کھانسی کے ساتھ چوتڑوں اور پہلو میں درد۔

کاسٹیکم

کھانسی خشک، جتنا کھانسے کھانسی بڑھتی ہی چلی جائے۔ چلنے پھرنے سے ٹھیک ٹھاک لیکن رکنے پر کھانسی۔

اگنیشیا

کھانسی خشک جو گلے کو ہاتھ لگانے ہی سے بڑھ جائے۔ کھانسی جس میں دل کی تکلیف ہو اور کھانسنے سے بواسیری مسّوں کو ٹیس لگے۔

لیکیسس

کھانسی جو عموماً دل کی خرابی کا نتیجہ ہو۔ دل کی کمزوری کی وجہ سے دم کشی۔

ناجا

خشک کھانسی جو رات کو بڑھ جائے۔ گلے میں گدگدی سے کھانسی ہو. کھانستے وقت جاگ نہ آئے

کیومیلا. کلکیریا. سورینم

خشک کھانسی جو رات کو تیز ہو جائے. گویا اسفنج میں سے سانس لے رہا ہے۔

سپنجیا

ہائیوسائیمس
کھانسی جو رات کو لیٹنے سے بڑھ جائے اُٹھ کر بیٹھ جانے سے افاقہ ہو۔

سنکنا
شروع میں کھانسی خشک ہو لیکن بعد میں تر ہو جاتی ہو۔ کھانسی جو رات کو اور لیٹنے سے بڑھ جائے اور مریض کو جاگتے رہنا پڑے۔

کیموميلا
خشک کھانسی، بچہ سوتے میں کھانستا رہتا ہے (اگر کیموميلا کام نہ کرے تو بیلیسس سے فائدہ اٹھائیں)

کالی برومیٹم
خشک کھانسی متواتر اور سخت جو حمل کے دوران ہو جس سے اسقاط کا خطرہ پیدا ہو جائے۔

رسٹاکس
صبح کے وقت تر کھانسی لیکن شام کو خشک کھانسی کا زور۔

بلغم، خرخراہٹ والی تر کھانسی

اپی کاک
پھیپھڑوں میں زیادہ بلغم جو کہ خرخراہٹ پیدا کرے۔ سیٹی کی سی آواز کھانسی سے سخت بے چینی (اپی کاک اگر بچوں کی کھانسی میں کام نہ کرے تو ہیپر سلفر دیں۔

انٹم ٹارٹ
پھیپھڑوں میں زیادہ بلغم جو کہ خرخراہٹ پیدا کرے کھانسنے سے بلغم خارج نہ ہوتا ہو۔ پھیپھڑوں کا فالج۔ نقاہت اور غنودگی نمایاں علامات ہیں۔ (اگر کام نہ کرے تو کاربو ویج دیں)

سنیگا
کافی مقدار میں بلغم سانس کی نالیوں میں بھرا ہوا ہو۔ مگر خارج بہت کم ہوتا ہو۔ (انٹم ٹارٹ) پرانی کھانسی۔ کھانسنے کے ساتھ سانس دقت سے آئے۔ کھانسنے سے پہلے یا بعد میں چھاتی میں جلن۔ کھانسنے کے آخر میں چھینک آئے۔ بوڑھے اشخاص کی پرانی دموی کھانسی جو عام ادویات کے قابو میں نہ آئے۔

ہیپر سلفر
خرخراہٹ والی، گلا گھونٹنے والی کھانسی عموماً جسم کے کسی حصے کے ننگا ہو جانے کی وجہ سے یا سرد خشک ہوا کے لگ جانے سے ہو (ایکونائٹ) بلغم کی خرخراہٹ موجود ہو لیکن بلغم خارج نہ ہو۔ سانس سے سیٹی کی سی آواز آئے۔

بلغم زرد

کالی بائی
زرد لیسدار بلغم کھانسی میں آئے دھاگے کی مانند دور تک کھینچا جاسکے۔ مریض گھگیائے۔

بلغم گاڑھا زرد یا زرد مائل سبز (پلسائیلا) کھانسی تر اور انٹم ٹارٹ کی مانند خرخراہٹ والی۔ کھانسی گرم کمرے میں بڑھ جاتی ہو۔ اور کھلی ٹھنڈی ہوا میں کم ہو جاتی ہو۔ — کالی سلف

بلغم زرد چپکنے والی۔ — ہائیڈراسٹس

بلغم سبز

سبز رنگ کا نمکین گاڑھا ورقی بلغم بڑی مقدار میں خارج ہو۔ کھانسی کے ساتھ بہت کمزوری۔ رات کو پسینے آئیں۔ بلغم کبھی کبھی جھاگ کی مانند ہوتا ہو — کالی آئیوڈائیڈ

سبز رنگ کا بلغم بہت مقدار میں کھانسی میں خارج ہو۔ کھانسی مرطوب موسم میں زیادہ ہو جاتی ہے۔ چھاتی میں خصوصاً بائیں طرف درد (کھانسی خشک برائی اونیا) — نیٹرم سلف

سبز یا زرد رنگ کا بلغم بکثرت خارج ہو۔ بلغم میٹھا۔ کبھی کبھی کالی آئیوڈائیڈ یا سیپیا کی طرح اخراجات نمکین بھی ہو سکتے ہیں۔ کھانسی میں تین بار کھانستا ہے۔ کخ کخ کخ۔ — سٹینم

بلغم بدبودار

کھانسی کے ساتھ بدبودار بلغم (بورکیس) بلغم والی کھانسی میں بلغم اور سانس مریض کو بھی بدبودار محسوس ہوتے ہوں۔ دن رات کھانسی جو شدید نقاہت پیدا کرے۔ — سنگونیریا

پیپ والی، بدبودار کھانسی۔ — فاسفورک ایسڈ

بلغم تر، کھانسی کی متفرق حالتیں

سانس کی نالی میں چپکنے والا تار دار بلغم موجود ہو۔ کالی بائی، ہائیڈراسٹس — بووسٹا۔ کینتھرس

کھانسی جس میں بلغم خارج نہ کر سکے۔ بلغم نگلنا پڑے۔ کاسٹیکم — آرنیکا۔ کالی کارب

بلغم کے ٹکڑے منہ سے باہر اڑیں — چیلیڈونیم — بڈیاگا۔ کالی کارب

بلغم بہت خارج ہو کھانسنے کے آخر میں۔ — ڈروسرا

تر کھانسی دن کو تکلیف مگر رات کو آرام (عام طور پر کھانسی رات کو زیادہ ہو جاتی ہے۔ اس لیے اس لحاظ سے یہ خاص علامت ہے کہ اس میں رات کو آرام ہوتا ہے) — یوفریزیا

تر کھانسی صبح کے وقت شام کو خشک کھانسی کے ساتھ چھینکیں آئیں۔ — سکوئیلا

کالی کھانسی

بچوں کی کالی کھانسی کی مستند دوا ہے۔ بلغم پھیپھڑوں میں کھڑکھڑاتا ہے، دموی کھانسی جسم اکڑ جاتا ہے اور سانس سے سیٹی کی سی آواز آتی ہے۔

اپی کاک

کالی کھانسی، تشنجی کھانسی۔

میگ فاس

کالی کھانسی جبکہ پیٹ میں کیڑے موجود ہونے کی علامات پائی جائیں۔

سائنا

کالی کھانسی جس کے دورے نہایت شدید اور جلد جلد واقع ہوں، آدھی رات کے بعد دورے پڑتے ہیں۔ ناک یا منہ سے خون آتا ہے، کھایا پیا اور بلغم سب نکلتے ہیں۔ کھانسی کے ساتھ گلا بیٹھ جاتا ہے، کھانسے پر بہت بلغم نکلتا ہے۔

ڈروسرا

کالی کھانسی صبح اٹھنے پر ہوتی ہو مگر آدھی رات کے بعد اس میں شدت آجائے۔ کالی کھانسی میں لیسدار بلغم دھاگوں کی صورت میں نکلتا ہے۔
(زرد بلغم کالی بائی)

کوکس کیکٹائی

کالی کھانسی میں سرد پانی پینے سے تشنج اور دورے میں آرام۔ تمام جسم اکڑ جاتا ہے سانس بند ہو جاتا ہے۔ چہرہ اور ہونٹ نیلے ہو جاتے ہیں۔

کیوپرم میٹ

کالی کھانسی کے شدید دورے سے پہلے سانس اور چھاتی میں گھٹن کا احساس ہوتا ہے سانس لینے کی کوشش میں چہرے کا رنگ کالا ہو جاتا ہے۔ مختصر، جلدی جلدی، کھنکھناتی ہوئی کھانسی جسے "منٹ گن" کھانسی کہتے ہیں۔ ہر دورے کے بعد بچہ تھکن سے چور ہو جاتا ہے شدید کالی کھانسی کے لیے نہایت کارآمد دوا ہے۔

کوریلیم ریوبرم

کھانسی میں خون

کالی کھانسی جس میں ناک سے خون جاری ہو (انڈیگو) منہ سے خون، خون کی قے۔ سانس اکھڑ جائے چہرے کا رنگ فق یا نیلا ہو جائے اور جسم اکڑ جائے۔ سیٹی کی سی آواز والی کھانسی، سخت بے چینی، خرخراہٹ والی کھانسی (انٹم ٹارٹ)

اپی کاک

خون آتے ناک اور منہ سے کھانسی کے ساتھ۔

ڈروسرا

کھانسی

کھانسی جس کے ساتھ چمکدار سرخ خون آتے حیض یا لواپر کے دب جانے
کے نتیجے میں بلندی سے گر جانے کے نتیجے میں (تھکاوٹ کے بعد) (آرنیکا) ملی فولیم

مخصوص اوقات میں کھانسی

صبح 3 بجے سے 4 بجے تک زیادہ کھانسی کالی کارب۔ امونیا کارب نیٹرم سلف
کھانسی صبح کے وقت۔ نکس وامیکا
صبح کے وقت تر کھانسی لیکن شام کو خشک کھانسی کا زور۔ رسٹاکس
کھانسی صرف دن کے وقت ہو۔ لیٹنے سے کھانسی میں افاقہ۔ فیرم میٹ یوفریزیا۔ نیٹرم میور
شام کو لیٹنے سے کھانسی بڑھ جائے۔ سورینم فاسفورس۔ ٹیوبرکلینم
رات کے وقت کھانسی خشک۔ کھانسنے سے جاگ نہ آئے۔ سورینم کلکیریا۔ کیمومیلا
کھانسی رات کو اور لیٹنے سے زیادہ ہوجائے۔ نیز حمل کے دوران کھانسی۔ کونیم۔ کالی برومیم۔ کاسٹیکم
کھانسی رات کو اور لیٹنے سے زیادہ ہوجائے جس کی وجہ سے سو نہ سکے اُٹھ
کر بیٹھنے سے آرام آئے (ڈروسرا) گویا کو اچھی لٹکا ہو۔ سٹکٹا۔ ہائیوسائمس
آدھی رات کو کھانسی تیز ہو جائے خشک کھانسی گویا اسفنج میں سے
سانس لے رہا ہو۔ سپنجیا
آدھی رات کو کھانسی کے دورے پڑیں۔ ڈروسرا

احساسات کھانسی کے متعلق

پَر کا احساس سانس کی نالی میں جس سے کھانسی پیدا ہو۔ ڈروسرا
سانس کی نالی کے چھلے ہونے کا احساس کھانسی کے ساتھ۔ کاسٹیکم
چھاتی میں جلن کھانسی سے پہلے یا بعد۔ کھانسنے کے آخر میں چھینک آنا۔ سنیگا

گلے میں گدگدی، خارش

گلے میں گدگدی سے کھانسی ہو۔ کیموميلا کلکیریا۔ سورینم
کھانسی جو گلے میں گدگدی کی وجہ سے ہو صبح 3 سے 4 بجے تک شدت۔ امونیا کارب۔ کالی کارب
گلے کے گڑھے میں گدگدی سے کھانسی ہو۔ اگر اس جگہ کو چھوا جائے
تب بھی کھانسی ہو۔ ریومیکس
کھانسی، گلے میں اور چھاتی میں خارش سے ہو۔ کونیم، آئیوڈیم

گلا بیٹھ جائے، گھٹے، پکڑے، زکام گرے

کھانسنے سے گلا بیٹھ جاتے اور دُکھن ہو۔ — سپنجیا

کھانسی میں مریض گلے کو پکڑنے پر مجبور رہو جائے۔ ایسے معلوم ہو۔ کھانسی گلا پھاڑ دے گی۔ — ایلیم سیپا

زکام گلے میں گر کر شدید کھانسی پیدا کرتا ہو۔ — ایلیم سیپا

کھانستے وقت بچہ ہاتھ سے گلے کو پکڑے۔ — آئیوڈیم

گلا گھونٹنے والی کھانسی۔ کھانسی کے دوران بچہ اکڑ جاتے۔ چہرہ نیلا۔ — اپی کاک

سر، چھاتی، دیگر اعضاء کو چوٹ کھانسی میں

کھانسی جس میں سر کو چھاتی کو چوٹ لگے۔ برائی اونیا۔ یوپیٹوریم پرف نیٹرم سلف۔ ڈروسرا۔ کریازوٹ۔ — سیپیا۔ رینن کولس بلب

کھانسی میں سر اور چھاتی کو دونوں ہاتھوں سے تھامنا پڑتا ہو۔ برائی اونیا۔ — یوپیٹوریم۔ نیٹرم سلف

چھاتی پکڑے دونوں ہاتھوں سے کھانستے وقت۔ — ڈروسرا

چھاتی میں چبھن ہو کھانسی کے ساتھ۔ — برائی اونیا۔ سکوئیلا

چھاتی میں دُکھن کا احساس۔ کاسٹیکم۔ یوپیٹوریم۔ — رسٹاکس

کھانسی کے دوران چھاتی میں دُکھن اور کچاپن کا احساس بڑی نمایاں علامات ہیں۔ بعض مریض اسے جلن بیان کرتے ہیں (آئیوڈیم۔ سپنجیا) — کاسٹیکم

دُور کے اعضاء کھانسی کی وجہ سے دکھتے ہوں۔ مثلاً کھانسنے سے سر، مثانے، گھٹنے یا ٹانگوں میں درد ہو۔ — کیپسیکم

پستان کے نیچے درد

کھانسی جس سے بائیں پھیپھڑے میں پستان کے بالکل نیچے چبھن دار دردیں ہو۔ — نیٹرم سلف۔ ریومیکس

ماتھا، ناک کی جڑ

کھانسنے سے ماتھے میں درد اور ناک کی جڑ میں دباؤ۔ — کالی بائی۔ سنگٹا

آنسو، چھینک، ڈکار

کھانسنے کے ساتھ آنسو نکل آئیں۔ — نیٹرم میور۔ یوفریزیا

کھانسنے کے ساتھ آنکھوں سے پانی بہے اور چھینکیں آئیں۔ — سکوئیلا

کھانسنے کے آخر میں ڈکاریں آتی ہوں۔ دوسرے آدمی کی موجودگی میں کھانسی تیز ہو جاتی ہو۔ — امبراگریسیا

اُبکائیاں، قے

تشنجی، کالی کھانسی جس کے ساتھ اُبکائیاں، متلی اور قے ہو۔ — اپی کاک برائی اونیا۔ کالی کارب

کھانسی کے ساتھ قے آئے۔ کھایا پیا اور بلغم سب قے ہو جاتے ہیں — ڈروسرا۔ فیرم میٹ

مختلف اُمور جو کھانسی میں اضافہ کریں

کھانے پینے، ہنسنے، باتیں کرنے، اُونچا پڑھنے اور گانے سے کھانسی بڑھ جائے۔ — ارجنٹم میٹ۔ فاسفورس۔ ڈروسرا۔ سٹینم۔ بائیوسائمس

کھانسنے سے کھانسی بڑھ جائے۔ — فیرم میٹ۔ سپنجیا

کھانسی ٹھنڈا پانی پینے سے، باتیں کرنے سے یا کوئی شے نگلنے سے بڑھ جائے۔ — سپنجیا

موسم، ہوا

کھانسی جو موسم سرما میں لوٹ آئے۔ — سورینم

مرطوب موسم میں کھانسی بڑھ جاتی ہو۔ سبز رنگ کا بلغم خارج ہو۔ — نیٹرم سلف

کھلی ہوا کی زبردست حس۔ بستر سے ہاتھ نکالنے پر کھانسی شروع ہو جائے — رسٹاکس۔

ٹھنڈی ہوا لگ جانے سے یا اُس کے جھونکوں سے کھانسی ہو جائے۔ — برائٹا کارب۔ ہیپر سلفر ایکونائٹ

ٹھنڈی ہوا میں سانس لینے سے کھانسی بڑھے۔ کمرے کی تبدیلی سے کھانسی ہو جائے۔ — ریومیکس فاسفورس۔ سپنجیا

خشک شدید کھانسی جو سرد ہوا میں سانس لینے سے بڑھے اور خوب منہ سر ڈھانپ کر لیٹنے سے آرام رہے۔ — ریومیکس

ٹھنڈی ہوا میں سانس لینے سے کھانسی کی جملہ علامات میں زبردست اضافہ ہو — ایکونائٹ۔ ہیپر سلفر

کھانسی کی آواز

علامات	دوا
کھانسی جس کی آواز ایسی ہو جیسے آرا کسی لکڑی کو چیر رہا ہو۔ گویا کہ اسفنج میں سے سانس لیا جا رہا ہے۔	سپنجیا
کھانسی کی آواز ایسی ہو جیسے بوتل سے پانی نکلے۔	کیوپرم میٹ
کھانسی میں تین بار کھانستا ہے کھ کھ کھ۔	سٹینم
کھانسی میں دو بار کھانستا ہے کھ کھ۔	مرک سال

لیٹنا پہلو پر

علامات	دوا
بائیں پہلو پر لیٹنے سے کھانسی بڑھ جائے۔ فاسفورس۔ ڈروسرا۔	سٹینم۔ ریومیکس
دائیں پہلو بالکل نہ لیٹ سکے کھانسی بڑھ جائے۔	مرک سال
کھانسی جسے لیٹنے سے آرام آئے۔	مینگینم

بداثرات، نشہ ادویات، بیماریاں

علامات	دوا
تمباکو نوشی اور انگریزی ادویات کے استعمال سے کھانسی ہو جائے	نکس وامیکا
تمباکو کے دھوئیں سے کھانسی ہو جائے۔	سٹفی سائیگریا۔ سپنجیا
خسرہ کے بعد کھانسی ہو جائے۔	ڈروسرا
کھانسی جس میں خسرہ بھی موجود ہو یا جس کے بعد خسرہ کی علامات پیدا ہو جائیں۔	سٹکٹا
ناسور مقعد کے آپریشن کے بعد کھانسی یا چھاتی میں تکلیف ہو جائے	کلکیریا فاس
خارش یا اگزیما کے دب جانے سے مزمن، سالہا سال پرانی کھانسی، صبح جاگنے پر بڑھ جائے۔	سورینم
نمک، سرکہ اور مرچوں وغیرہ سے فوراً ہی کھانسی شروع ہو جائے۔	الومینا
آگ کی طرف دیکھنے سے کھانسی شروع ہو جائے۔	انٹم کروڈ

پیشاب

علامات	دوا
کھانسنے سے پیشاب نکل جائے۔ کھانسی کو ٹھنڈا پانی پینے سے آرام۔	کاسٹیکم
کھانسنے سے پیشاب نکل جائے کھانسی کے ساتھ چھینکیں آئیں۔	سکوئیلا
کھانسنے چھینکنے، ناک صاف کرنے سے غیر اختیاری طور پر پیشاب نکل جائے۔ ریومیکس۔ کاسٹیکم۔ پلساٹیلا۔	سکوئیلا

متفرق

علامات	دوا
لرزہ کے دوران نہایت دق کرنے والی اور تھکن سے چور کر دینے والی کھانسی ہو۔	رسٹاکس

اُن بچوں کی کھانسی میں مفید ہے جن کے گلے بڑھ گئے ہوں۔ ذرا سی ٹھنڈی ہوا کے لگ جانے سے گلے درد کریں۔ اونچی طاقت میں استعمال نہایت مفید ہے۔

جسیماکہ پیقی

کھانسی جب پیٹ میں کیڑوں کی علامت ہو۔

برائٹا کارب

کھانسی جس میں کھانسنے سے پہلے بچہ چلاتے۔

سائنا

مزمن کھانسی، نقاہت زدہ لوگوں کے لیے نہایت مفید ہے۔

آرنیکا

حمل کے دوران کھانسی۔ نیز رات کو لیٹنے سے کھانسی زیادہ ہو جائے۔

ہائیڈراسٹس

کھانسی جس میں ٹھنڈا پانی پینے سے بہتر محسوس کرے۔

کونیم

کھانسی جو بستر میں گرم ہونے پر یا جسم زیادہ گرم ہو جانے پر لگ جاتی۔

کاسٹیکم۔ کالی بروم
کاسٹیکم۔ کیوپرم میٹ
نکس موسکاٹا

جونہی سر سرہانے کو چھوتا ہے۔ کھانسی کے دورے شروع ہو جاتے ہیں جس سے دم گھٹتا ہے۔ مجبوراً کمرے میں ٹہلنا پڑے یا کرسی میں سونا پڑے۔

کروٹن ٹگ

کلائی

کلائی کی گٹھیا دی سوجن، ساتھ ہی پاؤں کے پنجوں کی (اگر یہ تکلیف کثیر حیض کے ساتھ ہو تو اس دوا کا کالو فائیلم سے مقابلہ کریں)

سبائنا

کلائی کا درد اس دوا کی خاص علامت ہے۔ کلائی کے درد جو سردی سے اور مرطوب موسم میں بڑھ جائیں۔ حرکت سے اُن میں کمی آ جاتی۔

روٹا

دونوں کلائیوں کی دردیں گویا کہ کلائیاں ٹوٹی ہوتی ہیں۔

یوپیٹوریم پرف

کپڑے

کپڑا اتار پھینکے، برداشت نہ کر سکے

مریض اُوپر کپڑا لینا نہیں چاہتا۔ لات مار کر پھینک دیتا ہے۔ — ایکونائٹ
کپڑوں کو اور بستر کو اتار دینے کی خواہش کرے۔ — اوپیم
جلد ہاتھ لگانے پر برف کی مانند ٹھنڈی تاہم کپڑا برداشت نہیں کر سکتا۔ — سیکیل کار، کیمفر، میڈورینم

اعضاء پر حس یہاں تک کہ کپڑا بھی برداشت نہیں ہوتا مرض کا مقام پُرحس۔
کپڑا لگنا برداشت نہ ہو۔ مریض ڈھیلے کپڑے پہننے پر مجبور ہوتا ہے
کیونکہ تنگ کپڑوں سے زبردست گھٹن محسوس کرتا ہے۔ — لیکیسس

کپڑا اوڑھنے، اتارنے سے تکلیف، خارش، اضافہ، افاقہ

کپڑا لپیٹنے سے آرام۔ اتارنے سے تکلیف ہو۔ — بیلاڈونا
کپڑا اتار دینے سے تکلیف میں اضافہ ہو جائے۔ — نکس وامیکا
سردی کی وجہ سے مریض بہت کپڑے اوڑھے رکھتا ہے۔ — ہیپر سلفر
کپڑا لپیٹنے سے افاقہ ہو۔ — ہیپر سلفر — سورینم، سیلیشیا
کپڑا اتار دینے سے خارش۔ — نیٹرم سلف

کپڑا ڈھیلا کرے

کھانے کے بعد کمر کے ارد گرد سختی۔ کپڑوں کو ضرور ہی ڈھیلا کرے — لائیکوپوڈیم
لیکیسس۔ کلکیریا سلفر۔ نکس وامیکا
مریضہ کمر کے گرد تنگ لباس نہیں پہن سکتی۔ — بووسٹا

کپڑے پھاڑے، پکڑے، نوچے

جنون میں مریض کپڑے پھاڑتا ہے۔ — وریٹرم البم
کپڑے کاٹنے اور پھاڑنے کی خواہش۔ — بیلاڈونا
مریض ہاتھوں سے بستر کی چادر وغیرہ پکڑتا، نوچتا ہو۔ کپڑوں کو دور پھینک دے اور اپنے آپ کو ننگا کر دے۔ — ہائیوسائمس

گھٹیا کپڑے عمدہ معلوم ہوں

کپڑے گھٹیا سے پہنے ہونے کے باوجود سمجھے کہ اُس نے اعلیٰ لباس پہن رکھا ہے۔ چیتھڑے بھی خوبصورت معلوم ہوں۔ — سلفر

کیڑے

پیٹ میں کیڑے ہوں۔ آنکھوں کے گرد حلقے۔ بچہ ناک ملتا رہے اور اس میں انگلی پھیرے۔ نیند میں دانت پیسے۔ بہت زیادہ بھوک۔ دودھیا پیشاب۔ — سائنا

انتڑیوں کے کیڑے جبکہ کھٹاس کی علامت پائی جائے۔ بھینگاپن — نیٹرم فاس

پیٹ میں درد۔ بچہ پیٹ کو کسی سخت چیز سے دبائے۔ پیٹ کے بل لیٹنا پسند کرے۔ ہانمن اعظم کے مطابق یہ دوا کیڑوں کو مخبوط الحواس کر دیتی ہے جو کہ جلاب اور دوا سے خارج ہو جاتے ہیں۔ — سیٹینم

دل کی شدید دھڑکن گلے میں کیڑوں کے اُوپر چڑھنے کا احساس ہر صبح متلی۔ ناف کے گرد قولنجی درد۔ بھینگاپن۔ — سپائیجیلیا

باریک کیڑے پیٹ میں ہوں جن کی وجہ سے مقعد میں بہت مخارش ہو۔ — ٹیوکرم

کیڑے مقعد سے نکل کر اندام نہانی میں داخل ہوں تو بچی جلق کی طرف مائل ہو جاتی ہے۔ — کیلیڈیم

مزاجی علامات کو مدنظر رکھ کر اگر یہ دوا دی جائے تو کیڑوں کو ختم کر ڈالتی ہے۔ — کلکیریا کارب

تمام قسم کے کیڑوں کے لیے مفید ہے 1x طاقت میں نکس وامیکا کے ساتھ باری باری روزانہ چار خوراک، چار سے چھ ہفتوں تک دینے سے کیڑوں کو ختم کر دیتی ہے۔ کیوپرم آکسی ڈیٹم نائیگرم

کمزوری

کمزوری کی اوّلین ادویات

کالی فاس

تمام اعصابی دواؤں کی سردار ہے۔ دماغی، جسمانی اور اعصابی کمزوری۔ یادداشت کمزور۔ اعصاب آسانی سے تھک جاتے ہیں۔ بدبودار اخراجات۔

آرسنک البم

شدید اور یکدم کمزوری۔ کمزوری جس کا غلبہ رات ایک بجے سے دو بجے تک اور دوپہر ۱۲ بجے سے دو بجے تک ہو۔ کھانے پینے کے بعد بیک وقت قے اور دست۔ پاخانہ کے بعد شدید کمزوری۔ مریض ایک جگہ سے دوسری جگہ تک حرکت کرنا چاہے۔ بستر تبدیل کرنے کی خواہش کرے۔ ذرا سی مشقت سے تھک کر چور ہو جائے۔ بلندی پر چڑھنے بلکہ دیگر معمولی کام سے سانس پھول جائے۔ نیند اُڑ جائے اور دوسری تکالیف پیدا ہو جائیں۔ ٹھنڈے پسینے آئیں۔

جیلسیمیم

اعصابی کمزوری۔ جسم۔ ہاتھ، ٹانگیں زبان کانپتے ہوں۔ آنکھیں کھلی رکھنا مشکل ہو۔ دماغ کند۔ مریض کچھ سوچ نہیں سکتا۔ بغیر سردی لگنے کے جسم کانپے۔ اعضاء کا باہم ربط و ضبط نہ رہے۔ قوتِ ارادی کے مطابق کام نہ کر سکے۔ فالج، غنودگی۔

زنکم میٹیلکم

شدید اعصابی کمزوری۔ مرض غالب اور مریض مغلوب ہو جائے۔ تمام جسم زور زور سے کانپتا ہے حتیٰ کہ چارپائی تک ہلتی ہے اور مریض کو تھامنا پڑتا ہے۔ پاؤں کی مسلسل حرکت۔ پٹھے پھڑکیں اور نیند میں جھٹکے لگیں۔ سر کے پچھلے حصے میں کمزوری اور بے آرامی۔ مریض جلدی دانوں کو باہر نہیں نکال سکتا۔ بلغم بھی خارج نہیں کر سکتا۔ عورت حیض کو جاری نہیں رکھ سکتی۔

کاکولس

انتہائی کمزوری۔ گردن کے پٹھے کمزور۔ سر کو بھی نہیں سہار سکتا، بستر سے سر اٹھانے یا بولنے سے کمزوری کا غلبہ۔ کمر میں درد جیسے فالج ہو گیا ہو۔ ہاتھ پاؤں اکثر سو جاتے ہوں۔ پیٹ اور سر خالی ہونے کا احساس ہو۔

کاربو ویج

شدید نقاہت، قوت حیات جواب دینے لگے۔ ٹانگیں گھٹنوں تک سرد ہوں۔ جلد ٹھنڈی۔ سانس ٹھنڈا۔ اگر مریض کی زبردست خواہش ہو کہ اُسے پنکھا جھلایا جائے۔ موت کے قریب پہنچے ہوئے مریضوں کی دوا ہے۔

میوریٹک ایسڈ

انتہائی کمزوری کی وجہ سے مریض جب بیٹھتا ہے تو اُس کی آنکھیں بند ہونے لگتی ہیں۔ نچلا جبڑا لٹک جاتا ہے۔ مریض بستر پر پائنتی کی طرف پھسل جاتا ہے۔ زور زور سے کراہتا ہے۔

کیمفر

شدید ضعف، تمام جسم سرد۔ قوت حیات ڈوب رہی ہو۔ جسم سرد ہو جائے۔ چہرہ برف کی مانند سرد۔ دل کی یکدم کمزوری تاہم اُوپر کپڑا لینا برداشت نہ کرے تمام کپڑوں کو اتار پھینکے (میڈورینم۔ سکیل کار)

وریٹرم البم

انتہائی کمزوری۔ قوت حیات ڈوب رہی ہو۔ تمام جسم سرد۔ سانس سرد چہرہ برف کی مانند سرد، ناک کی نوک سرد۔ پاؤں اور ٹانگیں برف کی مانند سرد۔ ہاتھ اور بازو برف کی مانند سرد۔ ٹھنڈا پسینہ خصوصاً ماتھے پر۔

برائٹا کارب

جسمانی اور دماغی کمزوری نمایاں طور پر ہو۔ بچوں اور بوڑھوں کی دوا ہے۔ کسی بات پہ دھیان نہ دے سکے۔ یادداشت، حافظہ بہت کمزور۔ چلتے وقت کمزوری سے لڑکھڑائے بوڑھے مریض طفلانہ اور بے سوچے سمجھے باتیں کریں۔

پکرک ایسڈ

تمام اعصاب کی انتہائی کمزوری۔ مریض ذرا سی مشقت سے تھک کر چور ہو جاتا ہے تمام جسم میں مستقل اور حد درجہ کی تھکان۔ مریض ہر وقت لیٹے رہنا چاہتا ہے۔ ٹانگیں بوجھل معلوم ہوتی ہیں مشکل سے انہیں اٹھاتا ہے۔ ذرا سی محنت سے سر درد ہو جاتا ہے۔

کاربو انیملس

شدید کمزوری، طاقت سلب ہو جائے۔ نقاہت کی ایسی حالت عموماً غدودوں کی سوجن کے ہمراہ ہوتی ہے۔ مریضہ حیض کی وجہ سے اتنی کمزور ہو جائے کہ بول بھی نہ سکے۔

سٹینم

انتہائی کمزور مریض اس قدر کمزور کہ بول بھی نہیں سکتا۔ چھاتی اور گلا بہت کمزور معلوم ہوتے ہیں۔ کمزوری سیڑھیاں اترتے وقت زیادہ محسوس ہوتی ہے حالانکہ سیڑھیوں پر اُوپر کی طرف آسانی سے چڑھ سکتا ہے (بورسٹا)

لیکوریا کے ساتھ بہت نقاہت مریضہ کرسی پر بیٹھنے کی بجائے دھپ سے گر جاتی ہے۔ صبح کپڑے پہنتے وقت کئی کئی مرتبہ دم لینے کے لیے بیٹھنا پڑتا ہے۔ ذہن اور جسم کی انتہائی نقاہت اور تھکاوٹ۔ — سیپیا

مختلف امراض کے بعد رہ جانے والی کمزوری کے لیے بہترین ادویات جبکہ اور کوئی تکلیف سوائے عام کمزوری کے نظر نہ آئے۔ کاربوویج اگر فیل ہو جائے تو کار بالک ایسڈ دیں۔ سورینم — کاربو ویج۔ کلکیریا فاس

لرزے، کانپے، کمزوری کی بدولت

شدید کمزوری کی وجہ سے کانپنے۔ کپکپاہٹ دور کرنے والی دوا ہے۔ کمزوری کی وجہ سے تمام جسم کانپے زبان، ہاتھ۔ ٹانگیں کانپیں مریض چاہتا ہے کہ کوئی اُسے تھامے رکھے۔ — جیلسیمیم

شدید جسمانی اور ذہنی کمزوری کی وجہ سے مریض کانپے بدحال اور مفلوج سا ہو جائے محسوس کرے کہ وہ دھڑام سے گر جائے گا زبان باہر نکالنے پر کانپے۔ جاگنے کے بعد تکلیف میں اضافہ — لیکیسس

شدید کمزوری کی وجہ سے کانپنے۔ بے ہوشی کی سی کمزوری۔ قوت حیات ڈوبتی معلوم ہو (جیلسیمیم)۔ مقامی عضوی۔ فالج کی سی کیفیت — کاسٹیکم

شدید کمزوری کی وجہ سے کانپے۔ ٹانگیں کمزور۔ آسانی سے لڑکھڑا جائے یا قدم ڈگمگا جائے۔ زندگی کے معاملات سے لاپروا اور بے حس ہو جائے۔ — فاسفورک ایسڈ

شدید کمزوری خصوصاً پٹھوں کی زبردست کمزوری مرض غالب اور مریض مغلوب ہو جاتے۔ پاؤں کی مسلسل حرکت۔ — زنکم میٹیلکم

کانپ جاتے ذرا سے کام کاج سے۔ شدید کمزوری۔ مرک سال — چائنا۔ ارجنٹم نائٹ

تمام جسم کانپے۔ جسمانی اور ذہنی کمزوری۔ سلفر — نیوبرکلینم۔ سفلینم

کپکپاہٹ جو نظر نہ آئے۔ مریض اندرونی طور پر کانپے جو پاس بیٹھے لوگوں کو نظر نہ آئے۔ ایسا لرزہ شدید کمزوری کو ظاہر کرتا ہے۔ — سلفیورک ایسڈ

تھکاوٹ اور کمزوری

تمام جسم میں تھکاوٹ اور نقاہت کا احساس۔ جیلسیمیم

بہت کمزوری ہر وقت کی تھکاوٹ۔ کام کاج چھوڑ کر لیٹے رہنا چاہے۔ — پکرک ایسڈ۔ فاسفورک ایسڈ۔ سورینم۔ الومینا۔ فیری فاس

شدید اعصابی کمزوری کی وجہ سے مریض ہر وقت لیٹے رہنا چاہے۔ ذرا سی محنت سے تھک کر چُور ہو جاتا ہے گدی اور پچھلی گردن میں درد۔ — پکرک ایسڈ

شدید کمزوری اور تھکن مریض لیٹ جانا چاہے۔ جسم میں زبردست سردی کا احساس جو ورزش سے بھی دور نہ ہو (لیڈم۔ سیپیا) — سلیشیا

شدید دماغی اور جسمانی کمزوری خصوصاً موسم گرما میں۔ ذرا سی دماغی یا جسمانی محنت سے تھک کر چُور ہو جائے۔ غنودگی چھانے لگے۔ لیٹ جانے اور سو جانے کی انتہائی ناقابل برداشت خواہش۔ نامردی اور احتلام کی علامات۔ — سیلینم

تمام جسم اور ذہن کی انتہائی تھکاوٹ اور نقاہت۔ خصوصاً چھاتی میں کمزوری کا احساس۔ — سٹینم

تھکن زبردست معمولی سا چلنے سے مریض بہت کمزور بھوری جھائیوں والا چہرہ۔ — سیپیا

عام جسمانی تھکان، اور اعضا میں دردیں جسم سوکھتا چلا جاتا ہے۔ — ایکنیشیا

تھکن زبردست محسوس کرے باتیں کرنے سے بھی۔ کمزوری، تھکاوٹ آرام لینے کے لیے بیٹھ جانا پڑے۔ — ایلومینا

تھکن، ہاتھوں اور پاؤں کی، اور جوڑوں کی شدید کمزوری۔ — بووسٹا

کمزوری جسمانی رطوبات کے ضائع ہو جانے سے

کمزوری اور دیگر تکالیف جسمانی رطوبات کے ضائع ہو جانے سے مثلاً بچے کو زیادہ دودھ پلانے، رال، خون، لیکوریا، منی، اسہال اور پیپ کے بکثرت اور لمبے عرصے تک جاری رہنے کے بُرے اثرات و نتائج۔ رطوبات کے اچانک بہ جانے سے غشی اندھا پن ہو جائے۔ کانوں میں گھنٹیاں بجیں۔ دوا کی دہرائی جلدی جلدی کی جائے۔ بعد میں وقفہ بڑھا دیا جائے۔ — چائنا

شدید کمزوری۔ ناتوانی۔ رطوباتِ جسمانی کے ضائع ہو جانے سے کمزوری جو کہ حاد بیماریوں کے بعد رہ جائے۔ جس کی ظاہراً کوئی وجہ نہ ہو۔ — سورینم

شدید کمزوری منی کے ضائع ہو جانے سے، احتلام۔ کثرتِ جماع مشت زنی وغیرہ سے۔ فاسفورک ایسڈ۔ چائنا۔ سورینم — فاسفورس، کالی کارب

جنسی بدعنوانیوں سے شدید اعصابی نقاہت ہو جاتی ہے۔ — ایگرکیس
حاد امراض کے بعد، کثرت مشت زنی، کثرت جماع کے بعد کمزوری کی وجہ سے پہلے نقاہت پھر لرزہ، پھر سن ہو جانا اور بالآخر فالج ہو جائے۔ — فاسفورس
اسہال کے زیادہ ہو جانے کی صورت میں شدید نقاہت تمام جسم سرد۔ ماتھے پر سرد پسینہ۔ — ویریٹرم البم
اسہال اور قے کے بعد شدید کمزوری، غنودگی، ٹھنڈا پسینہ — انٹم ٹارٹ۔ ویریٹرم البم

پسینہ، ٹھنڈا پسینہ کمزوری کی وجہ سے

پسینہ پسینہ ہو جائے ذرا سی حرکت سے یا ورزش سے۔ — سورینم
پسینے رات کے کمئ خون والے مریضوں میں۔ — فیرم فاس۔ چائنا
پسینہ، اکڑ درد اور کمزوری۔ — کالی کارب
کمزوری انتہائی شدید۔ پسینہ متلی، قے۔ منہ سے بکثرت رال۔ — لوبیلا انفلیٹا
پسینہ ٹھنڈا جسم پر، بے رنگ چہرہ۔ شدید ترین نقاہت۔ — کاربالک ایسڈ
کاربوویج۔ ویریٹرم البم۔ کیمفر

کمزوری، بھوک، کھانا پینا

اچھا بھلا کھانے کے باوجود دبلا پتلا ہوتا جائے۔ — براٹا کارب۔ کونیم
نیٹرم میور، ابراٹینم، آئیوڈیم، سینی کیولا، ٹیوبرکلینم، ایسٹک ایسڈ، سلفر، کلکیریا سارسپریلا۔
مریض چاہتا ہے کہ ہر وقت کھاتا ہی رہے۔ کھانے سے بہتر محسوس کرتا ہے (کھانے کے بعد تھکن اور نیند محسوس کرے۔ نیٹرم میور) عام کمزوری سیڑھیاں چڑھنے سے انتہائی کمزوری۔ سانس زبردست پھول جائے۔ — آئیوڈیم

بار بار کھانا پڑتا ہے۔ رات کو اٹھ کر کھانا پڑے۔ ورنہ کمزوری طاری ہونے لگتی ہے۔ — فاسفورس
بھوک شدید، رات کو اٹھ کر کھانا پڑتا ہے اس کے باوجود سوکھتا چلا جاتا ہے کمئ خون، بھس، کمزور، تھکا ہوا۔ دم لینے کے لیے بیٹھ جانا پڑے ناقابل ہضم اشیاء چاک کوئلہ وغیرہ کھانے کی عادت ہو۔ — ٹیوبرکلینم۔ ایلومینا
کمزوری جب کہ خوراک جزو بدن نہ بنے۔ سلیشیا۔ براٹا کارب — کلکیریا کارب

ٹھنڈا پن، سرد، سردی اور قوت حیات

ہمیشہ سردی محسوس کرے حرارت غریزی کی کمی۔ سلیشیا۔ لیڈم۔ سیپیا — ایلومینا۔ کلکیریا کارب

سرد ہو جائے تمام جسم شدید ضعف کی دوا ہے۔ قوت حیات ختم ہو رہی ہو۔ اس کے باوجود اوپر کپڑا لینا برداشت نہ کرے۔ تمام کپڑوں کو اتار پھینکے (میڈورینم۔ سیکیل کار) — کیمفر

سرد ٹانگیں گھٹنوں تک، جلد ٹھنڈی، سانس، پسینہ ٹھنڈا۔ مریض خواہش کرے کہ اسے پنکھا جھلایا جائے جلد نیلی ہو جائے۔ قوت حیات ڈوب رہی ہو۔ — کاربوویج

جسم ٹھنڈا، چہرے اور ماتھے پر ٹھنڈا پسینہ۔ سانس ٹھنڈا جسمانی طاقت زیادہ اخراج سے سلب ہو جائے۔ شدید نقاہت۔ — وریٹرم البم

سورج کی گرمی، گرم موسم

سورج کی گرمی، سن سٹروک کے مزمن اثرات۔ شدید نقاہت جو موسم گرما میں پیدا ہو۔ — نیٹرم کارب۔ انٹم کروڈ

گرم موسم کی تمازت سے شدید نقاہت — جیلسیمیم

شدید گرمی یا شدید سردی شدید کمزوری کا موجب ہو۔ — لیکیسس

سورج کی گرمی سے اور گرم موسم میں کمزوری کی وجہ سے چہرہ، بازو اور رانیں سوکھنے لگیں۔ — سیلینیم

سانس، غشی، قے متلی اور کمزوری

سانس پھول جائے ذرا سا چلنے پھرنے سے یا سیڑھیاں چڑھنے سے زبردست کمزوری۔ — کلکیریا کارب

سانس شدید بدبودار، اخراجات شدید بدبودار قبض اور انتہائی شدید کمزوری۔ — کاربالک ایسڈ

غشی کھا جانے کا رجحان۔ — نکس وامیکا — نکس موشکاٹا۔ سلفر

غشی کھا جائے آسانی سے سخت گرمی یا سردی کی وجہ سے یا سواری کرتے وقت — سیپیا

اچانک شدید نقاہت اور غشی کی سی کیفیت۔ سیپیا۔ — میورکس۔ نکس موشکاٹا

قے اور اسہال کے بعد شدید کمزوری اور ٹھنڈا پسینہ۔ — انٹم ٹارٹ۔ وریٹرم البم

قے، متلی، منہ سے بکثرت رال، پسینہ اور انتہائی شدید کمزوری۔ — لوبیلا انفلیٹا

حیض، لیکوریا اور کمزوری

حیض کے بعد بدنی اور ذہنی کمزوری بولنا بھی ممکن نہ رہے۔ ایلومینا۔ کاربوانیملس گریفائٹس کاکولس آیوڈیم

حیض کے شروع ہونے سے پہلے شدید کمزوری اور کمر درد۔ — کالی کارب
حیض اور ریکیوریا سے اتنی کمزوری کہ بولنا بھی مشکل ہو جائے۔ — ایلومینا۔ کاربوانیملس
حیض کی بے قاعدگی کی وجہ سے کمی خون۔ — نیٹرم میور۔ پلساٹیلا

خالی پن کا احساس

خالی پن کا احساس۔ ڈوبنے کا احساس معدے میں یا غشی اور نقاہت۔ — سیپیا۔ اگنیشیا۔ ہائیڈراسٹس
خالی پن اور کمزوری کا احساس سر، معدے، چھاتی اور پیٹ میں پایا جاتا ہے۔ — فاسفورس

خالی پن کا احساس مختلف اعضاء میں پایا جائے جو کہ شدید کمزوری کی نشانی ہے۔ جسم کمزور گردن کے پٹھے کمزور۔ لہٰذا سر کو نہیں سنبھال سکتا بستر سے سر اٹھانے، کھڑا ہونے یا بولنے سے کمزوری کا غلبہ۔ — کاکولس

بات چیت

بولنے سے کمزوری کا غلبہ۔ بستر سے سر اُٹھانے، کھڑا ہونے پر کمزوری گردن کے پٹھے کمزور لہٰذا سر کو نہیں سنبھال سکتا۔ — کاکولس
بول بھی نہ سکے مریضہ میں ماہواری سے اتنی کمزوری ہو جائے۔ — کاربوانیملس۔ ایلومینا
باتیں کرنے سے چھاتی میں کمزوری کا احساس۔ سٹینم۔ فاسفورس — کاربوویج۔ سلفر

سوکھا پن، دُبلا پن، لاغری

(سوکھا پن کے لیے "بچے" کے عنوان کے تحت بھی دیکھئے)

سوکھا پن تمام جسم دبلا ہو جاتے
آئیوڈیم۔ نیٹرم میور۔ لائیکوپوڈم۔ سارسپریلا۔ ابراٹینم اور سفلینیم
سوکھا پن گردن کی جلد جھریوں والی، لٹکتی ہوئی۔ سینی کیولا۔ آئیوڈیم — نیٹرم میور۔ سارسپریلا
سوکھا پن ٹانگوں میں نمایاں ہو۔ ابراٹینم۔ آئیوڈیم۔ — سینی کیولا۔ ٹیوبرکلینم
سوکھا پن اوپر والے اعضاء سے نیچے والے اعضاء میں آئے۔ سینی کیولا — نیٹرم میور۔ لائیکوپوڈیم

جسم کے نچلے اعضاء بہت کمزور۔ کمزوری ٹانگوں میں نمایاں ہو۔
ارجنٹم نائٹ۔ ایلومینا — زنکم میٹ۔ امونیا میور

متفرق

شدید نقاہت۔ بسترہ آرسنک البم۔ ویریٹرم البم شدید نقاہت مریض حرکت کرنا بالکل پسند نہ کرے۔ زخم کے بعد شدید نقاہت لاحق ہو جاتی ہے۔ آپریشن کے بعد شدید نقاہت چیزیں گرا دے ہاتھ سے اعصابی کمزوری کی بنا پر۔ نیٹرم میور لیٹ جانا چاہے اتنی کمزوری محسوس کرے۔	کریازوٹ۔ ایتھوزا میوریٹک ایسڈ۔ کاربوویج ایسٹک ایسڈ۔ سلفیورک ایسڈ ایپس۔ بووسٹا جیلسیمیم۔ پکرک ایسڈ
بے چینی اور کمزوری پیاس کے ساتھ۔	ایکونائٹ
بے چینی اور کمزوری بغیر پیاس کے۔	ایتھوزا
دماغی طور پر مضبوط لیکن جسمانی طور پر دُبلا پتلا	لائیکوپوڈیم
بوجھ اُٹھانے کے بعد شدید کمزوری لاحق ہو جاتی ہے۔ معمولی سا بوجھ اُٹھانے سے بدن میں کھچاؤ کی سی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔	کلکیریا کارب۔ کاربوانیملس
چہرے کا رنگ خاکستری، بے رنگ یا سبز مائل ہو درد، جذبات یا دوسری وجوہات سے سرخ لال ہو جاتا ہے۔	فیرم میٹ

کمر درد

احساساتِ کمر

کمر درد، ایسے محسوس ہو جیسے کسی نے ریڑھ کی ہڈی میں گرم لوہا گھسیڑ دیا ہو۔ ہاتھوں اور کمر پر چیونٹیوں کے چلنے کا احساس۔ — ایلومینا

احساس کہ اُس کی کمر علیحدہ ہو جائیگی وہ اسے خوب باندھ کر رکھتا ہے۔ — ٹریلیم

کمر میں شدید درد گویا کہ کمر ٹوٹی ہوئی ہے۔ یہ نہایت قابلِ اعتبار علامت ہے (کمر درد میں اگر رسٹاکس فیل ہو جائے تو کالی فاس دیں) — رسٹاکس

کمر میں لگاتار درد۔ ایسے محسوس ہو کہ کمر اور ٹانگیں جسم کو سہار نہیں سکتیں۔ — کالی کارب

چھوٹی کمر میں درد گویا فالج ہو گیا ہو۔ کھڑا ہوتے یا چلتے وقت کمزوری کا احساس۔ — کاکولس

انتہائی کمزوری کمر درد میں

کمر درد کے دوران انتہائی کمزوری۔ — کالی کارب۔ ارجنٹم نائٹ

مریض نڈھال ہو کر بستر پر گر پڑے۔ جلد ہی پسینہ آجائے۔ کمزوری۔

کمر درد۔ پسینہ۔ — کالی کارب

کمر کے ارد گرد زبردست کمزوری کا احساس۔ — بربرس

بے اعتدالیاں، بد اثرات

خلق یا جنسی بے اعتدالیوں کی وجہ سے کمر درد۔ رات کو کمر درد زیادہ، صبح اٹھنے سے پہلے اضافہ۔ — نکس وامیکا۔ سٹفی سائگرما

چوٹ۔ لگ جانے، بوجھ اُٹھانے یا جسمانی مشقت سے کمر درد ہو جائے — آرنیکا

سرد خشک ہوا سے کمر میں درد۔ — اکونائٹ

سرد مرطوب ہوا سے کمر میں درد۔ — ڈلکامارا

کمر درد طوفان آنے سے پہلے شدید ہو جاتے۔ رسٹاکس — روڈوڈنڈران پٹرولیم

مقام درد اور درد کا پھیلاؤ

کمر درد میں دردیں پہلو سے پیڑو تک جائیں یہ اس دوا کی مرکزی علامت ہے۔ — سبائنا

جسم کے دوسرے حصوں سے درد کمر میں آجائے (سبائنا کے الٹ) — سیپیا

درد کمر سے ارد گرد ہوتا ہوا پیڑو تک جاتے۔ — وائی برنم آپس

جوڑوں میں مستقل درد ہو جو چلنے پھرنے سے زیادہ ہو جاتے۔ — ایسکولس ہپ

کمر کا شدید درد جو کہ پہلوؤں اور رانوں تک جاتے جس کے ساتھ نیچے کی طرف شدید دباؤ کا احساس موجود ہو۔ — سم سی فیوگا

حرکت کرنے، بیٹھنے، چلنے پھرنے سے درد بڑھے

معمولی سی حرکت کرنے سے کمر درد شدت اختیار کر جائے خواہ مخواہ سے لیٹے رہنے سے سکون ملے۔ — برائی اونیا

کمر درد حرکت کے آغاز میں بڑھ جاتے۔ رسٹاکس — ونیڈیم

پرانا کمر درد۔ حرکت شروع کرنے پر درد بڑھ جاتے۔ مگر متواتر چلتے رہنے سے آرام آجاتے۔ — رسٹاکس، کلکیریا فلور

کمر بیٹھنے، آرام کرنے یا لیٹنے سے زیادہ ہو جاتے
پلساٹیلا۔ رسٹاکس۔ زنکم۔ سیپیا۔ کنابس انڈیکا — کوبالٹ

چلنے پھرنے سے کمر درد زیادہ ہو جاتے۔ جوڑوں میں مستقل درد۔ — ایسکولس ہپ

کھڑا ہونے پر کمر درد زیادہ ہو جاتے۔ — سلفر

لیٹنے سے کمر درد بڑھ جاتے

بستر میں لیٹتے وقت کمر درد۔ کمر کو گھمانے پھرانے سے درد میں اضافہ ہو۔ کروٹ لینے کے لیے اٹھ کر بیٹھنا پڑتا ہے۔ ورنہ کروٹ لینا دشوار ہوتا ہے۔ — نکس وامیکا

کمر درد جو رات کو بستر میں لیٹنے پر اور صبح بستر سے اٹھنے سے پہلے بڑھ جاتے جنسی خرابیوں کے بعد کمر درد۔ مریض سویرے ہی بستر سے نکل پڑتا ہے اور ادھر ادھر ٹہلتا ہے۔ — سٹفی سائیگریا

کمر درد جو بیٹھنے اور لیٹنے سے خصوصاً بستر پر لیٹنے سے اور صبح کے وقت بڑھ جاتے — بربرس ولگرس

لیٹنے سے آرام آئے سخت چیز پر

کمر درد کو سخت چیز مثلاً فرش پر لیٹنے سے آرام آئے۔ — نیٹرم میور، رسٹاکس
کمر درد جسے پیٹھ کے بل لیٹنے سے آرام آتے۔ — روٹا

آرام آئے حرکت کرنے، چلنے پھرنے سے

حرکت سے، متواتر چلتے رہنے سے کمر درد کو آرام آئے۔ — کلکیریا فلور، رسٹاکس
کمر درد جس میں کھڑا ہونے یا چلنے سے افاقہ ہو لیکن جگہ سے اُٹھتے وقت درد شدت اختیار کر جاتے۔ سلفر، کاسٹیکم — ارجنٹم نائٹریکم

آرام سے اضافہ

کمر درد جس میں آرام دسکون کی حالت میں اضافہ ہو اور حرکت کرنے سے افاقہ ہو (رسٹاکس) — زنکم، پلساٹیلا

حیض اور کمر درد

کمر درد حیض کے شروع ہونے سے پہلے، کمر درد، پسینہ اور کمزوری۔
کمر درد اکثر چوتڑوں میں چلا جاتا ہے۔ کمر درد ماہواری سے پہلے اور اس کے دوران زیادہ، حیض کی بندش اور کمر درد۔ — کالی کارب

متفرق

کمر درد شدید، بخار اور متلی۔ — اپی کاک
کمر درد میں کمر کا چھوا جانا بھی برداشت نہیں ہوسکتا زنکم، چائنا سلف — تھریڈین
کمر اور اعضاء میں ایسا درد گویا کہ مارا پیٹا گیا ہے۔ — فاسفورک ایسڈ
کمر درد کا تعلق اگر بوجھ پڑنے سے ہو یعنی مریضہ کو یوں محسوس ہو کہ پیٹ کے تمام اعضاء نیچے کی طرف نکل پڑیں گے۔ — بیلاڈونا
کمر درد، بیٹھی ہوئی حالت سے اُٹھ کھڑا ہونا انتہائی دشوار ہو۔ گردوں اور پیشاب سے تعلق رکھنے والا کمر درد کام کاج کرنے سے بڑھ جائے۔ (رسٹاکس، لیکن رسٹاکس میں گردوں اور پیشاب کی علامات نہیں ہوتیں۔ — بربرس ولگرس

گانا

گانے سے گلا خراب ہو جاتے ، بیٹھ جائے۔
آرنیکا ۔ فاسفورس ۔ کاسٹیکم ۔ ارجنٹم نائٹ — سیلنیم ۔ آرم ٹریفائیلم

کانوں میں گونجدار آوازیں جو گانا سننے سے ٹھیک ہو جاتی ہیں۔ — اگنیشیا

گانا مریض پر خاص اثر رکھتا ہے ۔ علامات بڑھ جاتی ہیں یا گھٹ جاتی ہیں ۔ گانے سننے سے علامات بڑھ جاتی ہیں۔ — ٹرنٹولا ہسپانیہ

گانا ناقابل برداشت ۔ ہڈیوں میں سے گزرتا ہوا محسوس ہوتا ہے ۔ — سبائنا

گانے سے طبیعت خراب ۔ — نیٹرم کارب

گانا سننے سے تمام علامات بڑھ جاتی ہیں ۔ گانا ناقابل برداشت ہوتا ہے ۔ گانا سننے پر مریض رونے لگ جاتا ہے ۔ — امبراگریسیا

تمام جسم میں دھڑکن کا احساس جو جذبات اُبھرنے اور گانا سننے سے پیدا ہوتا ہے۔ — کریازوٹ

جوہر ہومیو پیتھی

گرم ، گرمی

(موسم گرما کے لیئے "موسم" کے تحت دیکھیئے)

گرمی ، گرم چیزوں سے افاقہ

میگ فاس - رسٹاکس
لائکوپوڈیم ۔ جیلیڈیم

گرمی اور گرم اشیاء سے تکالیف میں افاقہ ۔ سردی سے زیادتی۔
آرسنک ایلبم ۔

گرم چیزیں پینے کی خواہش جن سے آرام محسوس ہوتا ہو ۔

گرمی ، گرم چیزوں سے اضافہ

سیکیل کار - ارجنٹم نائٹ
سباٹنا - ٹبیکم

گرمی سے ، گرم کمرے میں ، گرم چیزوں سے تمام تکالیف بڑھ جاتی ہیں اور سردی سے سرد ہوا سے سرد چیزوں کے لگانے سے تکالیف کم ہو جاتی ہیں ۔ پلساٹیلا ۔ کالی سلف ۔ ایپس ۔ آئیوڈیم ۔

کالی میور
سباٹنا
پلساٹیلا ۔ سیپیا

گرمی سے اضافہ ، سرد چیزوں کے ملنے سے افاقہ ہو (پلساٹیلا)
گرم مزاجی مگر کثرتِ حیض کے ساتھ ۔
مریضہ گرم مزاج ۔

گرمی سے تمام تکالیف بڑھ جاتی ہیں ۔ بستر گرم محسوس ہوتا ہے ، مریض ٹھنڈی جگہ تلاش کرتا ہے ۔ سرد ہوا میں ہر وقت چلتے پھرتے رہنا چاہتا ہے ۔

کالی آئیوڈائیڈ
مرک سال ۔ نائٹرک ایسڈ
کیموملا
نیکیسس

زیادہ گرمی اور زیادہ سردی سے تکالیف بڑھ جاتی ہیں ۔
دردیں پلساٹیلا کی مانند گرمی سے بڑھتی ہیں لیکن سردی سے کم نہیں ہوتیں ۔
گرم اشیاء پینے سے سن یا س کی تکالیف بڑھ جائیں ۔

جیلسیمیم

موسم گرما کی تمازت سے شدید نقاہت ۔ زبان ، ہاتھ ، پاؤں اور تمام جسم کانپے ۔

بستر کی گرمی

بستر گرم محسوس ہوتا ہے۔ مریض ٹھنڈی جگہ تلاش کرتا ہے اور کپڑے اتار دیتا ہے۔ — اوپیم

بستر کی گرمی سے علامات بڑھ جائیں۔ مثلاً ابھاروں میں کھجلی زیادہ ہونے لگتی ہے۔ — مرک سال

سورج کی گرمی، دھوپ

سورج کی گرمی ناقابل برداشت۔ انٹم کروڈ۔ نیسین جیلسیمم، گلونائین۔ لیکیسس۔ نیٹرم کارب

مریض سورج کی گرمی اور گرم موسم میں جلد ہی کمزور ہونے لگتا ہے۔ — سیلینیم

دھوپ قطعاً برداشت نہیں ہوتی۔ سن سٹروک کے مزمن اثرات شدید نقاہت جو موسم گرما میں پیدا ہو۔ (انٹم کروڈ) مریض دھوپ میں بالکل نہیں چل سکتا۔ — نیٹرم کارب

دھوپ میں اور موسم گرما میں نقاہت اور عام علامات خراب۔ گرمی کے موسم میں اور گرمی سے علامات میں زیادتی۔ — نیٹرم میور

سن سٹروک یا ایسی ہی علامات خواہ کسی وجہ سے پیدا ہو جائیں۔ — گلونائین

سن سٹروک جبکہ اثرات پرانے ہوں۔ دھوپ برداشت نہ کر سکے۔ — لیکیسس

گرم سرد ہونے کے برے اثرات۔ — ڈلکامارا

گلا

احساسات

علامت	دوا
جلن شدید جیسے آگ سی لگی ہو گلے میں۔ گویا انگارا رکھا ہُوا ہے۔	فائٹولیکا۔ کینتھرس
جلن خشکی اور درد حلق میں۔	بیلاڈونا۔ سباڈیلا
جلن گلے میں جسے گرمی سے آرام آئے۔	آرسنک البم
گلے میں گویا بادگولہ پھنستا ہے۔	اگنیشیا
کانٹا مچھلی کا لگنے کا احساس (نائٹرک ایسڈ۔ کالی کارب۔ ڈیلی کوس۔ ارجنٹم نائٹ)	ہیپرسلفر
چمڑا لٹکنے کا احساس گلے میں۔ مریض اس کو نگلنے کی کوشش کرتا ہے۔	سباڈیلا
حلق میں گویا کوئی چیز نیچے سے چل کر آ پہنچی ہے۔	سائنا
گلے میں دھاگہ لٹکنے کا احساس۔	ویلیریانہ
پَر کا احساس سانس کی نالی میں جس کی وجہ سے کھانسی اُٹھے۔	ڈروسرا

درد

علامت	دوا
گلا سُرخ اور متورم، دھڑکتا ہوا درد۔ کوئی شے نگلنے سے تکلیف، لوزتین سوجے ہوتے۔ منہ خشک۔ دائیں طرف زیادتی۔	بیلاڈونا
نیند شدید بے آرامی کے ساتھ یا دماغی تکالیف میں گہری غنودگی کی کیفیت ہو جس میں بعض اوقات زبردست چیخیں مارے ایسی علامات میں ایپس کو نہیں بھولنا چاہیے۔ **ایپس ملیفیکا**

نیند میں شدید بے آرامی کی حالت ہو۔ ڈرے اور چونک اٹھے۔ نیند میں باتیں کرے۔ جھٹکے لگیں۔ آنکھیں بند کرنے پر خوفناک تصویریں سامنے آئیں۔ جس کی وجہ سے مریض سونے سے دہشت محسوس کرے سرگرم آنکھیں سرخ۔ **بیلاڈونا**

نیند کے دوران چیخے۔ تمام جسم میں جھٹکے لگیں۔ وہ سر کو ایک طرف سے دوسری طرف لڑھکائے۔ چہرہ سرخ اور بے رنگ باری باری۔ **زنکم میٹ**

بچہ نیند میں چیخیں مارے اور اسے جھٹکے لگیں۔ وہ ہر وقت کچھ نگلتا ہوا محسوس ہو اور دانتوں کو پیسے۔ **سائنا**

خوفزدہ سی صورت بنا کر جاگ کھڑا ہو۔ جس چیز کو بھی پہلے دیکھے اسی سے ڈرنا شروع کرے۔ **سٹرامونیم**

خراٹے والی نیند۔ ساتھ ہی چیخے، چونکے۔ **سیلی جورن**

نیند کی مختلف حالتیں، نیند میں چلنا

نیند میں اٹھ کر ادھر اُدھر چلنے کے بعد پھر سو جاتا ہے۔ — سیلیشیا۔ کالی برومیم
پیٹ کے بل سونے سے بہت سکون ملتا ہے۔ — امونیا کارب۔ ایسٹک ایسڈ
مریض ٹانگ پر ٹانگ رکھ کر ہی سو سکتا ہے۔ — روڈوڈینڈران
پیٹھ کے بل لیٹ کر سو نہیں سکتا۔ — ایسٹک ایسڈ
پیٹھ کے بل لیٹ کر بہتر سو سکتا ہے۔ — آرسنک البم

پسینہ آجائے جونہی سوتا ہے۔ — سیلیشیا۔ پلسا ٹیلا۔ کونیم

سانس رک جائے۔

سونے پر سانس رک جائے اور سانس لینے کے لیے جاگنا پڑے۔
لیکسس۔ ڈیجی ٹیلس۔ گرینڈیلیا۔ لیک کنائنم۔ اوپیم۔ امونیا کارب

متفرق

خراٹے والی نیند۔ — اوپیم۔ انٹم ٹارٹ۔ ایپس۔ نکس موشکاٹا
نیند میں باتیں کرے۔ — بیلاڈونا۔ کالی کارب
ذرا سے شور سے مریض نیند سے چونک پڑتا ہے۔ — کیلیڈیم
بستر سخت محسوس ہو۔ — آرنیکا۔ برائی اونیا۔ پائروجینم
نیند اُڑ جائے درد کی وجہ سے اور شدید اعصابی حس سے۔ — کیمومیلا
(اگر کیمومیلا کام نہ کرے تو بیلاڈونا دیں)
سوال کا جواب دیتے وقت گہری نیند میں چلا جاتا ہے۔ — بپٹیشیا

وقت

وقت بہت آہستہ گزرتا محسوس ہو۔ ایک گھنٹہ آدھا دن معلوم ہو۔ — ایلومینا۔ کنابس انڈیکا

ہاتھ

جلن، گرمی

جلن ہتھیلی اور تلوؤں کی۔ — سلفر — سنگوینریا۔ پٹرولیم

جلن ہاتھ پاؤں کی سلفر کی مانند۔ مریض ان کو بستر سے باہر نکال دیتا ہے، ان کے لیے ٹھنڈی جگہ تلاش کرتا ہے۔ — میڈورینم

ہتھیلی گرم — فاسفورس۔ لیکیسس

ہاتھ اور پاؤں باری باری گرم ہوں۔ اگر ہاتھ گرم ہوں تو پاؤں ٹھنڈے یا اس کے اُلٹ۔ نیچے کی طرف بوجھ۔ — سیپیا

سرد

ایک ہاتھ برف کی طرح ٹھنڈا دوسرا گرم۔ چائنا۔ ڈجی ٹیلس — ابی کاک۔ پلساٹیلا

سرد برف کی مانند ہاتھ پاؤں اور دیگر اعضا۔ — ویریٹرم البم

بہت سرد ہاتھ — کاربو ویج

ہاتھ برف کی مانند سرد، جسم گرم۔ — ٹبیکم

سو جائیں، سوجن، درد

سو جائیں ہاتھ پاؤں اکڑا اور احساس کہ سُوجے ہوئے ہیں۔ — کاکولس

بایاں بازو سُن ہو جائے۔ — کیکٹس

سوجن بائیں ہاتھ، پاؤں، ٹانگ میں۔ بایاں بازو سن ہو جاتے (ایکونائٹ) — کیکٹس

ہاتھوں اور بازوؤں میں کھچاؤ والا درد۔ — کاسٹیکم

درد بائیں ہاتھ تک جائیں۔ (رسٹاکس) — کالمیا

حرکت، کانپنا

حرکت میں مشغول رکھے ہر وقت ہاتھوں، پاؤں کو۔ — ٹرنٹولا ہسپانیہ

حرکت میں مشغول رکھے ہاتھ ہر وقت بے آرام۔ — کالی برومیٹم

کانپنے لگتے ہیں ہاتھ جب اٹھائے جائیں۔ — جیلسیمیم

ہاتھوں اور سر کا اندرونی طور پر کانپنا۔ — انٹم ٹارٹ

کپکپاہٹ اور کمزوری ہاتھوں کی لکھتے وقت۔ — زنکم میٹ

کلائی

کلائی کے جوڑوں میں درد اور اکڑاؤ۔ روٹا
کلائی کی سوزش۔ سبائنا

ہاتھوں کی جلد۔ پشت

ہاتھوں کی پشت پر مسے۔ ڈسکامارا
ہاتھوں کی پشت پر اگزیما۔ بووسٹا
ہاتھوں کی جلد کھردری پھٹی ہوئی۔ سردیوں میں ہاتھ پھٹ جائیں انگلیوں کے سرے کھردرے۔ پٹرولیم
ہاتھوں پر آتشکی زخم۔ سارسپریلا

ہتھیلی

ہتھیلی پر مسے۔ اناکارڈیم۔ نیٹرم میور۔ روٹا۔ نیٹرم کارب
ہتھیلی پر مسے جو چھونے سے درد کریں۔ نیٹرم کارب
ہتھیلی پر مسے آبلہ دار اگزیما۔ آبلے نیلے رنگ کے اور موتیوں کی طرح دانے۔ رینن کولس بلب
ہتھیلی کی مرجھائی ہوئی جلد۔ سیپیا، چیلیڈونیم

انگلیاں

(انگلیوں کے عنوان کے تحت بھی دیکھئے)
انگلیوں کے سرے کھردرے اور پھٹے ہوئے۔ پٹرولیم
ہاتھ پر آتشکی زخم خصوصاً ہاتھوں، پاؤں کی انگلیوں کے اطراف پر سارسپریلا

چیزیں گر پڑیں

احتیاط کے باوجود خصوصاً بیوہ عورتوں، بچوں اور لڑکیوں کے ہاتھوں سے بے ساختہ چیزیں گر پڑیں۔ بووسٹا۔ ایپس۔ اگریکس

دھوتا رہے ہاتھ

ہاتھوں کو ہر وقت پانی سے دھوتا رہے۔ سفلینم

ہڈی

ریڑھ کی ہڈی کے لیے دیکھئے "ریڑھ"

ہڈیوں کا درد

علامات	دوا
ہڈیوں کا درد۔ رات کے وقت درد۔ آرم میٹ۔ مرک سال۔	کالی آئیوڈائیڈ۔ ایسافوٹیڈا
ہڈیوں کی دردیں۔ ہڈی توڑ بخار۔ لہٰذا اس کو ہڈی جوڑ کہتے ہیں۔	یوپیٹوریم پرف
درد گویا کہ ہڈیاں ٹوٹ گئی ہوں۔ یوپیٹوریم۔	تھریڈین
درد گویا کہ ہڈیاں ٹکڑے ٹکڑے ہوگئی ہیں۔	اپی کاک
نوجوان جنہیں ہڈیوں میں درد ہونے لگے۔ جسم اور قد کے لحاظ سے جلدی بڑھیں۔	فاسفورک ایسڈ
ہڈیوں میں درد خصوصاً سر، ناک اور تالو کی ہڈی میں۔ ہڈیوں کا گلنا سڑنا آتشک (کالی بائی) اور پارہ کے کیس۔	آرم میٹ
آتشک یا سوزاک کے دب جانے سے ہڈیوں کی سطح کا اور سر کا درد۔	سارسپریلا
لمبی ہڈیوں میں رات کے وقت دردیں۔ خصوصاً پنڈلی کی ہڈی میں درد۔ درد رات کو اور گرمی سے بڑھے۔	میزریم
ان ہڈیوں میں درد جن پر گوشت کم ہوتا ہے۔	سنگونیریا

ہڈی پر چوٹ۔ زخم۔ ٹوٹ جانا

علامات	دوا
ہڈیوں کی چوٹ میں کامیاب دوا ہے۔ روٹا۔	کلکیریا فاس، کلکیریا فلور
ہڈیوں کی چوٹ کے بد اثرات۔	کلکیریا فاس
ہڈی گلی جائے۔	کاربالک ایسڈ
زخم ہڈیوں کے پر حس۔ آتشکی زخم اور ہڈیوں کا گلنا اور سڑنا۔	ایسافوٹیڈا
ٹوٹی ہوئی ہڈی کے جوڑنے کے لیے بہترین دوا ہے۔	کلکیریا فاس۔ سمفائٹم

ہڈی بڑھ جائے

علامات	دوا
ہڈی بڑھ جائے۔	کلکیریا فلور

نشو ونما میں کمی

ہڈیوں کی نشو ونما میں کمی۔ ہڈیوں کی تکالیف۔ تمام ہڈیاں کمزور۔ — کلکیریا فاس

ہڈیوں کی سطح اور دانتوں کے انیمل کے لیے نہایت موثر ہے۔ چنانچہ ہڈیوں کا بڑھ جانا۔ ہڈیوں پر ابھاریں۔ ہڈی کی چوٹ۔ دانتوں کے ہلنے اور بھر بھرے ہوجانے پر استعمال کریں۔ — کلکیریا فلور

بچے کی ہڈیاں کمزور لہذا وہ دیر سے چلنے پھرنے پر قادر ہوتا ہے کمزور ہڈیوں کی وجہ سے ٹانگیں ٹیڑھی ہوتی ہیں۔ — کلکیریا کارب

متفرق

ٹھوڑی کی ہڈی کے سرے پر ناقابل برداشت خارش۔ — بووسٹا

کان کے پیچھے اٹھی ہوئی ہڈی کی سوزش۔ — کیپسیکم

بچے کا سوکھا پن۔ تمام ہڈیاں کمزور۔ ریڑھ کی ہڈی کمزور۔ بچہ سیدھا نہیں بیٹھ سکتا۔ ٹانگوں کی ہڈیاں کمزور لہذا جلد چلنا پھرنا نہیں سیکھ سکتا۔ سر کی ہڈی کمزور اور پتلی سر لٹک سکتا ہے۔ — کلکیریا فاس

ہرنیا

دائیں طرف کا ہرنیا۔ اس نے بہت سے مزمن ہرنیا کے کیس درست کیے ہیں۔ — لائیکوپوڈیم

ہذیان

بانیوسائمس سٹرامونیم بیلاڈونا

ہذیان کا منگذم۔

ہذیان میں بھاگ جانے کی کوشش کرے۔
بیلاڈونا۔ برائی اونیا۔ ہیلی بورس۔ سٹرامونیم

اوپیم۔ رسٹاکس

شدید ہذیان۔ دوسروں کو کاٹے۔ اُن پر تھوکے۔ مارے اور چیزوں کو پھاڑے۔ قہقہے لگا کر ہنسے اور اپنے دانتوں کو پیسے۔ تیمارداروں کو کاٹے اور مارنے کی خواہش کرے (سٹرامونیم) بھاگ جانے کی کوشش کرے۔ (ہیلی بورس)۔

بیلاڈونا

ہلکا ہذیان بمعہ بے چینی جس میں مریض کسی کسی وقت شدید ہذیان پر اُتر آتا ہے۔ بستر سے کود کر باہر نکل کھڑا ہو۔ بھاگ جانے کی کوشش کرے۔ مریض کمزور۔ چہرہ زرد۔ ہذیان کے بعد مکمل غنودگی اور بے ہوشی طاری ہو جانے جو کہ اوپیم سے کم نہیں ہوتی۔ شہوانی دیوانگی اپنے آپ کو ننگا کرے۔ غیر متعلقہ جواب دے۔ خیال کرے کہ وہ غلط جگہ پر ہے۔ خیالی چیزوں کے متعلق باتیں کرے۔

ہانیوسائمس

وحشیانہ ہذیان۔ لگاتار بکواس کرتا چلا جاتے۔ باتونی۔ یاوہ گو۔ دعائیں مانگے۔ چہرہ لال سُرخ۔ بار بار اور یکدم سر کو سرہانے سے جھٹکا دے کر اُٹھاتا ہے۔ بھاگ جانے کی کوشش کرے۔ گلتے شعر بناتے۔

سٹرامونیم

ہذیان میں لگاتار اپنے کاروبار کے متعلق بات چیت کرے۔ بستر سے باہر نکل کر گھر جانے کی کوشش کرے۔ (اکیبارسی موسا۔ بائیوسائمس)

برائی اونیا

ہذیان میں بڑبڑانے جبکہ کوئی بات سمجھ میں نہ آئے۔ مدہوشی میں لیٹا ہو۔ ان باتوں سے بے خبر ہو جو اس کے ارد گرد ہو رہی ہوں جب اسے اُٹھایا جائے تو بالکل باخبر ہو۔ جواب آہستہ سے لیکن درست دے۔

فاسفورک ایسڈ

ہذیان میں لگاتار باتیں کرے۔ آنکھیں کھلی ہوئی ہوں۔

اوپیم

ہذیان جو کہ قولنج کے ساتھ بدل کر ہو۔

پلمبم

شراب کے ہذیان میں مفید ہے۔

رینن کولس بلب

ہنسی

ہنستا ہے، کبھی روتا ہے۔ سنجیدہ باتوں پر ہنستا ہے۔ معمولی معمولی باتوں پر قہقہے لگا کر ہنسنا شروع کر دیتا ہے کبھی متواتر قہقہے لگاتا ہے۔ — کنابس انڈیکا

ہنسے کبھی قہقہے مار کر کبھی چیخنا شروع کر دے۔ — بیلاڈونا

ہنستا ہے۔ گاتا ہے۔ سیٹیاں بجاتا ہے چیختا ہے۔ عاجزانہ دعائیں مانگتا ہے۔ — سٹرامونیم

ہنستی ہے بے تکا چیختی چلاتی اور بکواس کرتی ہے۔ حتیٰ کہ ہونٹ نیلے ہو جاتے ہیں اور بے ہوشی طاری ہو جاتی ہے۔ — لیکیسس

تشنجی ہنسی۔ مریضہ بے تکا ہنستی ہے۔ — ماسکس

جلدی ہنس دینے والا بار بار دینے والا مریض۔ — پلساٹیلا

ہنستے ہنستے رو پڑے (کافیا۔ کروکس۔ نکس موشکاٹا) غم کی وجہ سے زور دار تشنجی ہنسی۔ — اگنیشیا

احمقانہ ہنسی، یہ خیال کرے کہ اس کے دو سر ہیں۔ — نکس موشکاٹا

باری باری روئے اور ہنسے۔ — کافیا

ہمدردی

دوسرے لوگوں کی تکالیف میں اُن سے زبردست ہمدردی ہو جائے۔ — کاسٹیکم

ہوا

عجیب احساسات

خیال کرے کہ وہ رُوح کی مانند ہوا میں منڈلا رہا ہے۔ جب وہ چلتا ہے تو اُسے محسوس ہوتا ہے کہ وہ ہوا میں چل رہا ہے۔ — اسارم۔ لیک کنائنم

ہوا میں اپنے آپ کو تیرتا ہوا محسوس کرتا ہے۔ — ویلیریانہ

اپنی ٹانگوں کو ہوا میں تیرتا محسوس کرتا ہے۔ وہ اپنے آپ کو انتہائی ہلکا محسوس کرتا ہے گویا کہ وہ چارپائی پر نہیں بلکہ ہوا میں لیٹا ہے۔ — سٹکٹا

تکالیف بڑھ جائیں: زیادہ حِس

سرد ہوا میں تکالیف بڑھ جائیں۔ سورینم۔ کلکیریا کارب۔ کاربو ویج
ایکونائٹ۔ برائی اونیا۔ نکس وامیکا۔ میگ فاس۔ کالی میور۔ ہیپر سلفر۔ — اگریکس۔ کاسٹیکم

سرد ہوا سے بہت زیادہ متاثر ہوتا ہے۔ خصوصاً کھانسی سرد ہوا میں بہت بڑھ جاتی ہے۔ — ریومیکس

ذرا سی تازہ ہوا کے لگ جانے سے زکام کا رجحان۔ ہیپر سلفر۔ — ٹیوبرکلینم۔ کالی بائی

کھلی ہوا سے بہت پُرحس۔ بستر سے ہاتھ باہر نکالنے پر کھانسی شروع ہو جائے۔ رسٹاکس

ٹھنڈی ہوا کا بہت زیادہ احساس۔ ہیپر سلفر۔ رسٹاکس۔ برائٹا کارب — ہیپر۔ برائٹا کارب۔ سیپیا۔ لیڈم پال

سرد ہوا بالکل برداشت نہیں ہوتی۔ بہت سی تکالیف پیدا ہو جاتی ہیں۔

کسی دوسرے کمرے کو اگر کھولا جائے تو اُسے زیادہ ہوا کا احساس ہونے لگتا ہے۔ — ہیپر سلفر

افاقہ ہو

کھلی ہوا کی زبردست خواہش۔ مریض دروازے اور کھڑکیاں کھلی رکھنا چاہے۔ پلساٹیلا۔ ٹیوبرکلینم۔ سلفر۔ کلکیریا۔ — کالی آئیوڈائیڈ۔ ارجنٹم نائٹ

تمام علامات کو کھلی ہوا میں جو زیادہ سرد نہ ہو۔ چلنے پھرنے سے آرام رہتا ہے۔ — ایمل نائٹ۔ کیمفر۔ میگ میور۔ کالی آئیوڈائیڈ

جسم کی انتہائی سردی، سرد پسینہ اس کے باوجود مریض کھلی ہوا چاہے اور کہے پنکھا جھلائیے۔ — کاربو ویج

ہونٹ

ہونٹ خشکی کی وجہ سے درمیان سے پھٹے ہوں۔ دکھتے ہوں۔ (نائٹرک ایسڈ)
ہونٹوں کے ارد گرد موتیوں جیسے دانے ہوں۔ یہ اس کی نمایاں علامت ہے۔ نیٹرم میور

نچلے ہونٹ کا وسطی حصہ پھٹا ہوا ہو۔ ہیپر سلفر۔ نیٹرم میور۔ ایمونیا کارب

ہونٹ اور زبان خشک۔ ہونٹ پپڑی والے اور پھٹے ہوئے۔ نیٹرم میور

ہونٹ خشک پپڑی والے۔ پھٹے ہوئے ان کو تر کرنے کے لیے چاٹتا ہے۔ آرسنک البم

ہونٹ زبان گلا خشک لیکن پیاس نہ ہو۔ پلساٹیلا۔ نکس موشکاٹا لیکیسس۔ ایپس

اُوپر والا ہونٹ (بغیر جلدی مرض کے) موٹا ہو جاتے۔ نیٹرم میور بیلاڈونا۔ کلکیریا کارب

ہونٹ اور ناک کو چھیلتا رہے۔ حتیٰ کہ اُن میں سے خون بہہ نکلے۔ آرم ٹریفائیلم

ہونٹ اور گال نیلے رنگ کے دکھائی دیں۔ کاربو انیملس

ہچکی

ہچکی۔ — میگ فاس
حمل کے دوران ہچکی۔ — سائیکلیمن
تشنجی اعصابی ہچکی۔ — ماسکس
تمباکو چبانے سے شدید ہچکی۔ — اگنیشیا
شراب کے ہذیان اور ہچکی میں مفید ہے۔ — رینن کولس بلب

ہسٹریا

ہسٹریا۔ — کالی فاس
ہسٹریائی مزاج۔ — کروکس سٹائیوا

ہیضہ

ہائمن کا ہیضہ کا تگڈم ۔	وریٹرم البم ۔ کیمفر ۔	کیوپرم میٹ
بچوں کا ہیضہ ۔	بستھ ۔ وریٹرم البم	کریازوٹ

ہیضہ کی پہلی دوا ہے ۔ ہر ہیضہ کے کیس کے شروع میں بطور توپ استعمال کریں ۔ یہ گم ہیضہ کی دوا ہے جب کہ جسم یکدم سرد ہو جانے ۔ **کیمفر**

ہیضہ قے اور اسہال بڑی مقدار میں پانی جیسے ، جو شدید نقاہت پیدا کریں ۔ **وریٹرم البم**

وبائی یا ایشائی ہیضہ جب شدید تشنج ہو ۔ جسم سرد اور نیلا ہو جاتے ہیں ۔ پنڈلیوں اور ران کے پٹھوں میں اینٹھن ، پیٹ میں شدید درد ۔ **کیوپرم میٹ**

وبائی اور موسم گرما میں ہیضہ کی تکلیف جس میں قے نمایاں ۔ پانی کی طرح پاخانہ ، بدبودار ۔ **بستھ**

بلا درد ہیضہ بچوں کا (فانتولیکا) شدید تشنج پاؤں پنڈلیوں اور رانوں میں پانی کی طرح بلا درد اسہال ۔ **پوڈوفائیلم**

ہیضہ کی سی علامات حیض کے شروع میں ہوں ۔ **ایمونیا کارب**

ڈاکٹر ڈنہم کا مشاہدہ ہے کہ کیمفر میں شدید نقاہت نمایاں ہے ۔ وریٹرم البم میں قے اور اسہال ، جبکہ کیوپرم میں تشنج ۔

یادداشت

یادداشت ختم ہو جائے۔ دماغی طاقت کمزور نکس موشکاٹا۔ سلفر۔ نیٹرم میور۔ برانٹا کارب۔ ادیم کالی بردم۔ لائیکوپوڈیم۔ بیکیکاٹم فاسفورس۔ پکرک ایسڈ۔ کنابس انڈیکا۔

اناکارڈیم۔ برائی اونیا
اگنس کاسٹس۔ کاسٹیکم

ایک فقرہ سمجھنے کے لیے دو بار پڑھنا پڑتا ہے۔ اگنس کاسٹس۔ لائیکوپوڈیم۔

فاسفورک ایسڈ۔ سیپیا
نیٹرم میور۔ ایمونیا میور
فاسفورس۔ آرم میٹ

مباشرت کی کثرت کی وجہ سے یادداشت کمزور پڑ جائے۔ سٹیفی سائیگریا۔ اناکارڈیم۔ فاسفورک ایسڈ۔

اچھی طرح کبھی بھالی گلیوں کو نہیں پہچان سکتا۔ بات چیت کرتے وقت، پڑھتے یا لکھتے وقت خیالات غائب۔ نکس موشکاٹا۔ کنابس انڈیکا۔ لیکیسس۔

کیمفر۔ گلونائین

دماغی طور پر غیر حاضر۔ نکس موشکاٹا۔ کریازوٹ۔ لیکیسس۔

نیٹرم میور۔ مرکری

پڑھتے، بولتے یا لکھتے وقت خیالات غائب ہو جائیں اور غلط الفاظ استعمال کرے یادداشت کمزور۔ دماغ غیر حاضر۔ عام سادہ سوالات کا جواب دینے کے لیے بھی دماغ پر زور دینا پڑتا ہے
(کیمفر۔ کنابس انڈیکا)

نکس موشکاٹا۔ لیکیسس

یادداشت ختم۔ اپنے مقصد کے اظہار کے لیے غلط الفاظ استعمال کرے تحریر میں باتوں کو گڈمڈ کر دے معمولی سا بھی ذہنی کام نہ کر سکے۔

لائیکوپوڈیم

اچانک ہی یادداشت ختم ہو جانے جس کی وجہ سے زبردست کوفت میں مبتلا ہو۔ ایسے معلوم ہو جیسے سب کچھ خواب میں ہو۔ کاروبار کے لیے ناکام۔ بوڑھوں اور جسمانی طور پر نحیف لوگوں میں یادداشت ختم ہو جانے کی علامت اس دوا میں نمایاں طور پر پائی جاتی ہے۔

اناکارڈیم

کاروبار میں بہت زیادہ بھولنے والا لیکن تمام بھولی ہوئی باتیں اُسے خواب میں سامنے آجاتی ہیں۔ 200 طاقت میں یا اس سے اوپر استعمال کی جائے۔

سیلینیم

کالی فاس — یادداشت کمزور۔ دماغی اینیمیا۔ دماغی طاقت کمزور۔

کنابس انڈیکا — بہت ہی بھولنے والا اپنے آخری الفاظ اور خیالات کو بھول جائے۔ ایک فقرہ شروع کرتا ہے اور بھول جاتا ہے کہ وہ کیا بولنے کا ارادہ رکھتا ہے مریض خیالات کی کثرت کی وجہ سے (اناکارڈیم)۔ لیک کنائنم) وہ اپنی توجہ مرکوز نہیں کر سکتا۔

برائٹا کارب۔ — یادداشت کمزور۔ بھولنے والا توجہ مرکوز نہ کر سکے۔ بچہ یاد نہ رکھ سکے اس لیے اُسے پڑھایا نہ جا سکے دماغی طاقت کے فیل ہو جانے کا خدشہ۔ بوڑھے لوگ دماغی طاقت کھو بیٹھتے ہیں۔ کسی بات پر دھیان نہیں دیا جا سکتا۔ حافظہ کمزور ہو جاتا ہے۔ چلتے وقت لڑکھڑاتے ہیں۔

لیک کنائنم — بہت بھولنے والا۔ غیر حاضر دماغ چیزیں خریدے اور اُن کو اٹھائے بغیر گھر کو چل دے۔ (اگنس۔ اناکارڈیم۔ کاسٹیکم۔ نیٹرم میور) لکھائی میں بہت الفاظ استعمال کرے۔ جن میں اکثر غلط ہوں۔ الفاظ کا آخری حرف یا حروف چھوڑ جائے۔

سفلینم — یادداشت ختم۔ کتابوں۔ لوگوں اور مقامات کا نام یاد نہ رکھ سکے حساب کے سوالات حل کرنا مشکل ہو۔

کیلیڈیم — مریض میں بھول چوک بہت ہوتی ہے۔ ایک کام کر لینے کے باوجود اُسے یقین نہیں آتا کہ اُس نے یہ کام کیا بھی ہے یا نہیں۔

یرقان

علامات	دوا
مکمل یرقان۔ آنکھیں زرد۔ چہرہ زرد۔ جلد، ہاتھ زرد۔ پاخانہ یا تو سونے کے رنگ سا زرد یا مٹی کے رنگ کا پیشاب زرد۔	چیلیڈونیم
یرقانی حالت۔ جگر کی علامات نمایاں ہوتی ہیں۔ جگر میں درد۔ جگر بڑھا ہوا۔ صفراوی کڑوی قے۔ صفراوی قولنج تا بائیں جانب لیٹنے سے جگر کا درد بڑھ جاتا ہے۔	نیٹرم سلف
یرقان اور تیزابیت۔	نیٹرم فاس
یرقان جس میں سب اعضا زرد ہو جائیں۔	پلمبم
یرقان اور معمولی حرارت بھی رہنا۔ جگر پر اس دوا کا نمایاں اثر ہے۔	ہائیڈراسٹس
شدید یرقان۔ آنکھیں زرد۔ تمام جلد زرد۔ سیاہ رنگ کی قے معمولی بدیاں جسم کے سوراخوں سے سیاہ پتلے رنگ کا خون رستا ہے۔	کروٹیلس

یاس

علامات	دوا
سن یاس کی تکالیف۔	لیکیسس، کروٹیلس، کریازوٹ
سن یاس میں گرم لہریں۔	سیپیا، سلفیورک ایسڈ
سن یاس میں گرم لہریں جب کہ گالوں پر گول سرخی پائی جائے ہتھیلی اور تلوے گرم ہوں۔	سنگونیریا
سن یاس میں گرم لہریں۔ گرم پسینے۔	لیکیسس
سن یاس 40 اور 50 سال کے درمیان خون بہت خارج ہو۔	الٹرس فری نوسا
سن یاس میں بائیں پستان کے نیچے مستقل درد۔	اکٹیا رسی موسا
سر کی چوٹی پر بوجھ (ڈیجیٹلس۔ گلونائن) یہ احساس عموماً سن یاس میں پایا جاتا ہے۔	لیکیسس
گرمی کی لہریں، پسینہ اور غشی۔ یہ لہریں رحم سے اٹھتی ہیں اور تمام جسم میں پھیل جاتی ہیں۔	سیپیا

صحت کا بنیادی اصول

آپ نے اکثر مریضوں کو یہ کہتے ہوئے سنا ہو گا کہ مجھے عموماً قبض رہتی ہے۔ میں زندگی بھر نزلہ و زکام سے پیچھا نہیں چھڑا سکا۔ مجھے مدتوں سے اسہال کا عارضہ ہے میں کئی سالوں سے ذیابیطس، دمہ، داد، چنبل یا خونی و بادی بواسیر وغیرہ میں مبتلا ہوں۔ طرح طرح کے علاج معالجہ اور پرہیز کے باوجود بیماری جوں کی توں موجود ہے چند دن ٹھیک گزرتے ہیں لیکن بیماری کی وہی حالت جلد لوٹ آتی ہے۔ یہ سلسلہ برسوں سے جاری ہے۔

سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایسے مریض اپنے مرض سے نجات حاصل کیوں نہیں کر سکتے، کیا علم طب ابھی اتنا ترقی یافتہ نہیں ہے کہ وہ ایسی بیماریوں پر قابو پا سکے یا ایسے امراض کا علاج طب کے احاطہ علم سے باہر ہے یا ان مریضوں میں بعض ذاتی کمزوریاں موجود ہیں جن کی وجہ سے وہ مختلف قسم کے علاج اور پرہیز سے خاطر خواہ فائدہ حاصل نہیں کر سکتے۔

تجربات شاہد ہیں کہ ادویات کی مدد سے ایسی بیماریوں کا علاج تو بڑی کامیابی سے ہو سکتا ہے جن کا لگ جانا کسی شخص کے اختیار سے باہر ہوتا ہے یا ایسی بیماریاں جو اس کی اپنی لاپروائی کا نتیجہ ہوتی ہیں۔ مثلاً

ا۔ **حادثاتی بیماریاں**

بس اور سائیکل وغیرہ کا حادثہ ہو گیا۔ چھت سے گر پڑا۔ پتھر آن لگا۔ چھری چاقو سے ہاتھ کٹ گیا۔ سانپ یا بچھو نے کاٹ لیا۔

ب۔ **وبائی بیماریاں**

ہیضہ پھیل گیا۔ چیچک خسرہ کی وبا پھوٹ پڑی۔

ج۔ **ہنگامی بیماریاں**

ٹھنڈی ہوا لگی نزلہ زکام ہو گیا۔ تیز دھوپ سے بخار ہو گیا۔

د۔ **بدپرہیزی کی بیماریاں**

زیادہ کھا لیا بدہضمی ہو گئی۔ جنسی میلانات کی زیادتی سے بیماری پیدا ہو گئی کثرت چائے یا سگریٹ نوشی سے تکالیف پیدا ہو گئیں۔

مذکورہ بالا نوعیت کی بیماریوں کے علاج میں طبی سائنس کی خدمات قابل قدر ہیں اور نسل انسانی کو ادویات سے کثیر فائدے پہنچ رہے ہیں۔ لیکن دیرینہ نوعیت کے امراض کے علاج میں ابھی تک ادویات کے استعمال سے جو کامیابی ہوئی ہے وہ وقتی سکون یا مرض کی نوعیت میں تبدیلی یا اعضاء کی قطع و برید تک محدود ہے۔ اپنے گردوپیش ایسے مریض آپ کو ضرور ملیں گے۔ آپ ان سے بیماری کے متعلق دریافت کریں۔ وہ مندرجہ ذیل نوعیت کے بیان دے کر اس حقیقت کی تصدیق کریں گے۔

۱۔ دس بارہ سال پہلے مجھے فلاں چیز کھانے سے تپ محرقہ ہوگیا یا کسی اور وجہ سے جسم پر سخت خارش نمودار ہوئی جو بڑھتے بڑھتے داد یا چنبل کی صورت اختیار کر گئی۔ ہسپتال سے علاج کرایا تو تندرستی حاصل ہوگئی دو تین ماہ ٹھیک رہا پھر کوئی بدپرہیزی ہو جانے سے وہی حالت ہوگئی۔ اس کے بعد ایک حکیم سے مرہم لے کر استعمال کیا جس سے تندرست ہوگیا مگر اس کے بعد سر میں شدید درد رہنے لگا۔

۲ فلاں خانقاہ اور درگاہ پر حاضری دی۔ تعویذ لیا تو حالت سدھر گئی۔ لیکن چند ماہ بعد وہی تکلیف دوبارہ لوٹ آئی۔

مذکورہ بالا حقائق سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ڈاکٹر اپنی جگہ کوشش میں معروف ہیں اور مریض خود سر توڑ جدوجہد کر رہے ہیں لیکن بیماری اپنی جگہ پر مضبوطی سے ڈٹی ہوئی معلوم ہوتی ہے ایسی بیماریوں کو ہم دیرینہ بیماریاں کہیں گے۔

یہ بات تجربہ میں آئی ہے کہ عموماً مریض نہ تو یہ سمجھتا ہے کہ دیرینہ بیماری کیا ہوتی ہے اور نہ ہی اس قوت کو پہچانتا ہے جو یہ بیماری پیدا کرتی ہے۔ وہ بیان کرتا ہے کہ چند سال پہلے گاجریں کھائی تھیں اور ذیابیطس ہوگیا یا مچھلی اور دودھ اکٹھا استعمال کرنے سے برص ہوگیا یا بارش میں بھیگ جانے کی وجہ سے بائی کی دردیں شروع ہوگئیں۔ ایسے سب بیانات قیاس پر مبنی ہوتے ہیں کیونکہ ایسے امور صرف ہنگامی یا سطحی بیماریاں پیدا کر سکتے ہیں جو یا تو ادویات سے دور ہو جاتی ہیں یا مریض کے لیے مہلک ثابت ہوتی ہیں ان معمولی بدپرہیزیوں سے انسان پر دیرینہ بیماریوں کی مہیب سزا مسلط نہیں کی جاتی جس کی بدولت وہ زندگی بھر لا یموت ولا یحییٰ کا مصداق بنا رہے۔ ان حالات میں دیرینہ بیماریوں اور اس کو پیدا کرنے والی قوت کا مختصر بیان لازمی ہو جاتا ہے تاکہ اس کی واضح شکل سامنے آجائے اور بعد میں بنیادی اصول کا اطلاق عمدگی سے کیا جا سکے۔

دیرینہ بیماری میں پائی جانے والی خاص باتیں

دیرینہ بیماری جسم میں ناگہانی طور پر پیدا نہیں ہوتی۔ کوئی بھی مریض یہ نہیں کہے گا کہ وہ رات کو سویا اور صبح اٹھنے پر بواسیر کا شکار ہوگیا بلکہ وہ اپنی بیماری کی ارتقائی منازل کو بیان کرے گا۔ "پہلے ایسے محسوس ہوا پھر یوں۔ پھر اس طرح اور بالآخر یہ ہوگیا اور یہ حالت جسم پر مستقل طور پر مسلط ہوگئی" دیرینہ بیماری جس قوت کے بل بوتے پر جسم انسانی پر اثر انداز ہوتی ہے وہ قوت بھی ناگہانی

نہیں بلکہ رفتہ رفتہ پیدا ہوتی ہے اور بالآخر طاقت حاصل کرکے جسم پر مسلط ہو جاتی ہے اگر وہ قوت فوراً ہی مضبوط تر شکل میں پیدا ہوا کرتی تو بیماری بھی بتدریج نہ بڑھا کرتی بلکہ فوراً ہی پوری قوت کے ساتھ جسم پر حاوی ہو جایا کرتی۔

دیرینہ بیماری سے مریض فی الفور شفا حاصل نہیں کرسکتا۔ اگر ایسا ہو سکتا تو کوئی بھی بیماری دیرینہ بیماری نہ کہلاتی۔ دیرینہ بیماری میں پھنسنے کے لیے جو عرصہ لگتا ہے وہ چند دن یا چند ہفتے نہیں ہوتا بلکہ کئی مہینے اور کئی سال لگتے ہیں۔ یہی حقیقت مریض کے بیان سے جھلکے گی۔ ظاہر ہے کہ جو مرض اتنے لمبے عرصے میں رفتہ رفتہ مریض کو اپنی گرفت میں لیتی ہے وہ کسی چھومنتر سے پلک جھپکتے ہی رفع نہیں ہو سکتی بلکہ اس کے دفعیہ کے لیے باقاعدہ منصوبہ بندی جدوجہد اور قربانی کی ضرورت ہے۔

دیرینہ بیماری کو جسم کے ایک حصے میں مقید نہیں مانا جا سکتا۔ فرض کیا کہ ٹانگ میں ایک رسولی ہے تو صرف ٹانگ کو بیمار سمجھ کر پورا زور اسی کے علاج پر صرف کر دینا غلط ہوگا۔ کیونکہ ٹانگ ایک خود کفیل عضو نہیں جو اپنے لیے خود آکسیجن مہیا کرتا ہو۔ خود خون پیدا کرتا ہو۔ چربی اور دیگر مطلوبہ نمکیات بناتا ہو۔ ٹانگ اپنی ان ضرورتوں کے لیے پورے جسم کی محتاج ہے۔ اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ بیماری کسی چیز یعنی رسولی وغیرہ کا نام نہیں بلکہ یہ جسم کی ایک حالت کا نام ہے جس میں ذہن اور دیگر اعضاء مل کر کام کرتے ہیں تب رسولی بنتی ہے حقیقت یہ ہے کہ اگر بیماری مقامی چیز ہوتی تو ٹانگ کی خرابی سے سارا جسم متاثر نہ ہوا کرتا۔

دیرینہ بیماریاں پیدا کرنے والی قوت ! عادات:

دیرینہ بیماریوں کی خصوصیات کے مطالعہ سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ وہ ناگہانی طور پر پیدا نہیں ہوتیں اور نہ ہی فی الفور ختم ہوا کرتی ہیں۔ یہ دونوں خصوصیات انسانی عادات میں بھی پائی جاتی ہیں یعنی انسان کسی عادت کو رفتہ رفتہ اپناتا ہے اور یک لخت اسے چھوڑ نہیں سکتا۔ لہٰذا دیرینہ بیماریاں لازماً انسان کی عادات ہی کے ہیر پھیر کا نتیجہ ہوتی ہیں۔

یہ حقیقت ہے کہ انسان جس عادت کو بھی اختیار کرتا ہے وہ اس کے ذہن اور جسم پر کچھ نہ کچھ اثر ضرور ڈالتی ہے یہ اثر مفید بھی ہو سکتا ہے اور مضر بھی یہی وجہ ہے کہ نسل انسانی میں اچھی عادات اپنانے اور بری عادات ترک کر دینے کے لیے مسلسل جدوجہد جاری ہے۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ انسانی چہرے پر شرافت کا جھلکنا یا خباثت کا پایا جانا بھی عادات کے اچھا یا برا ہونے کی وجہ سے ہوا کرتا ہے۔

مندرجہ بالا حقائق کی روشنی میں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اچھی عادات جسم میں اچھائی اور بری عادات برائی پیدا کرتی ہیں۔ بری عادات کا ظہور دیرینہ بیماری کی شکل میں ہوتا ہے۔ انسان اپنی انہی عادات کے سبب بیماری کے چنگل میں پھنس جاتا ہے۔ بعد ازاں وہ عادات کو بدلنے یا سنوارنے کی بجائے ادویات کے پیچھے بھاگتا پھرتا ہے۔ وہ یہ بھول جاتا ہے کہ جب تک سبب دور نہ ہوگا نتیجہ لازماً موجود رہے گا۔

عادات کیا ہے؟

ہم کسی کام یا حرکت کو ایک ہی طریقے اور ایک ہی ترتیب سے بار بار دہراتے ہیں یا اسے ا
ذہن میں گھماتے ہیں تو کچھ عرصہ کے بعد ہمیں اس میں تجربہ حاصل ہو جاتا ہے اس طرح وہ ایک مستقل عا
بن جاتی ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ جس کام کو پہلے ہم محنت یا توجہ سے سرانجام دیتے تھے بعد م
کسی تردد یا کوفت کے بغیر کرنے لگتے ہیں اسی کو عادت کہتے ہیں۔ یاد رکھیئے عادات کو اگرچہ پختگی
حاصل ہوتی ہے لیکن انہیں بدلا، توڑا اور چھوڑا جا سکتا ہے۔ اگر عادات کا ردوبدل ممکن نہ ہو
تو برے ہمیشہ برے اور اچھے ہمیشہ اچھے رہتے۔ لیکن یہ بات مشاہدہ اور تجربے کے خلاف
عادات کی اہمیت کے پیش نظر، نیز مزید وضاحت کے لیے ہم انسانی عادات کو دو حصوں میں
کریں گے۔ پہلا حصہ ذہنی عادات اور دوسرا حصہ جسمانی عادات ہوگا

ذہنی عادات

ہر ایک شخص کی اپنی منفرد شخصیت ہوتی ہے۔ وہ سوچ، سمجھ، شعور، جذبات، احساسات
رجحانات اور میلانات کا مالک ہوتا ہے۔ وہ اپنے اور دوسرے لوگوں کے معاملات کے بار
میں ایک مخصوص طریقے سے سوچتا ہے۔ دوستوں، دشمنوں سے میل ملاپ کا ایک خاص طریقہ
ہے وہ مختلف واقعات اور وارداتوں کو اپنے انداز سے محسوس کرتا ہے۔ اس کی پسند اور ناپ
کا اپنا معیار ہے۔ الغرض اس کی طبیعت کا ایک مخصوص عمل اور ردعمل ہے۔ یہ سب باتیں ذہ
عادات میں شامل ہیں۔ مثبت کو چھوڑتے ہوئے اگر ایک شخص اپنی منفی ذہنی عادات کی فہرست تیا
کرنا چاہے تو وہ مندرجہ ذیل طرز کی ہو سکتی ہے۔

۱۔ بات بات پر غصہ ہوتا ہوں۔ معمولی بات پر بھڑک اٹھتا ہوں۔
۲۔ غمگین، پست ہمت اور ہر چیز کا تاریک پہلو دیکھنے والا ہوں۔
۳۔ شکی اور وہمی ہوں۔ احساس کمتری کا شکار ہوں۔
۴۔ لالچی اور خودغرض ہوں۔
۵۔ دوسرے لوگوں سے حسد، بغض اور نفرت رکھتا ہوں۔
۶۔ کسی بات کا خوف دل میں موجود ہے۔
۷۔ قوتِ فیصلہ کمزور ہے۔

جسمانی عادات

کھانے پینے اٹھنے، بیٹھنے، نہانے دھونے، پڑھنے لکھنے، کام کاج اور کھیل کود کے
مخصوص طریقوں کو جسمانی عادات کہیں گے۔ اہم منفی جسمانی عادات یہ ہیں۔

۱۔ پرغور رہوں مسالہ دار اشیاء کا زیادہ استعمال کرتا ہوں۔
۲۔ زیادہ چائے۔ سگریٹ۔ شکر یا نمک کا استعمال کرتا ہوں۔
۳۔ ہر وقت بیٹھے بیٹھے کام کرتا ہوں۔ ورزش سے اجتناب کرتا ہوں۔
۴۔ کئی کاموں کو بیک وقت ہاتھ میں لے لیتا ہوں۔
۵۔ بدن۔ لباس۔ بستہ اور گھر کی صفائی سے غفلت برتتا ہوں۔
۶۔ روپے پیسے کو بے جا صرف کرتا ہوں۔
۷۔ جنسی بداعتدالیوں کا شکار رہوں۔

اوپر والی فہرستوں سے ظاہر ہے کہ مریض ذہنی عادات کا ایک سیٹ رکھتا ہے اور دوسرا جسمانی عادات کا ہے ان دونوں سیٹوں کو ملا کر ایک گروپ بنتا ہے جب یہ گروپ کسی لحاظ سے متوازن گروپ نہیں رہتا تو اس کی غیر متوازن قوت ہی دیرینہ بیماری کا سبب بنتی ہے۔ اگر یہ گروپ متوازن ہوتا تو نتیجہ بیماری کی صورت میں نہ ہوتا۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ کوئی شخص بھی محض منفی عادات کا مالک نہیں ہوتا۔ دونوں قسم کی عادات مل جل ہوتی ہیں ایک شخص میں اگر منفی عادات کے مقابلے میں مثبت عادات زیادہ ہوں گی تو اس کی عام صحت پر منفی عادات کا اثر نہ ور پڑے گا۔ لیکن مثبت عادات کی برتر قوت منفی عادات کی کمتر قوت کے اثرات کو پنپنے نہیں دے گی۔ اس لحاظ سے اس کی بیماری محض ایک ناگواری کی سی کیفیت تک محدود رہے گی۔ اس کے برعکس اگر منفی عادات۔ مثبت عادات پر حاوی ہو جائیں تو نتیجہ لازماً دیرینہ بیماری کی شکل میں ہوگا۔ اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ صحت کے حصول کے لیے عادات میں اعتدال کا ہونا لازمی ہے۔ جب عادات افراط و تفریط کا شکار ہو جائیں تو نتیجہ دیرینہ بیماری کی صورت میں نکلتا ہے۔

دیرینہ بیماریوں کا علاج۔ بنیادی اصول

دیرینہ بیماریوں سے چھٹکارا حاصل کرنے کا واحد حل صحت کے بنیادی اصول میں پنہاں ہے اس پر دیانت داری سے عمل کرنے والا ہر مریض اور ہر عامل اس اصول کے حقیقی فوائد کو سراہے گا اور اس کے فائدہ مند ہونے کا ثبوت بہم پہنچائے گا۔ ہر چند کہ واضح حقیقتیں ثبوت کی محتاج نہیں ہوتیں

بنیادی اصول کے نمایاں ترین مقاصد

بنیادی اصول کے نمایاں ترین مقاصد چھ ہیں:۔
اس قوت کی دریافت جو جسم انسانی میں دیرینہ بیماریاں پیدا کرتی ہے اس کی تفصیل پہلے بیان کی جا چکی ہے یعنی یہ قوت انسان کی منفی عادات کی پیدا کردہ ہے۔

۲. بیماری پیدا کرنے والی قوت کا سدباب کرنا اور آئندہ کے لیے ایسے لائحہ عمل کا تعین کرنا جس کی مدد سے بیماری پیدا کرنے والی قوت کو توڑا جا سکے، موزوں ترین طریقے سے جسم پر بیماری کے نقصان دہ اثرات کو بتدریج کم کیا جائے اور بالآخران کو بالکل ختم کر دیا جائے تاکہ بعد میں وہ کبھی بھی ظاہر نہ ہو سکیں۔

۳. ایسا موثر، قابل عمل، مستقل طریقہ تلاش کرنا جس کے ذریعے سے دیرینہ بیماریوں پر بہتر طریقے سے قابو پایا جا سکے۔ ان کی تعداد کو کم کیا جا سکے اور ایسے طریقے کے کوئی متبادل برے اثرات بھی نہ ہوں اور نہ ہی ادویات سے پیدا شدہ بیماریوں کے خدشات باقی رہیں۔ غیر ضروری جسمانی چیر پھاڑ کو روکا جا سکے۔ نیز بیماری کو دبانے یا اس کا حلیہ تبدیل کرنے کی بجائے اس سے مستقل طور پر چھٹکارا حاصل کیا جا سکے۔

۴. ایسے قاعدے، کلیے اور اصول کی نشاندہی جس کے تحت صحت کے حصول کے لیے کم سے کم محنت اور قربانی پیش کرنی پڑے۔ مریض اپنے فہم و ادراک سے اس پر عمل پیرا ہو سکتا ہو اور اسے کسی دوسرے سے مشورے کی بھی ضرورت نہ ہو۔

۵. ایسے طریقے کا تجویز کرنا جس میں نہ تو زیادہ مالی وسائل درکار ہوں۔ نہ ہی لمبی چوڑی پرہیز کا تانا بانا ہو۔ تاکہ مضر دہ ضرر رساں بہت کے سارے چکر ختم ہو جائیں۔

۶. مریض میں ایسی سوجھ بوجھ پیدا کرنا جس کی مدد سے آئندہ دیرینہ بیماری اس پر مسلط نہ ہو سکے

بنیادی اصول پر عمل سے پہلے

بنیادی اصول پر عمل پیرا ہونے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ سب دواؤں کا استعمال ختم کر دیا جائے ہر قسم کی پرہیز کو چھوڑ دیا جائے۔ ان کی بجائے زندگی کو اعتدال کی طرف لانے کا خیال ہر وقت ذہن میں رہے۔

بنیادی اصول کی دو اہم ضرورتیں

۱۔ بیماری سے واقفیت

بیماری سے واقفیت اس اصول کی اولین ضرورت ہے۔ مریض سب سے پہلے اپنی بیماری کو جس نام سے پکارتا ہے لکھ لے۔ پھر اس بیماری کے جملہ کوائف درج کرے اس کے گھٹنے بڑھنے کا وقت۔ افاقہ و اضافہ کے محرکات۔ بھوک۔ پیاس۔ نیند۔ مختلف قسم کے علاج معالجے اور ان کے نتائج۔ غرضیکہ جسم میں موجود تمام وہ باتیں جو اعتدال سے کم یا زیادہ محسوس کرتا ہے انہیں لکھ لے ان کوائف کو بار بار پڑھ کر ذہن نشین کرے تاکہ وہ اپنی گزشتہ اور موجودہ کیفیت کا موازنہ آئندہ پیش آنے والی تبدیلیوں سے کرنے میں دقت محسوس نہ کرے

ب۔ اپنے آپ سے واقفیت

بیماری سے واقفیت حاصل کرلینے کے بعد مریض اپنے متعلق پوری پوری واقفیت حاصل کرے۔ بنیادی اصول میں یہی ایک مشکل ترین مسئلہ ہے۔ کیونکہ مریض اپنے متعلق مکمل طور پر آگاہ نہیں ہوتا۔ فرض کیا کہ وہ زود رنج ہے تو وہ اس کا جواز اس طرح پیدا کرلیتا ہے کہ ناجائز باتوں پر غصہ آجانا فطری بات ہوتی ہے وہ گندے کپڑے پہننے کا عادی ہے اور سمجھتا ہے کہ یہ گندے نہیں ہیں۔ ان حالات کی بنا پر مریض کے لیے ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ اپنی شخصیت کو جانچنے پرکھنے کے لیے اپنے ماں باپ، بیوی بچوں دوستوں اور رشتہ داروں سے مدد لے اور ان سے معلوم کرے کہ وہ کس قسم کی شخصیت کا مالک ہے جب مریض اپنے مکمل کوائف اکٹھے کرے تو اُسے چاہیے کہ وہ ان کو دو حصّوں میں تقسیم کردے۔

۱۔ ذہنی عادات

۲۔ جسمانی عادات

۔بیماری کی قوت کا توڑ۔ عادات کا ردوبدل

بیماری کی قوت کو توڑنے کے عمل کو دو مثالوں سے واضح کیا جاتا ہے۔ صابن کے بڑے بڑے اجزاء سوڈا، تیل، رنگ، چربی اور خوشبو وغیرہ ہوتے ہیں۔ ان سے کئی قسم کے صابن بنتے ہیں۔ فرض کیا جس مسالے سے لکس بنتا ہے اس میں سے کوئی سی چیز رائی کے دانے کے برابر کم کردی جائے یا تبدیل کردی جائے تو لکس ہو بہو اپنی پہلی سی خصوصیات کے مطابق نہیں رہے گا۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ فرق اتنا قلیل ہو کہ ہمیں اس تبدیلی کا شعور نہ ہو۔ لیکن فرق اپنی جگہ پر ضرور قائم رہے گا۔ مزید مثال کے لیے آپ فرض کریں کہ آپ کے پاس ایک لاکھ روپیہ ہے اس میں سے اگر ہم ایک پیسہ کم کردیں یا ایک پیسہ نکال کر اس کی جگہ اخروٹ رکھ دیں تو پہلی صورت میں نقدی پوری نہیں رہے گی۔ اور دوسری صورت میں نقدی خالص نہیں رہے گی۔

مذکورہ بالا مثالوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم دیکھتے ہیں کہ نسل انسانی کے ہر فرد کی شخصیت جس مسالے سے بنی ہے وہ اس کی عادات ہی ہیں اب اگر ان ذہنی اور جسمانی عادات کے ساتھ ہی ساتھ کوئی دیرینہ بیماری بھی جسم میں موجود ہے تو وہ بیماری اپنی عادات ہی کی کارگزاری کا نتیجہ ہوگی۔ پس اگر ایک مریض اپنی ذہنی اور جسمانی عادات میں سے کوئی معمولی سے معمولی عادت کم کر ڈالے یا تبدیل کردے تو لازماً وہ ہو بہو اپنی پہلی حالت کے مطابق نہیں رہے گا۔ بلکہ اس کے پورے جسم میں تبدیلی واقع ہو گی اور وہ تبدیلی اس کے دیرینہ مرض پر بھی اثر انداز ہوگی۔

دیرینہ بیماری سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے لازمی ہے کہ ہم اپنی پہلے سے ترتیب دی ہوئی منفی عادات میں سے کم سے کم ایک ذہنی اور ایک جسمانی عادت کا انتخاب کرلیں اور ان دونوں کی معیاری متبادل عادات یا متضاد عادات کو اپنا کر پرانی عادات کو قطعاً ختم کر ڈالیں۔ یاد رکھئے کہ محض

جو ہر ہمہ مو ہمیتی

چند عادات کی تبدیلی سے ہی عادات کا سیٹ ٹوٹ جاتا ہے جس کے نتیجے میں اس کی قوت تہ ہہ تر ہو جاتی ہے۔

بہترین نتائج کے حصول کے لیے لازمی ہے کہ جو ذہنی اور جسمانی عادات ترک کرنے کے لیے منتخب کی جائیں وہ اہم منفی عادات ہوں۔ ان کی جگہ نئی عادات کو اپنا کر انہیں شخصیت کا جزو بنا لیا جائے یہ حقیقت پھر بھی اپنی جگہ پر قائم ہے کہ حقیر تر عادت کو چھوڑ دینے یا تبدیل کر دینے سے بھی صرف اس دیرینہ بیماری پر اثر پڑے گا بلکہ شخصیت پر بھی نمایاں اثر محسوس ہوگا۔ فرض کیا ایک شخص صبح سویرے اٹھ کر آسمان کی طرف دیکھ کر ڈکار لینے کا عادی ہے تو اس عادت کو بھی چھوڑ دینے سے بیماری پر اثر ہوگا لیکن ایسی صورت میں عرصہ دراز یا دہ درکار ہوگا کیونکہ یہ عادت ایک تو ذہنی نہیں ہے۔ دوسرے اہم نہیں ہے۔

متضاد عادات کا معیار

متضاد عادات کے انتخاب میں ہمیں یہ بات مدنظر رکھنی چاہیئے کہ وہ کسی لحاظ سے مذموم نہ ہوں حتی الامکان وہ مذہبی اور اخلاقی قدروں کو فروغ بخشنے والی ہوں۔ لہذا یہ کہنا ایک مضحکہ خیز بات ہوگی کہ چونکہ میں سچ بولتا ہوں اب متضاد عادت کو اپنانے کے لیے جھوٹ بولنا شروع کر دوں۔ البتہ اگر وہ جھوٹ بولنے کا عادی ہے تو وہ ضرور سچ بولنے کی عادت کو بطور متضاد اپنائے کیونکہ اصل مقصد تو منفی عادات کو کم کرنا یا بالکل ختم کرنا ہے۔ مزید وضاحت کے لیے سمجھ لینا چاہیے کہ اگر ایک آدمی مسخرہ ہے تو سنجیدگی کو اپنائے سنجیدہ ہونے کی صورت میں وہ خوش مزاجی کو اپنائے نہ کہ مسخرہ پن کو جو کہ انسانی وقعت کو گھٹا دینے والی عادت ہے۔

صحت کے حصول کے لیے ہمیں اعتدال کی طرف جانا چاہیے۔ مندرجہ بالا عمل ہمیں متضاد عادات اپنانے کی دعوت دیتا ہے یہ بات بھی اعتدال کے اصول کے خلاف ہے نیز اس پر عمل پیرا ہونا بھی مشکل ہے فرض کیا ذہنی لحاظ سے ایک شخص زود رنج ہے اس کے لیے فوراً ہی خوش مزاجی کو اپنا لینا واقعی مشکل ہے تاہم اس حقیقت سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ جسم انسانی میں راسخ شدہ عادات کی ایک طاقت ہوتی ہے اس طاقت کے مقابلہ کے لیے ایک دوسری طاقت کو تیار کرنا ہے اور بعد میں اس کے مقابلہ پر لا کھڑا کرنا ہے۔ یہ طاقت صرف متضاد عادات کو اپنانے سے ہی حاصل ہو سکتی ہے۔

ہمیں عادات کے اس اصول کو بھی نہیں بھولنا چاہیئے کہ انہیں توڑنے کے لیے ان کی مخالف عادات کو ہی اپنانا پڑتا ہے۔ ایسا کرنے سے آدمی اعتدال پر پہنچ کر رک سکتا ہے حالانکہ اعتدال بھی گوارا ہے مقصود نہیں۔ بالغرض وہ شخص اعتدال کی حد سے گزر ہی جاتا ہے تو وہ جس بیماری کے لیے یہ عمل کرے گا وہ تو اس کے جسم میں ہرگز باقی نہیں رہے گی۔ کیونکہ وہ تو اس کی گزشتہ عادات کے ساتھ ہی رہ سکتی ہے اعتدال کے بارے میں یہ بات قابل ذکر ہے کہ مادی و جسمانی عادات و محرکات کے لیے تو اعتدال نہایت اہم ہے لیکن ذہنی عادات کو معیار کے لحاظ سے بہترین تک لے جانا مقصود ہے۔ مثلاً ایک آدمی پُر خور ہے تو اس کو اعتدال پر پہنچنا چاہیے۔ لیکن اگر ایک آدمی غمگین رہتا ہے تو اُسے بھرپور طور پر خوش مزاجی کو اپنانا چاہیئے

اس صورت میں اعتدال پر رکھا نہیں چاہیئے۔

اپنے اپنے مرض کا اپنا اپنا علاج

فرض کیا کہ اسلم، سلام اور سلیم تینوں کو بائی کی درد ہیں۔ ذہنی عادات کے لحاظ سے وہ تینوں غمگین، کام کو ٹلنے والے اور زود رنج ہیں۔ گویا کہ تینوں کی ذہنی عادات ایک جیسی ہیں اس کے باوجود ان میں سے ہر ایک کا علاج مختلف اور منفرد طریقوں سے ہو سکتا ہے۔ فرض کیا اسلم کام کو ٹلنے والی عادت کو دور کرتا ہے۔ سلام خوش رہنا شروع کر دیتا ہے اور سلیم تحمل کو اپنا لیتا ہے کیونکہ وہ اپنی انہی عادات کو تبدیل کرنا نسبتاً آسان سمجھتے ہیں تو تینوں کا چناؤ درست ہو گا اور ان میں سے ہر ایک کا بائی کے دردوں کا علاج کامیابی کے ساتھ پایۂ تکمیل کو پہنچے گا۔

ادویات کا عادات پر اثر

یہ بات کسی حد تک درست ہے کہ ادویات سے عادات متاثر ہوتی ہیں اور ان کو بدلا جا سکتا ہے جن سے بالآخر انسان صحت کی طرف گامزن ہو جاتا ہے لیکن یہ تجربہ ناکام ہو چکا ہے کیونکہ مریض یہ سمجھتا ہے کہ دوا ہی سب کچھ کریں اور اُسے ذاتی طور پر سدھرنے کی کوفت برداشت نہ کرنا پڑے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مریض زندگی بھر ادویات کے بھنور میں پھنسا رہتا ہے اور ادویات سے محض عارضی فائدے کے حصول کا ذکر کرتا ہے۔

چند مستثنیٰ بیماریاں

باہر سے کوئی چیز جب انسانی جسم پر اثر انداز ہوتی ہے تو وہ مسئلہ طبی نہیں رہتا بلکہ حفظانِ صحت کا معاملہ بن جاتا ہے مثال کے طور پر مچھر بھی کاٹ رہا ہے اور ملیریا کا علاج بھی شروع ہے یا نم آلود کمروں میں مستقل رہائش ہے اور دردوں کا علاج بھی ہو رہا ہے۔ ایسی صورتوں میں بنیادی اصول سے مدد حاصل نہیں کی جا سکتی تاوقتیکہ پہلے ان وجوہات کا ازالہ نہ کر لیا جائے جو بیماری کی باعث ہیں۔

بچوں، پاگلوں اور موروثی مریضوں کی بیماریاں اس قاعدے سے مستثنیٰ ہیں کیونکہ بچوں میں عادات و رجحانات راسخ نہیں ہوتے۔ اس لیے ان کی بیماریاں دیرینہ نہیں ہوتیں۔ موروثی بیماریوں کے تقاضے بھی عام حالات سے مختلف ہوتے ہیں۔ لہٰذا ان پر تفصیلی بحث کی ضرورت ہے جس کی یہاں گنجائش نہیں پاگل پن اور ہسٹریا کے مریض بھی اس اصول کے تحت نہیں آ سکتے کیونکہ انہیں اپنی عادات کا شعور نہیں ہوتا۔

لُبِ لباب

دیرینہ بیماری جو جسم انسانی میں ٹھکانا کر لیتی ہے۔ وہ انسان کی مجموعی عادات کی خرابیوں کا نتیجہ ہوتی ہے اس بیماری سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے ادویات قطعاً موثر علاج ثابت نہیں ہو سکتیں۔ کامل صحت

صحت کے بنیادی اصول سے عادات کا تبدیل کرنا لازمی ہے منفی عادات میں سے مجموعی عادات کے حصول کے لیے
یہی مراد ہے جس بیماری کے لیے اس اصول کو عمل میں لایا جاتا ہے اس میں زوال کے آثار چار سے چھ
ہفتے کے اندر ظاہر ہو جاتے ہیں۔ بفرض محال اگر اس عرصے میں بہتری ظاہر نہ ہو تو ایک مزید ذہنی عادت
کو تبدیل کے عمل میں شامل کر لینا چاہیے اس میں شک نہیں کہ عادات کو تبدیل کرنا مشکل بیان کیا جاتا ہے
لیکن کامل صحت کے حصول کے لیے اس کے علاوہ کوئی چارہ کار نہیں۔ اس مسئلہ کے صرف دو ہی حل ہیں
یا تو عادات کو تبدیل کریں یا مرض کو گلے سے لگائے رکھیں۔ تیسرا کوئی حل موجود نہیں ہے۔

ادویات ہدایات تعلقات

چند اہم نکات

۱۔ علامات کے مطابق اگر ادویات خاطر خواہ کام نہ کریں تو ہم کیا کرتے ہیں:۔

ا۔ دوا کی پوٹنسی کو کم و بیش کرتے ہیں۔

ب۔ سورا کی صورت میں سلفر یا سورینم، آتشکی مریضوں میں مرک سال، سفلینم اور سوزا کی مریضوں میں تھوجا یا میڈورینم دیتے ہیں۔

ج۔ مریض کچھ وقت کے لیے بہتر ہو جائے پھر صحت یابی رک جاتے، بار بار علامات عود کر آئیں۔ تو سلفر، سورینم، کاسٹیکم یا گریفائٹس دیتے ہیں۔

د۔ بعض صورتوں میں کاربو ویج یا اوپیم کی ضرورت پڑتی ہے۔

مزمن امراض

۲۔ مزمن امراض کا علاج شروع کرنے کے لیے پلساٹیلا، کلکریا کارب، سلفر اور لائیکوپوڈیم بہترین ادویات ہیں۔

۳۔ بعض صورتوں میں مزمن امراض میں ادویات کا ایک گروپ مل کر کیس کو مکمل کرتا ہے جو ایک مقررہ ترتیب سے دی جاتی ہیں کیونکہ ترتیب کا الٹ پھیر نقصان دہ ہوتا ہے۔ مثلاً

سلفر ← کلکیریا کارب ← لائیکوپوڈیم ← سلفر ←

سلفر ← سارسپریلا ← سیپیا ← سلفر ←

آرنیکا ← رسٹاکس ← کلکیریا کارب ← آرنیکا ←

کالوسنتھ ← کاسٹیکم ← سٹفی سائیگریا ← کالوسنتھ ←

پہلی دس ادویات

۴۔ ہومیو پیتھی کی اوّل درجہ کی دس ادویات مندرجہ ذیل ہیں۔

ایکونائٹ۔ آرسنک البم۔ بیلاڈونا۔ برائی اونیا۔ اپی کاک۔ مرک سال نکس وامیکا۔ پلساٹیلا۔ سلفر اور رسٹاکس

۵۔ دس اوّلین ادویات نیچے دی ہوئی تفصیل کے مطابق ادل بدل کر، باری باری یا آگے پیچھے دی جا سکتی ہیں:۔

ادویات تعلقات

ایکونائٹ۔ سلفر

آرسنک البم۔ برائی اونیا۔ بیلاڈونا۔ پلساٹیلا۔ سلفر۔ رسٹاکس

بیلاڈونا۔ آرسنک البم۔ مرک سال۔

برائی اونیا۔ آرسنک البم۔ سلفر۔ رسٹاکس۔

اپی کاک۔ مرک سال۔

مرک سال۔ بیلاڈونا۔ نکس وامیکا۔ اپی کاک۔

نکس وامیکا۔ مرک سال۔ سلفر۔

پلساٹیلا۔ آرسنک۔ رسٹاکس۔

سلفر۔ ایکونائٹ۔ آرسنک البم۔ برائی اونیا۔ نکس وامیکا۔

رسٹاکس۔ برائی اونیا۔ آرسنک البم۔ پلساٹیلا۔

۶۔ پوٹنسی

عام حالات میں 30 پوٹنسی میں دوا استعمال کی جاتی ہے اگر مرض پرانا ہو تو 200 پوٹنسی یا 1000 اور اس سے اوپر کی پوٹنسیاں کام آتی ہیں 200 اور اس سے اوپر اونچی طاقت کی دوائیں مانی گئی ہیں۔ لہذا ان کی دوہرائی لمبے وقفوں سے صرف اس صورت میں کی جاتی ہے۔ جبکہ پہلے دی ہوئی دوا کے نتائج ایسا کرنے کا تقاضا کریں۔ غیر ضروری طور پر ان کی دوہرائی نقصان دہ ہوتی ہے۔

ا

ادویات	مددگار دوائیں	دافع اثر دوائیں	دشمن دوائیں
آرسنکالبم	پلساٹیلا۔ سلفر۔ رسٹاکس فاسفورس۔ تھوجا۔ سکیل کار نیکیس	اوپیم۔ چائنا۔ ہیپرسلفر۔ نکس وامیکا کیمفر۔ اپی کاک۔ فیرم میٹ۔ گریفائٹس آئیوڈیم۔ ویریٹرم البم	
آرنیکا	کلکیریا کارب۔ نیٹرم سلف سورینم۔ رسٹاکس۔ سلفیورک ایسڈ ویریٹرم البم	کیمفر۔ کافیا۔ چائنا۔ اگنیشیا	
نوٹ: برائی اونیا اور رسٹاکس اس دوا کے بعد اچھا کام کرتی ہیں۔			
اپی کاک ارجنٹم نائٹ	کیوپرم میٹ سیپیا۔ کالی کارب۔ لائیکو۔ سیلشیا	نکس وامیکا۔ ٹبیکم آرسنک آئیوڈائیڈ	چائنا۔ اوپیم۔ بسمتھ
اگنیشیا	رسٹاکس۔ فاسفورس۔ سلفر نیٹرم میور۔ سیپیا۔ فاسفورک ایسڈ	کیمومیلا۔ کاکولس۔ کیمفر۔ آرنیکا	کافیا۔ نکس وامیکا
نوٹ: نیٹرم میور۔ اگنیشیا کا مزمن ہے کمزوری میں اگنیشیا فائدہ نہ کرے تو فاسفورک ایسڈ دیں۔			
اوپیم	ایلومینا۔ برٹیا کارب۔ برائی اونیا۔ فاسفورس۔ پلمبم	اپی کاک۔ نکس وامیکا	
ایکونائٹ	سلفر۔ آرنیکا۔ بیلاڈونا۔ برائی اونیا سپنجیا۔ فاسفورس۔	نکس وامیکا۔ سم سی فیوگا	
ایپس	برٹیا کارب۔ آرسنک البم۔ پلساٹیلا آرنیکا۔ نیٹرم میور	کینتھرس۔ اپی کاک۔ لیکیسس۔ لیڈم	رسٹاکس۔ فاسفورس
سلفر اور نیٹرم میور اس دوا سے پہلے اور اس کے بعد اچھا کام کرتی ہیں۔			
اگنس کاسٹس	کیڈمیم۔ سیلنیم	کیمفر۔ نیٹرم میور	
ایلوز	—	اوپیم۔ لائیکوپوڈیم۔ نکس وامیکا۔ سرکہ	ایلیم سیپا
ایتھوزا	کلکیریا کارب	—	
ایلیم سیپا	پلساٹیلا۔ فاسفورس۔ سارسپریلا	نکس وامیکا۔ آرنیکا۔ کیمومیلا۔ ویریٹرم البم۔ کافیا۔	ایلوز
ایلومینا	برائی اونیا۔ فیرم میٹ	پلساٹیلا۔ اپی کاک۔ کیمومیلا۔ کیمفر	

ادویات	مددگار دوائیں	دافع اثر دوائیں	دشمن دوائیں
انتم ٹارٹ	فاسفورس۔ برئیٹا کارب	پلساٹیلا۔ سیپیا۔ چائنا۔ اوپیم۔ کاکولس ہیپرسلفر۔ کلکیریا۔ مرک سال۔	کالی سلف
(ب)			
برائی اونیا	سلفر۔ رسٹاکس۔ لائیکوپوڈیم۔ سیپیا	ایکونائٹ۔ نکس وامیکا۔ پلساٹیلا کیمفر۔ کیموملا	
	نوٹ:۔ سلفر اس دوا سے پہلے اور بعد اچھا کام کرتی ہے۔ کالی کارب برائی اونیا کی بڑی مددگار ہے۔ نیٹرم میور۔ برائی اونیا کی مزمن ہے اور اس کے بعد اچھا کام کرتی ہے۔		
بربرس ولگرس	لائیکوپوڈیم۔	کیمفر۔ بیلاڈونا۔ کیموملا	
برئیٹا کارب	سلیشیا۔ سوڈیم۔ ڈلکامارا	بیلاڈونا۔ کیمفر۔ مرک سال۔ زنکم میٹ	کلکیریا کارب
	نوٹ:۔ برئیٹا کارب اور ڈلکامارا ایک دوسرے کی بڑی مددگار ہیں۔		
بیلاڈونا	کلکیریا۔ بورکس۔ مرک سال۔ نیٹرم میور	ایکونائٹ۔ پلساٹیلا۔ کیمفر۔ اوپیم۔ کافیا۔ ہائیوسائمس	
(پ)			
پیٹرولیم	سیپیا	نکس وامیکا۔ ایکونائٹ۔ کاکولس۔ فاسفورس	نکس موشکاٹا۔ کلکیریا سلف
پلساٹیلا	کالی سلف۔ آرسنک البم۔ برائی اونیا۔ لائیکوپوڈیم۔ سلیشیا۔ کالی باتی۔	نکس وامیکا۔ کافیا۔ کیموملا۔ اگنیشیا	
پلمبم	سیپیا۔ زنکم میٹ رسٹاکس	پلاٹینا۔ ایلومینا۔ پیٹرولیم۔ سلفیورک ایسڈ زنکم میٹ	
پوڈوفائیلم	سلفر۔ کلکیریا کارب۔ نیٹرم میور	نکس وامیکا۔ کالوسنتھ	
(ت ٹ)			
تھوجا	آرسنک البم۔ سلیشیا۔ میڈورینم مرک سال۔ نیٹرم میور۔ نیٹرم سلف نائٹرک ایسڈ	کاکولس۔ کالچیکم۔ سٹفی سائیگریا	
ٹیوبرکلینم	کلکیریا۔ چائنا۔ برائی اونیا۔ سوڈیم سلفر کالی سلف۔ سیپیا		

ادویات	مددگار دوائیں	دافع اثر دوائیں	دشمن دوائیں
ج چ			
جیلسیمیم	سیپیا۔ ارجنٹم نائٹ۔ بیپٹیشیا۔ کلکیریا فاس۔ کاربوویج	نیٹرم میور۔ کافیا۔ ڈجی ٹیلس۔ یوپیٹیوریم پرف۔ نکس وامیکا	ڈجی ٹیلس، سیلنیم کریازوٹ
چیلیڈونیم	کالی کارب لائیکوپوڈیم۔ برائی اونیا۔ مرک سال	پلساٹیلا۔ سیپیا۔ سلفر۔ دریٹرم البم ایکونائٹ۔ کیموملا۔ کیمفر۔ کافیا	
ڈ ر ز			
ڈروسرا	کاربوویج۔ نکس وامیکا۔ سلفر	کیمفر	
رسٹاکس	برائی اونیا۔ کلکیریا فلور۔ فائٹولیکا۔ کلکیریا کاسٹیکم۔ لائیکوپوڈیم۔ میڈورینم۔ فاسفورس۔ پلساٹیلا۔ سلفر	کیمفر گریفائٹس۔ لیکیسس۔ لیڈم پال اناکارڈیم۔	اپیس
روٹا	کلکیریا فاس۔	کیمفر	
زنکم میٹ	پلساٹیلا۔ سیپیا۔ سلفر۔ کلکیریا فاس	کیمفر۔ ہیپر سلفر۔ اگنیشیا	کیموملا۔ نکس وامیکا
س			
سارسپریلا	ایلیم سیپیا	بیلاڈونا	ایسٹک ایسڈ
سائنا	کلکیریا کارب۔ ڈروسرا۔ سلفر	کیمفر۔ کیپسیکم۔ چائنا	
سٹفی سیگریا	کاسٹیکم۔ کالوسنتھ	کیمفر	رینن کولس بلب
سلفر	ایلوز۔ سورینم۔ ایکونائٹ۔ آرسنک البم بیلاڈونا۔ کلکیریا کارب۔ پائروجنیم	کیمفر۔ کیموملا۔ چائنا۔ تھوجا	نکس موشکاٹا کلکیریا سلفر سے پہلے
	نوٹ: ۱۔ دبی ہوئی جلدی امراض میں سلفر کے فیل ہو جانے پر سورینم دیں ۲۔ سیپیا اور سلفر ایک دوسرے کے بعد اچھا کام کرتے ہیں۔ ۳۔ سلفر اور کاسٹیکم ایک دوسرے کے بعد اچھا کام کرتے ہیں خصوصاً مزمن امراض میں۔		
سلیشیا	تھوجا۔ پلساٹیلا۔ لائیکو۔ فاسفورس	کیمفر۔ فلورک ایسڈ	مرک سال۔ نکس موشکاٹا
	نوٹ: اکیلی خوراک میں بہترین کام کرتا ہے۔		

ادویات تعلقات

ادویات	مددگار دوائیں	دافع اثر دوائیں	دشمن دوائیں
سورینم	سلفر۔ ٹیوبرکلینم۔ سیپیا۔ بیسی لینم	کافیا	کونیم۔ لیکیسس۔ سیپیا
سیپیا	نیٹرم میور۔ فاسفورس۔ نکس وامیکا۔ نائٹرک ایسڈ۔ نیٹرم کارب۔ نیٹرم فاس۔ سورینم۔ سباڈیلا	ایکونائٹ۔ انٹم کروڈ۔ انٹم ٹارٹ۔ رسٹاکس	لیکیسس۔ پلساٹیلا۔ برائی اونیا
	نوٹ: سیپیا اور سلفر ایک دوسرے کے بعد اچھا کام کرتے ہیں		
سنگونیریا سیکیل کار	انٹم ٹارٹ۔ فاسفورس آرسنک البم۔ تھوجا۔	کیمفر۔ اوپیم	چائنا۔ ایکونائٹ۔ آرسنک۔ پلساٹیلا۔ بیلاڈونا۔ مرک سال
ف			
فاسفورس	ایلیم سیپا۔ کاربوویج۔ اپی کاک۔ لائیکوپوڈیم۔ سلیشیا۔ کالی کارب۔ سنگونیریا۔ سلفر	کیمفر۔ کافیا۔ نکس وامیکا۔ میزیریم	کاسٹیکم۔ ایپس
	نوٹ۔ فاسفورس اگر علامات کے مطابق کام نہ کرے تو کالی فاس دیں		
فاسفورک ایسڈ فیرم فاس فیرم میٹ	چائنا۔ برائی اونیا۔ نیٹرم میور۔ ایلومینا۔ ہیمامیلس۔	کافیا۔ کیمفر۔ سلفر۔ سٹفی سائیگریا پلساٹیلا۔ ہیپر سلفر۔ آرنیکا۔ بیلاڈونا۔ اپی کاک	ایسٹک ایسڈ
ک			
کاربوویج کاسٹیکم	کالی کارب۔ ڈروسیرا۔ چائنا۔ فاسفورس۔ کاربوویج۔ گریفائٹس۔ سٹفی سائیگریا۔ مرک کار۔ لیکیسس	کیمفر۔ کافیا۔ فیرم میٹ۔ کافیا۔ ڈلکامارا۔ نکس وامیکا	کاسٹیکم۔ کریازوٹ
	نوٹ: ۱۔ کاسٹیکم اور سلفر ایک دوسرے کے بعد اچھا کام کرتے ہیں خصوصاً مزمن امراض میں ۲۔ شدید قسم کی اعصابی دردوں میں دوسری ادویات فیل ہو جائیں تو کاسٹیکم دیں۔		

دویات	مددگار دوائیں	دافع اثر دوائیں	دشمن دوائیں
...فیا	ایکونائٹ	سلفر. نکس وامیکا. کیمومیلا. مرک سال	کیمفر. کاسٹیکم. کالوسنتھ. اگنیشیا. کینتھرس
...وسنتھ ...ی بائی ...ی کارب	مرک سال فاسفورس. سورینم کاربوویج. نکس وامیکا	کافیا. کیمومیلا. کیمفر. اوپیم لیکیسس. پلساٹیلا	
	نوٹ: ۱. سلفر اس دوا سے پہلے اور بعد اچھا کام کرتا ہے ۲. نائٹرک ایسڈ کالی کارب کے بعد بہترین کام کرتا ہے		
...ازوٹ ...کارب	آرسنک البم. فاسفورس. سلفر بیلاڈونا. رسٹاکس. لائیکوپوڈیم سلیشیا. برٹیا کارب.	نکس وامیکا. ایکونائٹ. فیرم میٹ کیمفر. اپی کاک. نائٹرک ایسڈ. نکس وامیکا. چائنا. ہیپر سلفر. سیپیا	کاربوویج برائی اونیا. سلفر
	نوٹ: معمر لوگوں میں اس کی دہرائی نہ کی جائے خصوصاً اگر پہلی خوراک سے فائدہ پہنچا ہو۔ ایسا کرنا نقصان دہ ہوگا۔		
...مومیلا	فاسفورس. سلیشیا. برٹیا میور نیٹرم میور. بیلاڈونا. میگ کارب	کافیا. ڈلکامارا. نائٹرک ایسڈ. سائنا. کیلیڈیم. کیمفر. سلفیورک ایسڈ کیمفر. نکس وامیکا. ایکونائٹ. بوریکس کافیا. کالوسنتھ	سورینم زنکم میٹ نکس وامیکا
...تھورس ...رم میٹ	ایپس کلکیریا. آرسنک البم. آئیوڈیم ویٹرم البم	ایکونائٹ. پلساٹیلا بیلاڈونا. ہیپر سلفر. کیمفر. کیموميلا پوٹا. نکس وامیکا.	کافیا

گ

دویات	مددگار دوائیں	دافع اثر دوائیں	دشمن دوائیں
...فانس	ارجنٹم نائٹ. کاسٹیکم. ہیپر سلفر سلفر. لائیکوپوڈیم. تھیوبرکیلنم فیرم میٹ.	نکس وامیکا. ایکونائٹ. چائنا.	
...نائن	بیلاڈونا.	ایکونائٹ. کیمفر. کافیا. نکس وامیکا	

ل

دویات	مددگار دوائیں	دافع اثر دوائیں	دشمن دوائیں
...کوپوڈیم	چیلیڈونیم. سلفر. لیکیسس.	کیمفر. چائنا. کاسٹیکم. ایکونائٹ. کیمومیلا	کافیا. نکس موشکاٹا

ادویات	مددگار دوائیں	دافع اثر دوائیں	زہر جیسی دوائیں
لیڈم پال لیکیسس	کالی کارب۔ آئیوڈیم۔ اگنیشیا۔ اپی کاک۔ کلکیریا۔ فاسفورس۔ سیپیا لائیکوپوڈیم۔ ہیپر سلفر۔ نائٹرک ایسڈ فاسفورس۔ زنکم میٹ۔ آئیوڈیم کلکیریا کارب۔ کاربوویج	کیمفر۔ رسٹاکس۔ مرک سال	سیپیا، سورینم
	م۔ ن		
مرک سال	بیلاڈونا سیپیا۔ سلفر۔ نائٹرک ایسڈ	میزریم۔ سلفر۔ سائیگیریا	سلیشیا، لیکیسس
	نوٹ: اگر مرک سال فیل ہو جائے تو نائٹرک ایسڈ دیں۔ اگر یہ دوا جزوی طور پر کام کرے تو آرسنک البم دیں۔		
نائٹرک ایسڈ	آرسنک البم۔ کیلیڈیم۔ سیپیا لائیکوپوڈیم	کونیم۔ ہیپر سلفر۔ مرک سال۔ میزریم پٹرولیم۔ سلفر۔	لیکیسس لائیکوپوڈیم، نکس وامیکا پلساٹیلا
نکس موشکاٹا	کلکیریا کارب	کیمفر۔ جیلسیمیم۔ زنکم میٹ۔	
نکس وامیکا	سیپیا۔ برائی اونیا۔ کونیم۔ کالی کارب فاسفورس۔ پلساٹیلا۔ سلفر	کافیا۔ اگنیشیا۔ کاکولس۔ کیمفر۔ تھوجا آرسنک البم۔ بیلاڈونا۔	[illegible] دوائیں
نیٹرم کارب	سیپیا	آرسنک البم۔ کیمفر	
نیٹرم میور	ایپس۔ کیپسیکم۔ ارجنٹم نائٹ	آرسنک البم۔ فاسفورس نکس وامیکا کیمفر	
	و، ہ، ی		
ویراٹرم البم ہیپر سلفر ہیمامیلس یوپیٹوریم پرف	کاربوویج۔ آرنیکا آئیوڈیم۔ کیلنڈولا فیرم میٹ۔ فلورک ایسڈ نیٹرم میور۔ سیپیا	ایکونائٹ۔ کیمفر۔ چائنا بیلاڈونا۔ کیمومیلا۔ ایسٹک ایسڈ آرنیکا۔ کیمفر۔ چائنا۔ پلساٹیلا	